برطانوی برصغیر پاک و ہند
1948 تک

اعداد و شمار کی روشنی میں

تصنیف و تالیف
منصور احمد صدیقی

برطانوی برصغیر پاک و ہند 1948 تک
اعداد و شمار کی روشنی میں
تصنیف و تالیف
منصور احمد صدیقی

منصور احمد صدیقی کی یہ تیسری کتاب ہے۔ اس سے پہلے ان کی دو کتابیں "انساب صدیقی" اور "لسانی و مذہبی تنازعات" علمی و ادبی حلقوں میں انتہائی مقبولیت حاصل کر چکی ہیں۔

تاریخ پر یہ اعتراض ہوتا رہا ہے کہ یہ حکمرانوں کی تاریخ ہوتی ہے عوام کی نہیں یہ اعتراض بالخصوص برصغیر کی تاریخ پر نہایت آسانی سے صادق آتا ہے۔ ترقی یافتہ ملکوں میں اب تاریخ نویسی کا انداز بدل چکا ہے کہ وہاں تحقیق اور ریکارڈ محفوظ کرنے کا رواج ہے۔ جبکہ ہمارے ملک میں اگر کوئی موجود بھی ہیں تو وہ اس قدر بکھرے ہوئے ہیں کہ ان کا سراغ اور ان کی دستیابی میں سالہا سال لگ جائیں۔

مصنف نے انتہائی محنت سے ایسے اعداد و شمار کو پیش کیا ہے جنکی مدد سے برصغیر کے عوام کی صحیح تصویر سامنے آسکتی ہے۔ برصغیر کی تقسیم سے پہلے اور بعد میں (1948ء تک) انگریزوں کے عمل دخل اور معاشرتی و سماجی حالت کے اعداد و شمار' ہندوستان پاکستان میں پیدا ہونے والی دوسری اور اس کے بعد پیدا ہونے والی نسلوں کے لئے اہم دستاویز کی حیثیت رکھتے ہیں۔ مستند تاریخی حوالوں سے برصغیر کے سب صوبوں کی آبادی' مذہب' زرعی و معدنی وسائل کی کیفیت' اقتصادی حالات' تعلیمی اداروں کی صورت حال اور زبان کے علاوہ نئی مملکتوں کے 14 اگست 1947 کے وقت کے حالات' اسمبلیاں' کیبنٹ' بیورو کریسی' سیاسی زعماء کا تعارف' ریاستوں اور ان کے سربراہوں کا تعارف اور خاتمہ شامل ہے۔

برصغیر میں انگریزوں کی آمد اور اس کے بعد حکمرانی کرنے والے انگریز زعماء کی تفصیل' تقسیم کے بعد بھارت کی قومی اور صوبائی اسمبلیوں میں مسلمان اراکین کے علاوہ بہت سے ایسے شعبوں کے اعداد و شمار شامل ہیں جو پاک بھارت کی آزاد مملکتوں کو ورثہ میں ملے اور جنکی بنیاد پر ہی دونوں ممالک نے اپنے نئے سفر کا آغاز کیا۔ ان ہی اعداد و شمار کو دیکھ کر آج ہم اندازہ کر سکتے ہیں کہ اب ہم کہاں کھڑے ہیں۔

طالب علموں' محققین اور مختلف شعبوں سے تعلق رکھنے والے افراد کیلئے یہ اعداد و شمار انتہائی دلچسپی کا باعث ہوں گے۔ اپنی نوعیت کے اعتبار سے یہ چھوٹا سا انسائیکلو پیڈیا اور پاک بھارت کی آزادی کی گولڈن جوبلی کے موقع پر تحفہ بھی ہے۔

ناشر

برطانوی عہد سے برصغیر پاک و ہند 1948 تک

اعداد و شمار کی روشنی میں

برصغیر کی تقسیم سے پہلے انگریزوں کے عہد حکومت اور 1948ء تک ان کے عمل دخل اور معاشرتی و سماجی حالات کی تفصیلات اور اعداد و شمار کے علاوہ پاکستان و بھارت کی نئی مملکتوں کی آبادی' مذہب' زرعی و معدنی وسائل ' اقتصادی حالات ' تعلیمی اداروں کی صورتحال ' زبان اسمبلیوں ' کیبنٹ 'بیوروکریسی اور ریاستوں کے بارے میں مستند تاریخی حوالوں سے مزین منفرد کتاب

تالیف

فرحانہ کے نام

نام کتاب برطانوی برصغیر پاک وہند 1948ء تک (اعدادوشمار کی روشنی میں)

مصنف منصوراحمد صدیقی

ناشر منصوراحمد صدیقی

ڈیزائن سرورق یمانی پرنٹرز

کمپوزنگ ورڈٹیک کمپوزوگرافکس ۔ 14 مال پلازہ، راولپنڈی کینٹ۔

پرنٹر یمانی پرنٹرز، 25 ہجویری پارک، لاہور ۔

طبع اول جون 2000ء

صفحات 576

تعداد 1100

قیمت Rs. 450.00

ملنے کا پتہ :

مکتبہ تنویرالقرآن، 5 حق نواز سٹریٹ،

اردو بازار، لاہور۔ فون نمبر: 7312913

فہرست مضامین

متفرق موضوعات

بسم اللہ الرحمن الرحیم

ابتداء

علم تاریخ اصطلاح میں اس علم کا نام ہے جس کے ذریعے مشہور شخصیتوں کے حالات اور گزرے ہوئے مختلف زمانوں کے عظیم الشان واقعات معلوم ہو سکیں لغت میں تاریخ کے معنی وقت کے نشاندہی کرنا یا وقت بتانا ہیں اصطلاحا" اس کے معنی ہیں وقت بتا کر احوال متعین کرنا ماضی میں ہونے والے واقعات جنہوں نے تاریخ میں کوئی تبدیلی کی ہو یا جن کی سیاسی معاشرتی اور معاشی اہمیت ہو ایسے واقعات کو ترتیب و تدوین کر کے سندوار بیان کرنا تاریخ کے دائرے میں آتا ہے چونکہ ابتداء میں تاریخ محض حکمران طبقوں کی سرگرمیوں تک محدود تھی اس لئے وہ اہم موضوعات جو اس کے دائرے میں آتے ہیں وہ بھی ان کے گرد ہی گھومتے تھے تاریخ کو انسانیت کا حافظہ بھی کہا جاتا ہے جو نہ صرف قوموں اور جماعتوں بلکہ کل نوع انسانی کے پچھلے تجربات کا دفتر محفوظ رکھ کر انسان کے سامنے پیش کرتا ہے۔

برصغیر کی تاریخ مختلف حوالوں سے تفصیل سے پیش کی جاتی رہی ہے انگریز حکمرانوں نے اپنی تاریخ مسلمانوں، ہندوؤں، اور دیگر مذاہب کے افراد نے اپنے نقطہ نظر سے برصغیر کی تاریخ کو تحریر کیا، اس کے علاوہ معاشرتی اور سیاسی حوالے سے بھی بہت کام ہوا لیکن یہ بدقسمتی ہے کہ برصغیر کی تاریخ کا بیشتر حصہ اب بھی اردو میں منتقل نہیں ہو سکا اور ہمارے ملک کی آبادی کی اکثریت غیر ملکی زبانوں سے نابلد ہے یا پڑھے لکھے افراد کی تعداد اتنی کم ہے کہ وہ اپنی قومی زبان سے بھی مستفید نہیں ہو سکتے جبکہ قومی زبان میں موجود لٹریچر عام آدمی کی پہونچ میں ہوتا ہے اور ہزاروں افراد جو صرف اخباروں کے شوقین ہیں سن کر ہی اپنی معلومات میں اضافہ کر لیتے ہیں لہٰذا برصغیر پاک و ہند کے برطانوی عہد حکومت اور اس کے 1948ء تک اثرات کے اہم اعداد و شمار اسی جذبہ کے تحت اردو میں جمع کئے گئے ہیں اس کتاب میں جو معلومات آئندہ صفحات میں درج کی گئی ہیں وہ حقائق پر مبنی ہیں اور اسی وجہ سے شاید کچھ لوگوں کیلئے بالکل نئی نہ ہوں البتہ

ان بکھرے ہوئے اعداد و شمار کو مختلف کتابوں سے جمع کرنا ایک جوئے شیرلانے کے مترادف تھا اور یہ اعداد و شمار عموماً" انگریزی زبان کی کتابوں میں تھے اور اپنی اس خواہش کو عملی جامہ پہناتے ہوئے کہ برصغیر کے مذکورہ دور کے بارے میں تمام تفصیلات اردو زبان میں اور دیگر معلومات یکجا پیش کی جائیں تاکہ عام اردو جاننے والے افراد بھی اس سے استفادہ کر سکیں۔

اس کے علاوہ پاکستانی سیاستدانوں بیوروکریسی اور دیگر مختلف شعبوں میں خدمات سرانجام دینے والے عام افراد کے نام بھی درج کئے گئے ہیں بیورو کریٹس کے بارے میں میرا خیال ہے کہ سیاستدانوں اور عام افراد کے ساتھ تقسیم کے وقت بیوروکریسی نے بھی اسی جذبہ کے ساتھ خدمات انجام دیں جس کا ثبوت ان کے دیگر بھائیوں نے دیا تھا۔ 48 - 1947ء میں پاکستانی دفتروں اور دیگر شعبوں کے حالات کسمپرسی کا شکار تھے۔ دفتری سامان تھا نہ کاغذ عملہ بھی ضرورت کے مطابق نہ تھا مہاجرین کا سیلاب تھا کہ چلا آرہا تھا ان حالات میں نوزائیدہ مملکت کے لئے ان لوگوں نے جو خدمات انجام دیں ان کو بھی تحریک پاکستان کا ایک حصہ ہی سمجھنا چاہئے اور یہ پاکستان کی آزادی اور اس کے بعد حالات کو قابو میں لانے کے لئے براہ راست یا بالواسطہ شریک تھے لہٰذا یہ سب تحریک آزادی کے سپاہیوں میں شامل اور قابل احترام ہیں۔

افواج پاکستان کا نام آج بھی قابل احترام ہے اس کے افسروں اور جوانوں نے جذبہ حب الوطنی سے سرشار ہو کر نہ صرف افواج پاکستان کو مستحکم کیا بلکہ مہاجرین کی بحالی اور آباد کاری میں بھی اہم کارنامے سرانجام دیئے ہندوستانی فوج کی تقسیم سے جو دگرگوں حالات پیدا ہوئے ان کو نبھانا انتہائی دل گردے کا کام تھا اور آزادی کے فوراً" بعد کشمیر میں جو حالات پیدا کردیئے گئے۔ ان سب پر نظر رکھتے ہوئے 48 - 1947ء میں ان تمام کمانڈروں کے نام درج کردیئے گئے ہیں جو مختلف جگہوں پر تعینات تھے چونکہ موضوع کے لحاظ سے برطانوی کمانڈروں کا تذکرہ ضروری تھا لہٰذا انہیں بھی شامل کیا گیا ہے بہرحال پاکستانی فوج نے جتنی جلدی اپنا کام سنبھالتے ہوئے برطانوی فوج کو رخصت کیا وہ بھی مثالی ہے۔

میں اب ان حالات پر روشنی ڈالتا ہوں جس کے سبب میرے ذہن میں ان معلومات کو جمع کرنے اور کتابی صورت میں پیش کرنے کا خیال آیا اس سے پہلے یہ بتانا ضروری سمجھتا ہوں کہ پاکستان و بھارت کی لسانی و مذہبی تفصیلات جاننے کے لئے میری کتاب لسانی و مذہبی تنازعات کا ضرورت مطالعہ فرمائیں۔

میں نے جب ریلوے کالونی راولپنڈی میں ہوش سنبھالی تو اردگرد کے حالات نے میرے ذہن پر گہرا نقش چھوڑا ریلوے کالونی میں کافی انگریز اور اینگلو انڈین آباد تھے جو ریلوے کی پرانی طرز کی کوٹھیوں میں رہائش پذیر اور ایک پر لطف زندگی گزار رہے تھے شام کو لان پر کرسیاں ڈالے باہر بیٹھا کرتے اور مقامی نوکر چاکر ان کو شاید اب بھی اپنا آقا سمجھتے ہوئے ان کے آگے پیچھے بچھے جاتے تھے۔ صاحب اور میم صاحب کی گردان ہوتی تھی انگریز عملہ جب اپنی ڈیوٹی سے واپس آتا تو ان کا سامان نوکروں نے سر پر اٹھایا ہوتا۔ گلی محلہ کے بچے انہیں جب سلام کرتے تو وہ فخریہ انداز میں سلام بچہ کہہ کر جواب دیتے۔ یہ 1957ء یا 1958ء کی بات ہے جب میری عمر صرف چار پانچ سال کی تھی۔ لیکن بہت سے واقعات آج تک یاد ہیں انگریز اور اینگلو انڈین بچے صبح ٹائیاں لگا کر بسوں میں عمدہ یونیفارم پہن کر سکول جایا کرتے' سب آپس میں انگریزی بولتے تھے ان کی سہولت کے لئے ریلوے کی کوٹھیوں کے ساتھ سرونٹ کوارٹر بنائے گئے تھے جن میں ان کے خدمتگار رہائش پذیر تھے اکثر ڈانس پارٹیاں ہوتی رہتی تھیں۔ کرسمس پر کیک بانٹے جاتے ریلوے کوٹھیوں میں وسیع لان تھے ان میں پھولوں اور پھلوں کے پودے انتہائی قرینے سے لگائے گئے تھے جن کی نگہداشت وہ خود کیا کرتے۔ بعض پھولوں کے بیج شاید وہ اپنے وطن سے لائے تھے ان کوٹھیوں کے درمیان اب تو سرکاری رہائشی کوارٹر تعمیر ہو چکے ہیں اس کے علاوہ انگریز اور اینگلو انڈین دونوں کے ساتھ اور اکثر پھلوں کے درخت بھی ختم ہو چکے ہیں' اور لان بھی نئے مکانوں کی تعمیر کی وجہ سے ختم ہو گئے ہیں۔ ولایتی و دیسی صاحب بہت اچھے رویہ کے حامل تھے جو بھی ان کے پاس جاتا ان کے گن گاتا ہی واپس آتا کوئی ان کے دروازے سے

خالی نہ لوٹتا تھا۔ انکی پر تعیش زندگی اور اطمینان سے لگتا تھا کہ انہیں کوئی غم یا فکر ہے ہی نہیں۔ عموماً" گھریلو نشست و برخاست کا سامان کرایہ پر لیتے تھے اور ان میں دیسی صاحب یعنی اینگلوانڈین مہینہ کے شروع میں یہ سامان کرایہ پر لاتے اور آخر مہینہ میں خالی فرش پر بیٹھے نظر آتے کبھی ان کا ریڈیو بک رہا ہوتا کبھی سائیکل۔ ڈرائی کلیننگ اور گوشت وغیرہ تک کی سہولیات انہیں گھر بیٹھے سائیکلوں پر پھیری والے مہیا کر دیتے تھے۔ ہمارے نزدیک ترین پڑوسیوں میں سے چند گھرانوں کے نام ہی یاد رہ گئے ہیں جن میں لیوٹ انگریز ڈرائیور تھے۔ ان کا ایک بیٹا آبری اور دوسرا بیٹا پاکستان کے ایک میوزک گروپ میں ملازمت کرتا تھا۔ اسی جگہ دو اینگلوانڈین خاندان بھی رہائش پذیر تھے۔ ایک کا نام جیمز تھا جن کی کافی اولاد تھی بڑی بیٹی کا نام ریٹا تھا بیٹوں کے نام ڈنڈی اور جوجی تھے یہ فیملی بعد میں کینیڈا جا کر آباد ہو گئی۔ دوسرے اینگلوانڈین رامزباٹم تھے یہ بھی ریلوے انجن ڈرائیور تھے ان کا ایک بیٹا ٹیری اب بھی راولپنڈی کی سٹیٹ لائف میں آفیسر ہے۔ اسی طرح کئی دیگر انگریز خاندان آباد تھے جن کے نام ذہن سے محو ہو چکے ہیں۔ البتہ ان کی اولادوں میں سے اتفاقاً" کوئی سر راہ مل جاتا ہے تو پاکستان میں ان کی موجودگی کا علم ہو جاتا ہے۔ یہ زیادہ تر ہوٹلوں اور سفارتخانوں میں ملازم ہیں ریلوے کالونی میں ہمارے گھر سے تھوڑے ہی فاصلہ پر گورا قبرستان تھا جہاں آج بھی قدیم انگریزوں کی قبریں موجود ہیں۔ ریلوے کالونی ویسٹریج اور نئی چھاؤنی کے علاقے سے متصل ہے۔ یہاں کی رونق اور خوبصورتی کی تعریف راولپنڈی ڈسٹرکٹ کے گزیٹر 1871ء میں بھی ملاحظہ کی جا سکتی ہے۔ آہستہ آہستہ انگریز اور اینگلو انڈین ریلوے کالونی سے کم ہوتے چلے گئے ان کی جگہ مسلمان خاندانوں نے لے لی۔ تقسیم کے فوراً" بعد سرکاری مکانوں کی رہائش مانگنے والوں کی تعداد انتہائی کم تھی راولپنڈی شہر اور دیگر علاقوں میں الاٹمنٹ اور کلیم کے چکر چل رہے تھے۔ للذا کون ان سرکاری رہائش گاہوں کا رخ کرتا کچھ عرصے بعد مہاجرین میں سے کئی خاندان آہستہ آہستہ سرکاری مکانوں میں آباد ہوگئے۔ جن میں سے مشرقی پنجاب کے مہاجرین کی تعداد زیادہ تھی۔ ٹی

وی تو اس زمانے میں آیا نہیں تھا۔ شام کو گھروں میں عورتیں اکٹھی ہو جاتیں اور ہم کم عمر ہونے کی وجہ سے اپنی ماؤں کے ساتھ چپک کر بیٹھے جاتے اور موضوع ہوتا پنجاب کی تقسیم۔ مہاجرین پر مظالم۔ شہیدوں کی یادیں اور گم یا اغواء ہونے والے کے لئے آہیں۔ ہر مہاجر گھرانہ اپنی ہی داستان لئے ہوئے ہوتا سنانے والی خواتین کے شاید آنسو خشک ہو چکے تھے۔ للذا اتنی روانی اور تسلسل سے تمام قصے کی منظر کشی کرتیں کرپانوں کے نشانات اور گم شدہ بچوں اور عزیزوں کے قصے بیان ہوتے کہ ایسا محسوس ہوتا کہ سارے واقعات آنکھوں سامنے ہو رہے ہوں اتنی داستانیں اور اتنے المناک قصے سنے کہ خواب میں بھی سکھ کرپانیں لہراتے ہوئے نظر آتے۔ بھرے گھر چھوڑ کر آنے والے مفسی کا شکار تھے۔ لیکن کسی تعصب یا عصبیت کا نام و نشان بھی نہ ہوتا۔ پاکستان بنانے والے اور پاکستان کے نام پر لٹنے والے فخر سے قصے بیان کیا کرتے اور آپ بیتیاں سنایا کرتے۔

غرض یہ دو رویہ ماحول جس میں میر بچپن گزر رہا تھا کہ کراچی سے دارالخلافہ منتقل ہو گیا اور سرکاری ملازمین کی کثیر تعداد ریلوے کالونی سے متصل کناٹ لائنز' رابرٹس لائنز' وغیرہ میں آباد کر دی گئی۔ دوسری جماعت میں میرا ہمشیرہ کے ساتھ کناٹ لائن سکول میں داخلہ ہو گیا۔ اور دسویں پامرلائن سکول سے کی۔ طالب علمی کا یہ آٹھ نو سال کا عرصہ کراچی سے آنے والے افراد جن میں زیادہ تعداد یو پی سی پی کے مہاجرین کی تھی کے بچوں کے ساتھ پڑھنے اور اٹھنے بیٹھنے کا اتفاق ہوا۔ غرض کئی ادوار اور تہذیبوں کا مشاہدہ بہت نزدیک سے کرنے کا موقعہ ملا۔

مہاجرین کے حالات اور قربانیوں کی روئداد اور ان کے جذبہ حب الوطنی کو دیکھ کر وطن سے میری محبت بڑھتی گئی اور بھارت سے نفرت میں اضافہ ہوتا گیا۔ حتیٰ کہ گھر کے نزدیک ریلوے پل کی ڈھلان جہاں دونوں طرف ریلوے لائنیں حفاظت کے لئے لگائی گئی تھیں ہم سکول کے دوست گھنٹوں بیٹھ کر سوچا کرتے کہ مسلمانوں پر جو مظالم کئے گئے ان کا بدلہ کس طرح

لیں۔ مختلف تجاویز پیش کی جاتیں لیکن ہم کبھی اپنے خیالات کو عملی جامہ نہ پہنا سکے کالج اور اس کے بعد جب عملی زندگی کا آغاز ہوا تو بیرون ملک ملازمت کے مواقع بھی آئے لیکن سرزمین پاکستان سے محبت کبھی کم نہ ہوئی۔

1977ء کا ذکر ہے میں گیبون (مغربی افریقہ) کے دارالحکومت لیبرے ول میں قومی دن کے موقعہ پر سڑک کے کنارے پریڈ دیکھ رہا تھا کہ میرے ساتھ ایک نو عمر لڑکا آکر کھڑا ہو گیا میں سمجھا کہ یہ شاید پاکستانی ہے پوچھنے پر معلوم ہوا کہ اس کے دادا جو ہندوستان میں جج تھے اس ملک میں آکر آباد ہو گئے تھے وہاں کافی تعداد میں بھارتی باشندے آباد ہیں یہ تیسری نسل بھی ہندی زبان سے واقف تھی اور سکھ پنجابی بولتے تھے بعد میں سعودی عرب اور دیگر جگہوں پر بھارتی مسلمانوں اور سکھوں و ہندوؤں سے تبادلہ خیالات کے موقع میسر آئے تو میرے دل میں یہ معلوم کرنے کی خواہش پیدا ہوئی کہ آزادی کے بعد بھارت اب کیسا ملک ہے وہاں لوگ کیسے رہتے ہیں ان کے ملک کے کیا حالات ہیں۔ بھارت جانے کا موقعہ تو نہ مل سکا البتہ کتابوں پر ہی انحصار کرنا پڑا۔ لٰہذا تفصیل سے برصغیر کے حالات پڑھے۔ ہندوستان کی آزادی اور تحریک پاکستان کو پڑھا جس نے مجھے ایک اور ہی دنیا میں پہنچا دیا۔ اکثر و بیشتر میں بھارت اور پاکستان کی مملکتوں کا موازنہ کرتا رہتا۔ آخر میں نے فیصلہ کیا کہ اہم حالات اور معلومات کو یکجا کیا جائے جو برصغیر کی دونوں آزاد مملکتوں کو آزادی سے پہلے اور آزادی کے فوراً بعد پیش آئے۔ انگریزوں سے چونکہ ہم نے آزادی حاصل کی لٰہذا انکی آمد اور حکمرانی کا تذکرہ بھی ضروری تھا۔ عوام کے حالات اور دیگر معلومات سینکڑوں صفحات پر اکٹھی ہو گئیں۔ لٰہذا انکو مختصر مگر جامع صورت میں پیش کرنے کے لئے زیادہ تر معلومات کو اعداد و شمار کی شکل میں تحریر کیا ہے تاکہ کم جگہ میں زیادہ سے زیادہ معلومات آجائیں۔ برصغیر اور ہندوستان سے میری مراد تقسیم سے پہلے کی ہے اور بھارت اور پاکستان کا لفظ میں نے تقسیم کے بعد دونوں آزاد مملکتوں کے لئے استعمال کیا ہے۔ انگریزوں کا جتنا بھی اثر و نفوذ آزادی کے بعد تھا وہ بھی بیان کر دیا ہے۔ تمام صوبوں اور

ریاستوں کی تفصیلات علیحدہ بیان کی گئی ہیں۔ اور ان تمام معلومات کے یکجا ہونے سے یہ ایسی کتاب بن گئی ہے جو محققین اور طالب علموں کے لئے انتہائی مفید ثابت ہو سکتی ہے۔ دونوں آزاد مملکتوں کا آغاز اور یہ موازنہ کہ آج ہم کہاں کھڑے ہیں صحت مند مقابلہ کا رجحان اور محاسبہ کا عمل پیدا کرنے کا موجب بن سکتا ہے۔ انگریزوں کا ذکر شاید کچھ لوگوں کو ناگوار گزرے لیکن برطانوی دور حکومت کی ترقی یا تنزلی کو سامنے رکھتے ہوئے اگر ہم اپنی پچاس سالہ کارکردگی کا ملاحظہ کریں تو حقیقت واضح ہو جائے گی۔ انگریزوں کے اصل مقاصد اور برصغیر کو ترقی دینے کی وجوہات علیحدہ تحریر کر رہا ہوں لیکن انگریز جاتے ہوئے اپنے جانشین پاکستانی براؤن صاحب ہم پر مسلط کر گیا ہے۔ ان میں خان صاحبان اور سر کے خطابات یافتہ جاگیریں حاصل کرنے والے اور انگریزوں کے نمک خوار اور خدمتگار شامل ہیں اور آج 50 سال گزرنے کے بعد بھی ان کو انتہائی قدر کی نگاہ سے دیکھا جاتا ہے۔ برطانوی تہذیب کے جتنے اثرات ہم نے قبول کئے وہ ہماری معاشرتی زندگی کے ہر پہلو سے نپکتے ہیں۔ بغیر ٹائی کے گلے محلے کے سکولوں میں بھی بچوں کو داخلہ نہیں دیا جاتا۔ انگریزوں کے نام اور کام گلی گلی اور چپہ چپہ بکھرے ہوئے ہیں۔ انگریزوں نے برصغیر میں ایکطرف تو کئی سکول و کالج قائم کئے اور دوسری طرف اسپتال اور سڑکیں قائم کیں ان کے ناموں کو بدل کر تختیاں تو ہم نے اپنی لگا دی ہیں لیکن ویسی رفتار سے ترقیاتی کام سرانجام نہیں دے سکے۔ بزرگ بات بات پر آج بھی انگریزوں کے انصاف کی مثال دیتے ہیں۔ دوسری طرف ہم نے انداز حکمرانی بھی انگریزوں کا دیا ہوا اپنا لیا ہے اور برطانوی طرز جمہوریت کو گلے سے لگا کر اپنے نمائندے بھی وہی چن لئے ہیں جنکی تعلیم و تربیت ایچی سن جیسے اداروں میں ہوئی ہے۔ یا انگریزوں نے جن جاگیرداروں کو گلے سے لگایا تھا ہم نے بھی انہیں قائم رکھا۔ جو شخص جتنی زیادہ بہتر انگریزی بول اور لکھ سکتا ہے وہ معاشرہ میں اتنا ہی عزت دار گردانا جاتا ہے۔ انداز حکمرانی بھی وہی ہیں اور عوام کے اطوار بھی وہی۔ انگریز اپنی دولت اپنے ملک لے جاتا تھا اور ہمارے بڑے بھی ملک سے باہر لے جاتے ہیں۔ اپنی آزادی کو

ہم نے اب تک انگریزوں کے روحانی اثر کے تابع رکھا ہوا ہے۔ انگریزوں کو برا بھلا کہنا سب دکھاوا ہے۔

یورپ سے جو ایسٹ انڈیا کمپنیوں کا طوفان اٹھا تھا۔ وہ تھمنے کے بعد آج ایک دفعہ پھر ایک نئی شکل میں پر تول رہا ہے۔ امریکہ تنہا یہ دوڑ جیت چکا ہے۔ آئی ایم ایف اور ورلڈ بنک کی شرائط اور طاقت ایسٹ انڈیا کمپنی کی تاریخ دہرانے کو ہے۔ پرائیویٹائزیشن کی آڑ میں غیر ملکی آہستہ آہستہ اپنی تجارتی منڈیاں قائم کر رہے ہیں۔ ہم اپنے اثاثے بیچ کر انتظامات ان کے ہاتھ میں دے رہے ہیں۔ آہستہ آہستہ ان کے ہاتھ ہماری شہ رگ کی طرف بڑھ رہے ہیں اگر ہم آنکھیں بند کئے آہستہ آہستہ سب کچھ ان کے حوالے کرتے رہے تو ایک دن آئے گا کہ خدانخواستہ ہماری حکومت دہلی کے شاہ رنگیلے اور اودھ کے واجد علی شاہ کی طرح ورلڈ بنک یا آئی ایم ایف کے ایک معمولی ڈائریکٹر کے اشاروں پر ناچتی نظر آئے گی۔ ہم نے تاریخ سے کوئی سبق نہیں سیکھا۔ البتہ تاریخ اپنے آپ کو دہرانے والی ہے۔ آزاد مملکت کے عوام کی بے حسی ناقابل فہم ہے۔ یہ ویسی ہی بے حسی ہے جس نے انگریزوں کو انڈین ایمپائر قائم کرنے اور حکومت پر قابض ہونے کا موقعہ عطاء کیا تھا۔ جو چاپلوس انگریزوں کی تعریف میں رطب اللسان تھے ان کی اولادیں اپنے آباؤ اجداد کی امانت کو سینے سے لگائے عوام کو بے وقوف بنا رہی ہیں انگریزی دور کے قانون' انگریزی دور کے ایکٹ' ان کے فیصلے ٹیکسوں کا نظام' قانون سازی غرض کون سا ایسا شعبہ ہائے زندگی ہے جہاں انگریز دور کا ذکر یا حوالہ موجود نہیں ہے۔ نہ قومی زبان کو پذیرائی حاصل ہے نہ قومی لباس کو سوٹ پر جناح کیپ پہن کر مسلم لیگی کہلانے سے بحیثیت مجموعی قوم کی معاشرتی زندگی میں انقلاب پیدا نہیں ہو سکتا۔ بھارت اور پاکستان کے قیام کے بنیادی نظریات اتنے اہم ہیں کہ بھارت کی بقاء اسی میں ہے کہ وہ سیکولر پر کاربند رہے اسی طرح پاکستان کی بقاء اس میں ہے کہ وہ اسلام کا دامن نہ چھوڑے۔ یہ بنیاد چھوٹی تو قوم پرستی کے رجحانات نے مشرقی پاکستان کو ہم سے جدا کر دیا۔ بھارت پر مصیبتیں بھی سیکولر ازم سے

دوری کے سبب پیش آرہی ہیں۔ اور وہاں مسلمانوں اور سکھوں پر عرصہ حیات تنگ کر دیا گیا ہے لیکن خوش قسمتی سے بھارت ابھی تک کسی حادثہ کا شکار نہیں ہوا اور ہم ایک زخم کھا چکے ہیں پاکستان کی سیاست اور سیاستدان قابل اصلاح ہیں۔ کرپشن رشوت اقربا پروری کے ایک طوفان نے عوام کے پاکستان پر اعتماد کو متزلزل کر دیا ہے پاکستان کے حکمرانوں کو اپنی قومی زبان بھی صحیح نہیں آتی۔ انگریزی لہجے میں منہ بگاڑ کر غلط اردو بولتے ہیں۔ وہ قوم کے لئے کیا مثال ثابت ہو سکتے ہیں۔ بیورو کریسی کے وہی انداز ہیں کہ جو عہدے انگریزوں نے اپنی حکومت کو قائم رکھنے کے لئے بنائے تھے۔ جاگیرداروں اور سرمایہ داروں نے اپنے مفادات کے تحت یا انگریزوں سے پرانی وفاداری کی یاد میں انہیں اسی حالت میں قائم رکھا ہے۔ حق گوئی کے اظہار پر پابندی، دفعہ 144، ڈیفنس آف پاکستان رولز، پولیس مقابلے پولیس حراست میں ملزموں کی ہلاکت، جہالت، فضول رسوم و رواج، علماء سوء کی اقتدار میں شرکت غرض 1947ء سے 1996ء تک ہم نے کیا پایا ہے کیا یہ وہی انداز حکمرانی نہیں ہے جس کی مثال انگریزوں نے قائم کی تھی۔ نہ عوام کے لئے تفریح کے مواقع ہیں اور نہ تفریح گاہیں۔ ریلوے کالونی راولپنڈی میں چند انگریزوں کے لئے بنائی گئی وہ عمارت آج بھی موجود ہے جسے ناچ گھر کہا جاتا اور اس کے ساتھ سومنگ پول بھی تھا یہ عمارت آج بھی ناچ گھر سکول کے نام سے مشہور ہے کیونکہ یہاں اب سرکاری سکول قائم ہے۔ وہ انگریزوں کا کلچر تھا۔ لیکن تفریح تو درکنار یہاں انصاف کے حصول کے لئے لوگ دربدر ہیں۔ اور معاشی بدحالی کا شکار ہیں۔

ہمیں ٹھنڈے دل سے سوچنا چاہئے کہ مجیب الرحمن نے اپنے چھ نکات کیوں اور کس مجبوری کے تحت پیش کئے تھے۔ اب پاکستان کے گنے چنے دو تین فلاحی ادارے چلانے والے افراد کیوں پریشان حال ہیں۔ عبدالستار ایدھی کیوں بار بار ملک چھوڑنے کی دھمکی دیتے ہیں۔ عمران خان کے کینسر اسپتال سے دشمنی کس وجہ سے ہے اور وہاں بم دھماکہ کیوں کرایا گیا ہے۔ سیاسی لیڈروں میں الطاف حسین جس کی پشت پر صوبائی اسمبلی کی 29 سے زائد نشستیں ہیں

کیوں اقوام عالم کے سامنے اپنی مظلومیت کی داستان سنا رہے ہیں۔ پاکستانی طارق علی نے Can Pakistan Survive اور ولی خان نے Facts are Sacred منیر احمد نے پاکستان ٹوٹ جائے گا۔ آخر کس مجبوری کے تحت تحریر کی ہیں۔ جی ایم سید قوم پرستی کی تلقین کرتے چلے گئے آخر ان سب باتوں کا کچھ تو مطلب ہو گا کوئی تو حل ہو گا۔ نہ جانے کون ان گتھیوں کو سلجھائے گا۔ شاید سبق سیکھنا ہمیں آتا ہی نہیں۔ اسلام کے نام پر ملک حاصل ہوا اور یہاں محمد بن قاسم اور محمود غزنوی کو لٹیرے کے خطاب دیئے جا رہے ہیں مسلمان تاریخ نویس اگر اپنا رشتہ مکہ مدینہ سے نہ جوڑیں تو کیا ہردوار اور پنجہ صاحب سے جوڑیں گے اور مسلمان سپہ سالاروں کو برا کہنے والے خود بھی اپنا رشتہ مکہ مدینہ ہی سے جوڑنے پر مجبور ہیں آخر وہ زمین سے اپنا رشتہ استوار کرنے کے لئے اپنے نام کے ساتھ رام اور سنگھ کا اضافہ کیوں نہیں کر لیتے۔ آخر یہ لوگ بھی کیا چاہتے ہیں جس کا عملی نمونہ خود پیش نہیں کر سکتے انصاف کا حصول عام آدمی کے لئے ناممکن ہے سوشلسٹ ہوں یا اسلام پسند سب جاگیرداروں کی مٹھی میں ہیں۔ میں نے ایک خاکہ 1858ء سے پہلے کا آئندہ صفحات میں پیش کیا ہے جب مسلمان بادشاہ اور نواب پستی میں جا گرے تھے جس کے سبب ہی ہندوستان کے عوام غلامی کی زنجیروں میں جکڑے گئے۔ اور ایک خاکہ اپنے وطن پاکستان کا پیش کر دیا ہے۔ انگریزوں کے دور حکومت کے اعداد و شمار اور 1947ء میں پاکستان و بھارت کی وراثت اگلے صفحات میں آپ تفصیل سے ملاحظہ کر سکتے ہیں۔ فیصلہ آپ نے خود کرنا ہے کہ کیا ورلڈ بنک کا کوئی نمائندہ پھر اس ملک پر قبضہ کرنے تو نہیں آجائے گا۔

مجھے امید ہے یہ کتاب تاریخ' سیاسیات' شماریات اور مختلف شعبہ ہائے زندگی سے تعلق رکھنے والے افراد کے لئے دلچسپی کا باعث ہو گی۔ پاکستان کی نئی نسل جنہوں نے پاکستان بنتے اپنی آنکھوں سے نہیں دیکھا وہ بھی اس دور کے اعداد و شمار سے فائدہ اٹھا سکیں گے۔ محققین کے لئے یہ کتاب سب سے زیادہ فائدہ مند ثابت ہو گی ان کو سینکڑوں کتابوں سے استفادہ نہیں کرنا

پڑے گا اور اکثر تفصیلات ایک ہی کتاب سے حاصل ہو جائیں گی۔

یہ میری تیسری کتاب ہے اس سے پہلے انساب صدیقی اور لسانی و مذہبی تنازعات چھپ چکی ہیں۔ موضوعات کے اعتبار سے تینوں کتابیں تحقیقی اور علمی مواد سے مزین ہیں۔ پہلی دونوں کتابوں کو اہل علم طبقہ نے کافی پسند کیا اور خطوط لکھ کر اپنی رائے کا اظہار کیا ان تینوں کتابوں کے لکھنے میں میں جس کرب سے گزرا ہوں وہ ناقابل بیان ہے۔ کئی برس گزر گئے ہیں رات کو پوری نیند نہیں سو سکا۔ دن میں نیشنل کنسٹرکشن کمپنی کی ملازمت' راولپنڈی اور اسلام آباد کا روزانہ سفر' کتابوں کا حصول' سرمایہ کی کمی سب سے زیادہ اپنی بیوی بچوں پر توجہ دینے کی بجائے کتابوں میں سر کھپائی کرنا سیرو تفریح نام کی کوئی چیز برس ہا برس سے حصہ میں نہیں آئی۔ اس کتاب میں غلطیوں کی نشاندہی پر مشکور ہوں گا۔

انگریزی کتابوں سے ترجمہ میں نے خود کیا ہے اور قواعد کا کوئی خصوصی اہتمام نہیں کیا۔ لہٰذا اس سلسلہ میں کوئی غلطی رہ گئی ہو تو میری مصروفیات کو مدنظر رکھتے ہوئے درگزر سے کام لیں گے اور مجھے ضرور مطلع فرمائیں گے۔ یہ سب معلومات صرف اس نیک جذبہ کے تحت پیش کی ہیں کہ اپنی قومی زبان میں شائع ہو جانے سے زیادہ سے زیادہ لوگ ان معلومات سے فائدہ اٹھا سکیں گے۔ آخر میں اللہ تعالٰی کا شکر گزار ہوں جس نے مجھے یہ تیسری کتاب مکمل کرنے کی توفیق عطا فرمائی۔

یہ کتاب 17 اگست 1996
بمطابق یکم ربیع الثانی 1417ھ
کو مکمل ہوئی۔

منصور احمد صدیقی
۹۶۳/بی ، سٹریٹ نمبر ۸ ، افشاں کالونی
کاسب لائنز۔ راولپنڈی کینٹ

انگریزوں کی آمد اور برصغیر کے حالات

میرے سامنے برصغیر کے عروج و زوال کی تاریخ کھلی پڑی ہے۔ ایک ایک منظر سامنے نظروں سے گزر رہا ہے۔ برصغیر جس پر ایک طویل عرصہ تک مسلمانوں نے حکومت کی ان کو زوال آنے والا ہے۔ فرنچ ایسٹ انڈیا کمپنی کسی ایک ریاست کا سہارا بن رہی ہے برٹش ایسٹ انڈیا کمپنی کسی دوسری کا کہیں انگریز کرنل ایک ریاست کے نواب کو معزول کر رہا ہے تو کہیں تو نواب ان کے وظیفہ خوار بن رہے ہیں۔ میں دیکھ رہا ہوں کہ اس دوران برصغیر کی عوام اور حکمرانوں کے کیا مشاغل تھے چند کتابوں سے اقتباسات پیش کرتا ہوں تاکہ آپ کو اندازہ ہو جائے کہ آخر اللہ تعالیٰ کو ہم پر ترس کیوں نہ آیا اور ہمیں کیوں دو سو سال تک غلامی کی زنجیروں میں جکڑے رکھا۔ ہمارے دانشور' ادیب' شاعر کیا گل کھلا رہے تھے ان کے کیا خیالات تھے۔ ان حالات میں ہمارے مذہبی پیشوا تصوف کی چادر اوڑھے خانقاہوں میں جا سوئے تھے۔ ہمارے علماء فرقہ ورانہ مذاہب بنانے میں مشغول تھے۔ کشف و کرامات اور روحانیت اپنا اثر کھو بیٹھی تھی۔

قرآن پاک میں اللہ تعالیٰ ارشاد فرماتے ہیں۔

"اللہ تعالیٰ کسی نعمت کو جو اس نے کسی قوم کو عطا کی ہو اس وقت تک نہیں بدلتا جب تک کہ وہ قوم خود اپنے طرز عمل کو نہیں بدل دیتی۔"

(آیت 53 سورہ الانفال' پارہ 8)

اورنگزیب عالمگیر کا انتقال 1707ء میں ہوا۔ ان کے بیٹوں نے اپنے بھائیوں اور بھتیجوں کا خون بہانے میں کوئی کسر نہ اٹھا رکھی۔ معظم کو تخت نصیب ہوا اور 5 سال بعد 1712ء میں فوت ہو گیا۔ چار بیٹوں کے ہوتے ہوئے تخت و تاج کے جھگڑے میں اس کی لاش ایک مہینہ تک لاہور میں پڑی رہی۔ معظم کے تین بیٹے مارے گئے اور جہاندار شاہ 1712ء میں حکمران بنا۔ ایک سال بعد ہی جہاندار شاہ کے بھتیجے نے اپنے نام کا خطبہ پڑھوا

کر باپ کے قتل کا انتقام لینے کا اعلان کر دیا۔ جہاندار شاہ لال کنور کی زلف کا اسیر تھا اس کے دربار میں گویوں، ڈوم اور مسخروں کا ہجوم رہتا تھا۔ وہ لال کنور کے ساتھ بھاگا لیکن قتل کیا گیا اور لاش کو دلی دروازے کے سامنے میدان میں پھینک دیا گیا جہاں تین روز تک بے گور و کفن پڑی رہی۔

فرخ سیر نے تیموری خاندان کے ایسے تمام شاہزادوں کو جو تخت کے دعویدار ہو سکتے تھے اندھا کر دیا۔ حتیٰ کہ اس کا اپنا چھوٹا بھائی ہمایوں بخت بھی اس کے حکم کے تحت اندھا کر دیا گیا۔ ہمایوں جب شیر شاہ سوری سے شکست کھا کر ایران میں پناہ گزین ہوا تو واپسی پر اپنے ساتھ ایرانی تہذیب، مذہب اور فوج کے نمائندے بھی ساتھ لیتا آیا۔ ان ایرانی اثرات نے اسی دور میں خوب کل پرزے نکالے۔ حکومتیں بنانے اور گرانے میں ان کا بڑا عمل دخل رہا۔ مغلوں کے زوال میں ان ایرانیوں کی محلاتی سازشوں کا بڑا ہاتھ تھا۔

سادات بارہہ جو شروع میں فرخ سیر کے حاشیہ نشین تھے۔ آخر اسی کے زوال کا سبب بنے اور صرف 400 آدمیوں نے شاہی محل سے اسے گرفتار کیا۔ جس کے بعد وہ بڑے عبرتناک انجام سے دو چار ہوا۔ سادات بارہہ نے رفیع الدرجات کو تخت پر بٹھایا جو تین ماہ بعد ہی انتقال کر گیا۔ پھر رفیع الدولہ کو بٹھایا گیا وہ بھی زیادہ عرصہ زندہ نہ رہا۔ 1719ء میں انہوں نے جہاں شاہ کے بیٹے روشن اختر کو تخت پر بٹھایا جسے محمد شاہ رنگیلا کا خطاب دیا گیا 1737ء میں نادر شاہ نے اسی کے دور میں دلی پر حملہ کیا۔ محمد شاہ 1748ء میں فوت ہوا۔ (اس کے بعد 1857ء تک مغلیہ سلطنت کا چراغ دلی میں جھلملاتا رہا) پھر 1757ء کی جنگ پلاسی کے بعد انگریز اس مملکت کے آقا بننے کے اہل قرار پا چکے تھے۔

ادھر دلی اجڑنے کو تھی کہ اودھ میں ایک ایرانی صفوی خاندان سے تعلق رکھنے والے برہان الملک نے نوابان اودھ کے سلسلہ کی بنیاد رکھی اور ایرانی شیعت کے تمام اثرات اس کے جانشین حکمرانوں پر سایہ فگن کئے نظر آئے۔ 1724ء سے 1856ء تک ان

نوابوں کی حکومت رہی۔ دلی کے بعد لکھنؤ جو مسلم حکمرانوں کے گڑھ تھے وہاں کیا حالات پیش آ رہے تھے ملاحظہ فرمائیں کہ ایک طرف انگریز اپنے قدم بڑھا رہے تھے تو دوسری طرف مسلم حکمرانوں اور عوام کے کیا حالات تھے۔

1757ء میں انگریزوں نے نواب سراج الدولہ کو پلاسی کے مقام پر شکست دی اور میر جعفر کو غداری کے انعام کے طور پر حکمران بنا دیا گیا۔ 1799ء میں میسور کے مقام پر ٹیپو سلطان کی شہادت میر صادق کی غداری کی وجہ سے پیش آئی۔ 1803ء میں ایسٹ انڈیا کمپنی نے اپنی مکمل حکومت قائم کی اور شاہ عالم ثانی کو اپنا وظیفہ خوار بنا لیا۔ 1856ء میں واجد علی شاہ کی حکومت ختم کر کے انگریزوں نے اودھ پر قبضہ کر لیا۔ 1857ء میں بہادر شاہ ظفر کو گرفتار کر کے رنگون بھیج دیا گیا جہاں 1860ء میں فوت ہوئے۔ واجد علی شاہ کی وفات 1887ء میں ہوئی۔

1707ء میں اورنگزیب کا بیٹا معظم جو بہادر شاہ عالم کے نام سے تخت نشین ہوا۔ اپنے باپ کے برعکس جو کٹر سنی تھا۔ شیعہ بن گیا۔ اس کے دربار کا نقشہ یہ تھا کہ "اکثر سلاطین قلعہ میں تعزیہ داری کرتے تھے' بادشاہی خاندان کے افراد بھی اس میں شریک ہوتے تھے۔ محرم کے دنوں میں بادشاہ فقیر پیک بنتے تھے کوئی نشانچی کوئی نقیب بنتا تھا کوئی تاشہ کوئی ڈھول کوئی جھانجھ تعزیوں کے آگے بجاتا تھا کوئی مرثیہ پڑھتا تھا۔ مرثیہ خوانوں کو اس موقع پر انعام دیئے جاتے۔ علم نکالے جاتے' بادشاہ سلامت حضرت حسنؓ اور حسینؓ کے فقیر بنتے سبز کپڑے پہنتے گلے میں سبز کفنی جھولی ڈالتے' بادشاہ کے گلے میں زنجیریں ڈال کر سید کھینچتے اور عباس علمدار کے سقے خود بادشاہ بنتے وغیرہ وغیرہ۔

اس کے بعد جہاں دار شاہ تخت نشین ہوا بازاری رقاصہ لال کنور سے اسے عشق تھا اور کاروبار سلطنت اس کے چشم آبرو کے اشارے پر تھا۔ ہیرے جواہرات کے علاوہ لال کنور کو سالانہ دو کروڑ روپیہ وظیفہ ملتا۔ لال کنور نے اپنے بھائی کو ملتان کا گورنر بنوا دیا۔

بقول خافی خان مورخ اس بادشاہ کا دور ناچنے والیوں' موسیقاروں' طوائفوں اور مسخروں کا دور تھا جو درباری چاپلوسوں کی سازشوں اور رقابتوں کے پردے میں مسلط کر دیئے گئے تھے۔

جہاں دار کا بھتیجہ فرخ سیر بارہہ کے سید بھائیوں کی کمان میں بنگال سے فوج لے کر آیا۔ جہاندار کی موت اور فرخ سیر کے واقعات پہلے بیان کئے جا چکے ہیں۔ یہ سادات بارہہ کی سازشوں کا دور تھا اور انہوں نے عالمگیر کے پوتے اور رفیع الشان کے بیٹے رفیع الدرجات کو تخت پر بٹھایا اس کے بعد رفیع الدرجات کے بھائی رفیع الدولہ کو بادشاہ بنا دیا گیا۔ اس کے مرنے کے بعد تیس سال تک روشن اختر عرف محمد شاہ رنگیلا نے حکومت کی۔ اسی کے دور میں سید بھائی 1722ء میں ہلاک ہو گئے۔ اس کا دور حکومت 1719ء سے 1748ء تک رہا۔ اس کے بعد اس کا بیٹا احمد شاہ 1749ء میں تخت نشین ہوا۔ اس نے شاہی قلعے کو خوبصورت عورتوں سے بھر دیا اس کی ماں امور سلطنت پر حاوی ہو گئی۔ اسی کے دور میں ایرانی پارٹی کا سربراہ برہان الملک کا داماد صفدر جنگ تھا۔ احمد شاہ 1754ء میں معزول ہوا۔ اس کے بعد جہاندار شاہ عالمگیر ثانی کے لقب سے دہلی میں تخت نشین ہوا۔ اس نے 1759ء تک حکومت کی اسی کے دور میں جنگ پلاسی ہوئی۔ اس کے بعد عالمگیر ثانی کا بیٹا شاہ عالم ثانی بہار میں شاہ عالم ثانی کے کے لقب سے حکمران بن گیا۔ جب یہ دہلی پہنچا تو ایک سردار غلام قادر خان روہیلے نے شاہ عالم ثانی کو دہلی کے تخت سے اتار کر قبضہ کر لیا بادشاہ کی آنکھیں خنجر سے نکال کر اندھا کر دیا اور مغل شہزادیوں کو زبردستی گھنگھرو بندھوا کر اپنے سامنے نچوایا۔ شاہ عالم ثانی کے حرم میں 500 کے قریب عورتیں تھیں اور بہت سی کنیزیں تھیں۔ تصوف کی طرف بھی مائل تھا۔

شاہ عالم ثانی کے بعد اس کا بیٹا معین الدین اکبر شاہ ثانی مغل بادشاہ بنا جو ایک نمائشی بادشاہ اور انگریز حکومت کا وظیفہ خوار تھا۔ اس کا انتقال 1837ء میں ہوا اور بہادر شاہ ظفر

برائے نام بادشاہ بنے۔

دکن کی مسلم سلطنت کے قیام، سلطان ٹیپو کی شہادت اور انگریزوں کو فتح دلانے میں نظام دکن کی حمایت شامل تھی۔ فرانسیسی سلطان ٹیپو کے اتحادی تھے۔ اس کے بعد دکن کی آصف جاہی سلطنت مستقل شکل اختیار کر گئی جو 1742ء میں میر قمرالدین قلیچ خان نظام اول نے قائم کی تھی۔ 11 ستمبر 1948ء کو بھارت کے قبضہ کے بعد 224 سال قائم رہنے کے بعد یہ ریاست ختم ہو گئی۔

دہلی کی معاشرت کا نقشہ محمد شاہ رنگیلے کے عہد میں مرقع دہلی نامی کتاب میں تفصیل سے بیان کیا گیا ہے اس کے مطابق اپنے بادشاہ کی عادتوں کا اثر عوام پر بھی تھا اور وہ بھی اسی طرح میلے ٹھیلوں، مزاروں کو رونق بخشنے، مرثیہ خوانی، فن موسیقی، قوالوں کی مجلسوں اور لہو لعب میں مصروف عمل تھے جس کا نتیجہ آج ہمارے سامنے ہے مذہبی میلوں کے حال کے بیان میں تحریر ہے کہ:

بسنت کے میلے :- بسنت کے مہینے تمام دہلی والے حضرت سرور کائناتؐ کے قدم شریف پر آتے ہیں (ایک زیارت)۔ اہل دلی اپنی ٹولیوں کے ساتھ بیٹھے خوش گپیوں اور تفریح میں مشغول رہتے ہیں۔ صبح ہی صبح بڑا ہجوم ہو جاتا ہے۔ صحن شریف یا اس سے قریب تر جگہ حاصل کرنے کے لئے زبردست مسابقت جاری رہتی ہے۔ قدم شریف کے اندر اور باہر تمام دن قوالوں کی ٹولیاں اور مجراء کرنے والوں کے طائفے مصروف رہتے ہیں۔ لوگ مختلف چیزیں قدم مبارک پر چڑھانے کے لئے لاتے ہیں۔ لیکن جب پری پیکروں کی ٹولیاں چینی ساخت کے حسین گلاب پاش اور پھولوں کے گلدستے ہاتھوں میں لئے نذر نیاز کی مٹھائیوں کے ساتھ قدم مبارک پر آتی ہیں تو مجمع میں ہلچل مچ جاتی ہے اور تماشائیوں کا حوصلہ ان رہزنان عقل و ہوش کو دیکھ کر بے قابو ہو جاتا ہے۔ عقل مصلحت میں اپنا دامن صبر چھوڑ بیٹھتی ہے۔ جب قدم شریف کا میلہ شباب پر ہوتا ہے تو منظر میں

عجیب دل آویزی پیدا ہو جاتی ہے ایک طرف مطربان نوخیز اپنی طرفہ اداؤں سے زمزمہ پیرا ہوتے ہیں تو دوسری طرف ساز و نوا کی آمیزش سے رقص کی ٹولیاں اپنے کمالات دکھا رہی ہوتی ہیں۔ تیسری طرف قوالوں کی ٹولیاں اپنے صوفیانہ کلام سے وجد طاری کر رہی ہوتی ہیں۔ اس کے بعد ہفتہ کے سات دن مختلف مزاروں پر بسنت ہوتی ہے یا میلہ لگتا ہے۔ ہفتہ کے پانچوں دن حضرت شاہ ترکمان کے مزار پر میلہ لگتا ہے یہاں خاص طور پر مہوشوں' زہرہ **جبینوں** اور نظر فریب امردوں کا مجمع ہوتا ہے۔ چونکہ اکثر نامی گرامی قوال اس بارگاہ کرامت کے آثار کے قریب و جوار میں آباد ہیں اس لئے اپنا حق عقیدت بھی خوب ادا کرتے ہیں۔ ساتویں دن رات کو ارباب رقص اجتماعی شکل میں حضرت عزیزی کی قبر پر جاتے ہیں۔ یہاں دہلی کے تمام آوارہ منش مرد اور عشوہ طراز عورتوں کا ایک مخصوص مجمع اکٹھا ہوتا ہے۔ سب سے پہلے ان بزرگ کے مزار کو شراب ناب سے غسل دیا جاتا ہے پھر ساری رات شراب پینے' رقص و سرود کی محفلیں رچانے اور عیاشیاں کرنے میں گزار دیتے ہیں۔ ان کھلی فواحشات کے متعلق زائرین کا یہ اعتقاد ہے کہ اس سے حضرت عزیزی کی روح خوش ہوتی ہے۔

میرن کی گیارھویں: میرن صاحب دہلی کے مشہور رئیس زادے ہیں ان کے یہاں ہر مہینہ گیارھویں ہوتی ہے۔ میرن صاحب کے اخلاق ملاحظہ فرمایئے۔ میرن کے مقرر کردہ مخصوص لوگ حسینوں کی تلاش میں سرگرم رہتے ہیں۔ اس کی بزم کے شہرت کا یہ عالم ہے کہ ہر حسین صورت اور ہر شوقین مزاج گل رعنا میرن کی مجلس میں خود چلا آتا ہے۔ اس کے عشرت گاہ رنگین میں نو خط امردوں' کلاونت بچوں اور ہندو و مسلمانوں کے خوبصورت معشوقوں کا ایک منتخب گلدستہ فراہم رہتا ہے۔ مہینہ کی گیارہ تاریخ کو اس کی مجلس رقص منعقد ہوتی ہے اور اس کی بزم نشاط جوق در جوق ناچنے والیوں' گانے والیوں اور ارباب رقص و موسیقی کے کمالات کی جلوہ گاہ ہوتی ہے۔ وغیرہ۔

چند بدنام عرس:- عرس خلد منزل:- (فرخ سیر بادشاہ کی قبر) محرم کی 23 تاریخ کو یہاں عرس ہوتا ہے۔ (وہاں کے چراغاں اور روشنی کے مناظر پیش کرنے کے بعد تحریر کیا جاتا ہے کہ) ظاہر بات ہے کہ رات کی ان حسین نورپاشیوں میں اہل دہلی کے لئے خوش باشی کی کتنی امنگیں کروٹیں لینے لگتی ہیں وہ اس عرس کے بہانے شباب کی مستیوں کے سارے کام کر گزرتے ہیں۔ نام عرس کا ہوتا ہے مگر کام ہوس رانی کا۔ ہر درخت کے زیر سایہ ہر باغ میں ہر میدان میں نہایت بے تکلفی اور آزادی کے ساتھ عاشقوں اور معشوقوں کے ہجوم دست در بغل گھومتے ہیں۔ مست شباب حسینوں خوبصورت سبزہ خط امردوں اور ان کے چاہنے والے دل فگاروں میں سیہ مستی اور شہوت رانی کے آزادانہ مراسم قائم ہو جاتے ہیں۔ شراب ناب کے جام بھی بے اندیشہ محتسب چلتے رہتے ہیں۔ وغیرہ۔

عرس میر مشرف: یہ مقام دہلی میں دلکشی اور رعنائی کے لئے مشہور ہے۔ من چلے اور آزاد منش لوگ یہاں ڈیرے ڈال کر رہتے ہیں اور حسن و عشق کا کھیل کھیلتے ہیں۔

میر کلو عرس ساز: میر کلو جو مشرف کی اولاد ہے عجب طمطراق اور آن بان سے عرس کرتا ہے۔ میر کلو ایک آزاد منش نوجوان ہے اس لئے اس کے نواب زادوں اور رنگین مزاج امیروں سے خاصی آشنائی ہے چنانچہ وہ دلجوئی کی خاطر عیش و نشاط کے لوازمات میں کسی چیز کی کوتاہی نہیں کرتا۔ جب امراء اور نوابوں کے لڑکے عرس میں آتے ہیں تو اپنے ساتھ کمسن و طرح دار معشوقہ یا طرح دار امرد نوخط کو ضرور لاتے ہیں۔ عرس کے دنوں میں ہر جگہ خیموں اور باغ کے اندر ناچ و رنگ اور رقص و سرود کی محفلیں گرم رہتی ہیں۔

اسی کتاب میں مشہور حسن پرستوں کی فہرست بھی ہے۔ چند فن کار معشوق بھی ہیں جن کے نام اس طرح ہیں:- امرد ہنگامہ پیرا (رقاص)، سلطانہ امرد (رقاص)، سرس روپ امرد

(رقاص) وغیرہ۔ عشرت گاہوں کی بھی تفصیل دی گئی ہے جن میں کسل پورہ' ناگل کا عرس' طوائفوں اور نقالوں کی بھی فہرست و تفصیلات درج ہیں۔ صرف ایک باکمال طرفہ ادا طوائف کے لچھن تحریر کرتا ہوں نام ادبیگم دہلی کی نامی گرامی طوائف ہے اس کا عجوبہ روزگار کمال یہ ہے کہ یہ اپنے حسن شعلہ آسا کے ساتھ اکثر ننگی رہتی ہے۔ اور مجلسوں میں بالکل برہنہ آتی ہے۔ مگر اس طرح کہ بدن اسفل کے حصے کو بالکل عریاں کر کے اس پر پائجامے کی نقاش کرواتی ہے۔ کم خواب کے تھان اور بوٹے دار کپڑے کی مانند اس کے زریں جسم پر پائجامہ کی تصویر بنی ہوتی ہے۔ ایسا معلوم ہوتا ہے کہ کوئی چست رنگین پائجامہ پہنے ہوئے ہے۔ نہاں اور عریاں اس مصوری کے کمال کے ساتھ جب وہ امیروں کی مجلس میں جاتی ہے تو کوئی نہیں کہہ سکتا کہ وہ ننگی ہے۔

اس کے بعد اودھ کے حکمرانوں کے دور معاشرت اور اس وقت کے حالات پر مختصر نظر ڈالتے ہیں۔

نواب سعادت علی خان 1798ء کو نواب ہوئے ایک طوائف جس کا نام پیاز و تھا نکاح کر لیا۔ روپیہ اکٹھا کرنے کے فن کے ماہر تھے۔ جب لکھنؤ میں طوائفوں کی آبادی زیادہ ہو گئی تو حکم دیا کہ کوئی باہر نہ نکلنے پائے ان سے بھی 5 لاکھ روپیہ سالانہ کا ٹیکس لینا ہے۔ اسی کے بارے میں ریذیڈنٹ انگریز گورنر جنرل کو تحریر کیا کہ نواب کے بہت بیٹے ہیں اور وہ سب بے نکاحی عورتوں سے ہیں' نواب غازی الدین حیدر 1814ء میں تخت نشین ہوا۔ اس کے حرم خانے میں دھنیاں مہری اور ڈلوی مہری یہ دو کہاریاں مشہور تھیں اور کئی سو شاہی حرم کی عورتوں کی افسر تھیں۔ ڈلوی کہاری پر بادشاہ بری طرح فریفتہ تھے اس عورت نے اپنے دور عروج میں امام باڑے اور عالیشان عمارتیں بنوائیں۔ دھنیاں مہری کی یہ شان تھی کہ چار پانچ سو پری پیکر خوبصورت عورتیں حضور سلطانی میں ملازمت کے لئے موجود رہتی تھیں ان سب کی نگرانی اس کے حوالے تھی۔ یہ سب 20' 25 برس سے

زیادہ نہ ہوتیں۔ اکثر امراء تماشبین ان عورتوں سے عشق بازی بھی کرتے۔ شہر کا طرح دار رنڈی بازار ٹھنڈا ہو گیا تھا۔ یہ سب عورتیں بادشاہ کی سواری کے ساتھ رہتیں۔ ملکہ زمانیہ (حسینی خانم)' ولائتی محل' تاج محل' پھول محل' سلطان محل' بادشاہ محل' قدسیہ محل' عباسی محل' عیش محل وغیرہ طوائفیں' داشتائیں تھیں جن میں سے کچھ حرم میں داخل تھیں۔

پھر نواب امجد علی شاہ تخت نشین ہوئے شیعہ مذہب میں حد درجہ غلو رکھتے تھے 1842ء میں انگریز سرکار کے خزانے میں 46 لاکھ روپیہ جمع کرائے پوری حکومت میں رشوت ستانی اور بد عنوانی کا دور دورہ تھا۔ ان کے بیٹے واجد علی شاہ کے عہد میں ان کا مقبرہ دس لاکھ روپیہ کے خرچ سے بنایا گیا۔

نواب واجد علی شاہ 1847ء میں تخت نشین ہوئے اس کے دور کے قصے' حسن پرستی' پری پیکروں کے ہجوم اور مشاغل تاریخ میں تفصیل سے درج ہیں۔ واجد علی شاہ کا پری خانہ مشہور تھا جس کا کئی لاکھ روپیہ بجٹ تھا۔ یہ پری خانہ ہر وقت نئی نئی پریوں سے آباد رہتا تھا جو باہر کے شہروں اور طوائفوں کے بازاروں سے چن چن کر لائی جاتی تھیں۔ ایک طوائف کو حضرت محل کا خطاب دے کر داخل شاہی محل کر لیا اس سے ایک لڑکا برجیس قدر پیدا ہوا۔ قیصر باغ ایک عالیشان عمارت تھی یہاں بزم جوگ منعقد کی جاتی تھی جس میں بادشاہ جوگیا لباس پہنتا۔ واجد علی شان نے اپنی کتاب میں اپنی ممتوعات اور عورتوں کا ذکر تفصیل سے کیا ہے۔ جس میں ممتوعات کی تعداد 109 بیان کی گئی تھی' دیگر عورتوں کی تعداد 87 بیان کی گئی۔ کتاب لکھتے وقت واجد علی شاہ کے پاس 43 عورتین اور بھی تھیں۔ ان سب کو ملا کر 200 نام ناچنے گانے والیوں کے تھے۔

ان رنگ رلیوں سے جو خرابیاں معاشرے میں پیدا ہو سکتی ہیں وہ سب لکھنؤ میں پیدا ہو گئی تھیں۔ اس حالت کا اندازہ اسی سے ہو سکتا ہے کہ دہلی کی پیشہ ور طوائفیں فیض

آباد اور لکھنؤ آ گئیں۔ اسی فضا نے شاعروں کے خیالات اور زبان کو بھی آلودہ کر دیا۔ رفتہ رفتہ ہزل گوئی اور فحاشی ایک مستقل صنف بن گئی۔ نواب زادے اور رئیس زادے اپنا شوق پورا کرنے کے لئے ہزل گو شعراء کی باقاعدہ سرپرستی کرنے لگے۔ نسائیت اور فحش گوئی سے مل کر ریختی کی بنیاد پڑی۔ ریختی میں صرف عورتوں کی زبان کا لحاظ نہیں رکھا جاتا بلکہ پیشہ ور عورتوں کے مبتذل جذبات بازاری اور عامیانہ زبان میں ادا ہوتے ہیں لکھنؤ میں اسے مستقل فن کی حیثیت حاصل ہوئی۔ تشبیہات کی آڑ میں فحش گوئی کو فروغ حاصل ہوا۔ یہاں بڑے بڑے شاعروں کے شعر پیش کرنے کے قابل نہیں ہیں۔ مرثیہ گوئی میں یہاں بہت کام ہوا۔ میر تقی میر' میرانیس اور مرزا دبیر نے آخر اپنی قوم کا مرثیہ ہی تحریر کر دیا۔ جس مرثیہ کو آج تک پوری مسلمان قوم پڑھ رہی ہے۔

دکن بھی ان عیوب سے پاک نہیں تھا۔ مسلم حکمرانوں پر یہ عذاب ٹوٹ کر برسا اور آخر اسی ریلے میں عوام کو بھی بہا لے گیا۔ عوام غلام بن گئے اور انگریز آقا۔

برصغیر کے حکمران اور عوام عیش و عشرت میں مگن تھے لیکن دوسری طرف کارل مارکس اور فریڈرک **اینگلس** کی خط و کتابت اور مضامین کا مطالعہ کریں تو پتہ چلتا ہے کہ وہ کتنی نزدیک سے برصغیر کی عوام پر انگریز حکمرانی کا مشاہدہ کر رہے تھے۔ کارل مارکس کے مضمون ہندوستان میں برطانوی راج جو 25 جون 1853ء کو نیویارک ڈیلی ٹریبیون میں شائع ہوا' ایک مضمون ایسٹ انڈیا کمپنی اس کی تاریخ اور اس کی کارروائیوں کے نتائج 11 جولائی 1853ء' ہندوستان میں برطانوی راج کے آئندہ نتائج 8 اگست 1853ء' ہندوستانی فوج کی بغاوت 15 جولائی 1857ء جیسے مضامین اسی امریکی اخبار میں شائع ہوئے۔ اور کئی دوسرے مضامین جن میں سے چند کے اقتباسات درج ذیل ہیں۔

کارل مارکس تحریر کرتے ہیں۔ درحقیقت ایسٹ انڈیا کمپنی کی کارروائیوں کی ابتداء 1702ء سے بہت زیادہ پہلے والے وقت سے منسوب نہیں کی جا سکتی جبکہ مختلف انجمنیں

جو ایسٹ انڈیا کی تجارت کی اجارے داری پر دعویٰ رکھتی تھیں واحد کمپنی میں متحد ہو گئیں۔ اس وقت تک ایسٹ انڈیا کمپنی کا وجود ہی بار بار خطرے میں آیا۔ ایک بار کرومویل کے زمانہ ولایت میں اس کی کارروائیاں برسوں معطل رہیں اور ایک بار ولیم سوم کی حکومت میں پارلیمانی مداخلت کی وجہ سے اس کے قطعی خاتمہ کا خطرہ پیدا ہوا۔ لیکن ہالینڈ کے اسی شہزادے کے زمانہ اقتدار میں جب وھیگ (برطانوی سیاسی پارٹی) برطانوی سلطنت کی آمدنیوں کے وصول کرنے والے ٹھیکیدار بنے' جب بنک آف انگلینڈ وجود میں آیا۔ جب برطانیہ میں حفاظتی نظام خوب مظبوط ہو گیا اور یورپ میں طاقتی توازن مختتم طور پر قائم ہو گیا صرف اسی وقت پارلیمنٹ نے ایسٹ انڈیا کمپنی کے وجود کو تسلیم کیا۔

کارلس مارکس اپنے مضامین میں ایک جگہ انگریزوں کی تمام فتوحات اور مقبوضہ کارروائیوں کا ذکر کرنے کے بعد تحریر کرتے ہیں" اس طرح حکومت برطانیہ کمپنی کے نام سے دو صدی تک لڑتی رہی جب تک کہ ہندوستان کی آخری قدرتی سرحدیں نہیں حاصل ہو گئیں۔ اب ہماری سمجھ میں آتا ہے کہ اس سارے وقت برطانیہ کی تمام پارٹیاں کیوں خاموش رہیں' حتی کہ وہ بھی جنھوں نے واحد ہندوستانی سلطنت کی تشکیل ہونے پر اپنی مکارانہ امن پسندی میں بلند بانگ ہونے کا فیصلہ کیا تھا۔ ظاہر ہے کہ پہلے ان کو ہندوستان حاصل کرنا تھا۔ تاکہ بعد کو وہ اس پر اپنی زبردستی کی انسان دوستی تھوپ سکیں۔"

ایسٹ انڈیا کمپنی کا منتظم ادارہ یعنی ڈائریکٹروں کا بورڈ کمپنی کے بہت ہی با اثر کارکنوں اور ہندوستان میں حکومت برطانیہ کے ایسے ممبران پر مشتمل تھا جن کے پاس کمپنی کے دو ہزار پونڈ سے کم کے حصہ نہیں ہوتے تھے۔ یہ ڈائریکٹروں کا بورڈ لندن میں تھا اور اس کا انتخاب کمپنی کے شیئر ہولڈروں کے سالانہ عام جلسے (شیئر ہولڈروں کی کونسل) میں ہوتا تھا۔ 1773ء میں یہ فیصلہ ہوا کہ ووٹ دینے کا حق صرف ایسے شیئر ہولڈروں کو ہو گا جن

کے پاس ایک ہزار پونڈ سے کم کے حصہ نہیں ہوں گے۔ 1853ء تک اس بورڈ کو ہندوستان میں بڑے اختیارات حاصل تھے۔ لیکن 1858ء میں ایسٹ انڈیا کمپنی کے ساتھ اس کا بھی خاتمہ ہو گیا۔

ایسٹ انڈیا کمپنی کے حصہ داروں (شیئر ہولڈروں) کی کونسل ان شیئر ہولڈروں پر مشتمل ہوتی تھی جن کے حصہ 500 سٹرلنگ یا اس سے زیادہ کے تھے۔ ان کے سال میں چار بار باقاعدگی سے اجلاس ہوتے تھے۔ ہر سال ان کے شرکاء اپنے میں سے ڈائریکٹروں کا بورڈ منتخب کرتے تھے۔

کارلس مارکس نے اپنے مضامین میں انگریزوں کی ترقی کو ان کے اپنے مفاد میں قرار دیا تحریر کرتے ہیں کہ برطانیہ کے حکمران طبقہ کو ہندوستان کی ترقی میں محض وقتی اور اتفاقی دلچسپی رہی تھی وہ بھی محض چند خاص صورتوں میں طبقہ اشرافیہ ہندوستان کو ختم کرنا چاہتا تھا۔ زردار طبقہ اسے لوٹنا کھسوٹنا چاہتا تھا اور کارخانہ دار طبقہ اپنی سستی مصنوعات کے ذریعہ اس پر غلبہ حاصل کرنا چاہتا تھا لیکن اب معاملہ الٹ چکا ہے۔ کارخانہ دار طبقہ نے دریافت کر لیا ہے کہ ہندوستان کا ایک پیداواری ملک کی شکل پانا اس کے لئے کس قدر اہم ہو گیا ہے اور وہ یہ بھی سمجھ گیا ہے کہ اس مقصد کے حصول کے لئے سب سے زیادہ ضروری یہ بات ہے کہ ہندوستان کو آبپاشی اور اندرونی رسل و رسائل کی برکتیں عطاء کی جائیں۔ اب وہ لوگ ہندوستان کے طول و عرض میں ریلوں کا ایک جال سا بچھانا چاہتے ہیں اور وہ ایسا کر کے رہیں گے اس کے نتائج یقیناً" بیش بہا ہوں گے۔"

یہ ایک حقیقت ہے کہ روشن پہلو دور کی آمد ہو یا غلامی میں جانے کی تیاری سب سے پہلے تاریخ اس دور کے حکمرانوں اور عوام کی معاشرتی و مذہبی حالت اور اخلاقی اقدار کی تصویر کشی کرتی ہے۔ عرب میں ظہور اسلام کے وقت وہاں کی اخلاقی و مذہبی حالت' صاحبان اقتدار کے رویئے تفصیل سے بیان کئے گئے ہیں۔ پھر ایک ایسا وقت آیا کہ وہ

لوگ بھی اسلام لے آئے جن کی اسلام دشمنی مشہور تھی۔ اسی طرح جب بھی برصغیر پر انگریز حکمرانی کا ذکر آتا ہے تو اس دور کے حکمرانوں اور عوام کا ذکر بھی ہوتا ہے۔ اس دور کی مذہبی' اخلاقی اور معاشرتی اچھائیوں اور برائیوں کا بھی ذکر ہوتا ہے۔ ہندوستان میں مسلم حکمران ضرور تھے لیکن ایک بڑی تعداد میں ہندو' سکھ اور عیسائی بھی موجود تھے۔ لیکن سوائے گنتی کے چند ناموں کے جنھوں نے قربانیاں دیں باقی تاریخ میں غداروں' خوشامدیوں' چاپلوسوں اور وطن فروشوں کی ایک طویل فہرست موجود ہے۔

بہرحال انگریزوں کا دور حکومت اگر برصغیر میں شروع ہوا تو باقی دنیا کے ممالک میں بھی نو آبادیاتی یلغار سے بچے نہ رہ سکے۔ یورپ سے اٹھنے والے طوفان نے ساری دنیا کو اپنی لپیٹ میں لے لیا۔ حتیٰ کہ یورپ کے چھوٹے چھوٹے ملک بھی نو آبادیاتی دور کی تاریخ میں اپنا نام لکھا گئے۔ سینکڑوں سال تک اپنی معاشرت' اپنی زبان اور مذہب کو اپنی نو آبادیوں میں ٹھونسنے کے بعد یہ لوگ لندن' پیرس اور ایمسٹرڈم میں واپس جا پہنچے ہیں تو اب نت نئی تاویلوں اور نظریات کا پرچار اپنے انتہائی قومی نشریاتی اداروں کے ذریعے ان قوموں اور ملکوں پر کرنے لگے ہیں۔ انسانیت' انسانی بھلائی' ورلڈ آرڈر' نیو سوشل کنٹریکٹ بین الاقوامی سرحدیں اور انسانی حقوق جیسے الفاظ کی ہر وقت گردان جاری رہتی ہے۔ مذہبی آزادی کے علمبردار اس سے پہلے کیتھولک اور پروٹسٹنٹ کی جنگ میں ایک دوسرے کے گلے کاٹ چکے تھے۔ سپین اور پرتگال کیتھولک تھے ان کے خلاف ذاتی مفادات کی جنگ کے ساتھ مذہبی مفادات بھی شامل تھے۔

برصغیر کی مسلم حکومتوں کی تباہی میں مذہب اور اس کے نام پر جنگ کا بھی بڑا ہاتھ تھا۔ درباروں میں باقاعدہ شیعہ اور سنی پارٹیاں ہوتی تھیں۔ مغل بادشاہوں کی ایرانی بیویاں اکثر سیاہ و سفید کی مالک ہوتی تھیں اور انکے ایرانی رشتہ دار بڑے بڑے عہدوں کے حق دار قرار پاتے تھے۔ آپس کی جنگوں میں فرقہ وارانہ مذہبی جذبات بھی کار فرما

ہوتے تھے۔ تاریخ میں بعض بڑی جنگوں کی بنیاد اسی مذہبی عناد کو بتایا جاتا ہے مثلاً اودھ اور روہیل کھنڈ کی جنگ کو اکبر شاہ خان نجیب آبادی شیعہ سنی کی جنگ تحریر کرتے ہیں۔ اودھ کا حاکم صفدر جنگ شیعہ تھا اور اسے ہندوستان بھر کے شیعوں کا پیشوائے اعظم کہا جا سکتا ہے لہٰذا اودھ اور روہیکھنڈ کی جس قدر لڑائیاں ہوئیں اس کا سبب یہی اختلاف تھا۔ دہلی پر مرہٹوں کے قبضہ کا سبب یہ تھا کہ انہیں صفدر جنگ نے حملہ کی دعوت دی تھی۔ حافظ رحمت خان فرمانروائے بریلی' نجیب الدولہ فرمانروائے نجیب آباد سنی المذہب تھے۔ آخر صفدر جنگ کے جانشین شجاع الدولہ نے انگریزوں کے ساتھ مل کر بریلی کی طرف پیش قدمی کی اور تمام روہیل کھنڈ روند ڈالا۔ ان پٹھانوں کی بربادی کے ساتھ ہی دہلی کی سلطنت اسلامیہ کا بھی خاتمہ ہو گیا۔ بارہویں صدی ہجری کے آخر میں روہیل کھنڈ کے پٹھان انگریزوں اور اودھ کے شیعوں کی متفقہ کوشش سے برباد ہوئے۔

مغل بادشاہ ہمایوں جس زمانے میں بھاگ کر ایران پہنچا اسی دور میں دکن کے علاقوں میں بھی بعض والیان ریاست شیعہ ہو گئے یہ 926ھ (1520ء) کے بعد کا ذکر ہے کہ بیجا پور کی عادل شاہیہ سلطنت میں 941ھ (1535ء) تک خوب شیعت کا زور رہا۔ لیکن جب ابراہیم عادل شاہ حکمران بنا تو اس نے سنی مسلک اختیار کر لیا وہ 965ھ (1558ء) تک زندہ رہا۔ 944ھ میں برہان نظام شاہ فرمانروائے احمد نگر شیعہ ہو گیا۔ خلفائے راشدینؓ کے ناموں کو خطبہ سے خارج کر دیا۔ تبرا کرنے والوں کے شاہی خزانے سے وظیفے مقرر کئے۔ ایران کے بادشاہ طہماسب صفوی کو خبر پہنچی تو اس نے 951ھ میں ایران سے نہایت قیمتی تحفے برہان نظام شاہ کے پاس بھیجے 965ء میں بیجاپور کی سلطنت عادل شاہیہ ابراہیم عادل شاہ کی وفات کے بعد پھر شیعہ ہو گئی احمد نگر اور بیجاپور کی ریاستوں کا اثر گولکنڈہ کی ریاست قطب شاہیہ اور دوسرے روسا دکن نے بھی قبول کیا۔ اور تقریباً" تمام اسلامی دکن میں شیعہ مذہب رواج پا گیا۔ مئی 1545ء (952ھ) میں شیر شاہ سوری کی وفات ہوئی۔ ہمایوں

اور شاہ طہماسپ صفوی کی ملاقات 951ھ (1544ء) میں ہوئی منتخب اللباب میں خافی خان تحریر کرتے ہیں کہ جب ہمایوں کی شیعہ مذہب کو تقویت پہنچانے اور اپنی سلطنت کا نظم و نسق ایرانیوں کے ہاتھ میں دینے کا ذکر ہوا تو شاہ طہماسپ ہمایوں کی مدد پر راضی ہو گیا۔ آخر 963 ھ (1555ء) میں دہلی کو فتح کر لیا۔ مرزا کامران جس کے ساتھ ہمایوں کے ملکی تنازعات تو رہتے تھے ہی کا ایک واقعہ تحریر کیا ہے جس سے ہمایوں اور بیرم خان کے نظریات کا اندازہ ہوتا ہے۔

خافی خان تحریر کرتے ہیں "جس وقت شیر شاہ کی شورش اٹھی تھی ہمایوں پنجاب چلے آئے ایک دن سواری میں مرزا کامران بھی ہمراہ تھا ایک قبرستان پر سے سواری گزری اتفاق سے اس وقت ایک کتا کسی قبر پر کھڑا پیشاب کر رہا تھا۔ مرزا کامران کی اس پر نظر پڑی تو اس نے ہمایوں کو مخاطب کر کے کہا "معلوم ہوتا ہے یہ کسی رافضی (شیعہ) کی قبر ہے۔ حضرت (ہمایوں) نے مسکراتے ہوئے جواب دیا "ہاں وہ کتا سنی ہے" اکبر کے دربار میں ایرانی امراء بڑے بڑے عہدوں پر فائز رہے۔ 1020 ھ (1611ء) میں نور جہاں کی آمد ہوتی ہے جو غیاث بیگ ولد خواجہ محمد طہرانی ایران کے اعیان و اکابر میں شامل تھا اپنی لڑکیوں کے ساتھ ہندوستان وارد ہوا۔ نور جہاں کی دوسری شادی کچھ عرصہ بعد جہانگیر سے ہوئی۔ نور جہاں نے اپنی بیٹی کا عقد (جو شیر افگن اس کے سابق خاوند سے تھی) جہانگیر کے لڑکے شہریار سے کر دیا۔ نور جہاں نے محلاتی سازشوں میں جو کردار ادا کیا وہ بھی تاریخ کا حصہ ہیں۔

اس کا بھائی آصف خان بھی امور سلطنت و سیاست میں بہت سرگرم رہا۔ نور جہاں کی وفات 1645ء میں ہوئی۔ اس کے بعد ممتاز محل کا دور آیا جب اسکی شادی شاہجہاں سے ہوئی - ہندوستان میں شیعہ خطبے کا نماز سے پہلے رواج دکن میں یوسف عادل شاہ (1489-1510ء) کے عہد میں ہوا۔ اور بارہ اماموں کے نام پڑھے گئے۔ نظام شاہی خاندان

میں برہان نظام شاہ (1554-1508ء) نے شیعہ مذہب اختیار کیا تو اس نے خطبے کو تبدیل کر کے بارہ اماموں کے نام اس میں شامل کر دیئے۔ حسین نظام شاہ (1565-1554ء) نے شیعہ خطبہ کو جاری رکھا۔ برہان نظام شاہ ثانی (1595-1591ء) نے پھر شیعہ خطبہ شروع کرایا۔ قطب شاہی خاندان کے بانی سلطان قلی (1543-1512ء) نے اپنی سلطنت میں شیعہ خطبے کا رواج دیا۔ اسی نے شاہ اسماعیل صفوی (1524-1500ء) کا نام اظہار عقیدت کے طور پر خطبے میں اپنے نام سے پہلے شامل کر دیا۔ اس کے بعد قطب شاہی سلطنت میں رواج رہا کہ بارہ اماموں اور ایران کے بادشاہوں کے نام خطبے میں شامل ہوتے تھے۔ اورنگزیب نے جب دکن کی ریاستوں کو فتح کیا تو اس نے وہاں شیعہ خطبے کی جگہ سنی خطبے کو رواج دیا۔ 1665ء میں جب اس نے قطب شاہی حکمران سے معاہدہ کیا تو اس نے معاہدے میں خاص طور سے یہ شق رکھوائی کہ خطبے سے بارہ اماموں اور صفوی حکمرانوں کے نام نکال دیئے جائیں۔ اورنگزیب کے جانشین بہادر شاہ (1712-1707ء) نے پہلی مرتبہ مغل سلطنت میں شیعہ خطبے کو رائج کرانے کی کوشش کی اور یہ فرمان جاری کیا کہ اس کی سلطنت میں بارہ اماموں کے نام کا خطبہ پڑھا جائے اس کے اس فرمان کی وجہ سے پوری مغلیہ سلطنت میں مذہبی فسادات کی آگ بھڑک اٹھی۔ آخر کار بہادر شاہ نے اپنا فرمان منسوخ کیا۔ یہ تو مسلمانوں کی اندرونی مذہبی کھینچا تانی کی روئداد تھی۔ جس کے نتیجہ میں کثرت سے تولا' تبرا اور مرثیے و نوحے ہمارے ادب کا حصہ بنے۔ ایسے تمام واقعات اور ہمارے دانشوروں اور شعراء کی بے حسی کو کئی کتابوں میں تفصیل سے بیان کیا گیا ہے۔

برصغیر کے عوام اس آنے والی مصیبت سے شاید بے خبر اپنے حال میں مست تھے مسلمانوں کی فرقہ واریت کا حال آپ نے پڑھ ہی لیا ہے۔ ہندو ذات پات کی تقسیم میں مبتلا تھا۔ ستی کی رسم اور دیگر عقائد و معاشرتی خرابیوں میں اسی طرح مبتلا تھے جس طرح میں دختر کشی کی رسم پنجاب کے مسلمانوں سیالوں میں پائی جاتی تھی اور جہانگیر کے عہد میں

شروع ہوئی۔ کسی کے ہاں لڑکی پیدا ہو جاتی تو آسے کھلے عام قتل کر دیتے۔ بالآخر ستی کی طرح اس رسم کو 1848ء میں انگریزوں نے بند کیا۔ دیگر صوبوں کے تو جو حالات تھے وہ اپنی جگہ لیکن پنجاب کے بارے میں شیر شاہ سوری نے اپنے بیٹے سلیم شاہ سوری کو وصیت کی تھی اس نے اپنی وصیت میں لکھا کہ قدرت نے مجھے اقتدار اور حکومت ایسے وقت میں عطا کیا جب کہ میری زندگی کا عرصہ مختصر رہ گیا اس وجہ سے میرے دل کی دو خواہشیں پوری نہ ہوئیں جن کی حسرت لئے میں جہاں فانی سے جا رہا ہوں۔ میری پہلی خواہش یہ تھی کہ شاہراہ اعظم کو مکہ مکرمہ تک لے جاؤں۔ دوسری خواہش یہ تھی کہ خطہ پنجاب کے تمام مرد و زن کو قتل کر کے ان کی جگہ پر نئی نسل آباد کر دوں۔ کیونکہ اہل پنجاب ہر آنے والے حکمران کا استقبال کرتے ہیں اور ہر جانے والی کی برائی کرتے ہیں۔ یہ پنجاب تک ہی محدود نہیں تھا بلکہ ہندوستان کے مختلف صوبوں میں عوام کے حالات مختلف نہیں تھے۔

دوسری طرف ہمارے تاریخ نویسوں نے برطانوی اقتدار اور اس کی کامیابیوں کو اس طرح پیش کیا کہ معاشی و سیاسی و معاشرتی حالات و واقعات کا تجزیہ کرنے کی بجائے انہیں انگریزوں کی چالاکی' فریب اور دھوکہ بازی سے منسوب کر دیا۔ انگریزوں نے بھی اپنی تاریخ میں ہندوستانی ریاستوں کے حکمرانوں کو نالائق اور عیاش بتایا تھا لیکن ہم صرف اس پر اصرار کرتے ہیں کہ صرف چند افراد کی غداری سے انگریز فتوحات ہوئیں۔ میر جعفر' میر صادق' ناؤمل کی انگریز حمایت سے ہم نے بنگال' میسور اور سندھ گنوا دیئے۔ غرض اور بھی کئی نظریات اور خیالات اس بارے میں پیش کئے جا چکے ہیں دراصل برصغیر لاکھوں مربع میل پر پھیلا ہوا علاقہ اور کروڑوں افراد کا مسکن تھا۔ صرف چند لوگوں کی غلطیوں یا غداری کے اثرات بہ یک وقت پورے برصغیر پر نہیں پڑ سکتے تھے۔ یہاں سقوط بغداد کے ابن علقمی والا مسئلہ نہیں تھا کہ بیرونی حملہ آوروں کو موقعہ دیا گیا بلکہ انگریز اپنے قدم

اندرون برصغیر پہلے ہی جما چکے تھے۔ البتہ یہ کہنا قطعاً" غلط نہیں ہو گا کہ بحیثیت مجموعی پورا برصغیر حکمرانوں اور عوام کی بے حسی اور غلطیوں کے سبب ہی غلامی کی گود میں جا گرا۔ اس کا ثبوت یہ ہے کہ بعد میں ہندوستان میں سیاسی جدوجہد صرف اس خیال سے آگے بڑھی کہ اقتدار کس کو منتقل ہو گا ہندوؤں کو یا مسلمانوں کو۔ ورنہ اس سے پہلے کی تاریخ میں گنتی کے چند نام ایسے ہیں جنہوں نے غلامی کا جوا اتارنے کی مجاہدانہ کوشش کی انگریزوں سے چھٹکارا حاصل کرنے کی سعی کرنے والے صرف چند محب وطن عناصر کے علاوہ ایک بڑی جماعت ایسے موقعہ پرستوں کی تھی جنہیں انگریزوں کی مدح سرائی' خطابات' القابات اور جاگیروں کے چکر سے فرصت نہیں تھی۔ انگریزوں نے خود ان لوگوں کا ذکر تفصیل سے کیا ہے جنہیں انہوں نے مراعات دیں۔ اور یہی طبقہ بنیادی طور پر برٹش امپائر کے مفادات کو آخری دم تک تحفظ دیتا رہا۔ 1907ء میں برطانیہ کے بادشاہ ایڈورڈ ہفتم کی تاجپوشی کے موقعہ پر جو تہنیت نامے پیش کئے گئے اور خوشی کا اظہار کیا گیا وہ تاریخ کا حصہ ہیں۔ اور اس سے پہلے ملکہ وکٹوریہ کے حضور اسی قسم کے جذبات کا اظہار کیا گیا تھا۔ سلطنت برطانیہ کی بقاء' تاج برطانیہ کا دفاع' اور ملکہ یا بادشاہ کے جاہ و حشم کی سربلندی کیلئے جن الفاظ کا استعمال کیا جاتا تھا وہ انکی برطانیہ عظمیٰ کے تخت سے تابعداری اور فرمانبرداری کے ساتھ ان کے عقیدت و احترام کے گواہ ہیں۔

مسلم مذہبی طبقہ نے کچھ تحریکیں چلائیں چونکہ ان کا عوام سے براہ راست رابطہ تھا لہٰذا وہ عام ہندوستانیوں کے جذبات سے آگاہ تھے۔ حضرت شاہ ولی اللہؒ جنکی تاریخ پیدائش 1703ء اور وفات 1762ء تھی کی وفات سے چند سال پیشتر 1757ء میں جنگ پلاسی کے بعد سے انگریزوں کا غلبہ و اقتدار اور بڑھتا ہی گیا۔ شاہ ولی اللہ نے اپنے دور حیات میں علمی اور اصلاحی تحریک کی ایسی بنیادی رکھی کہ آج تک ہر طبقہ فکر کیلئے مشعل راہ ہے۔ اسی طرح بنگال میں حاجی شریعت اللہ اور تیتو میر کی تحریکیں مسلم معاشرے کی اصلاح اور

احیاء دین کی تحریکیں تھیں۔ ان ہی تحریکوں کی وجہ سے مسلمین پر جو جمود مذہبی پیشواؤں کی غلط تعلیمات کی وجہ سے طاری ہوگیا تھا دور کرنے میں بہت مدد ملی اور ان ہی تحریکوں کے نتیجے میں آئندہ برصغیر میں جو حالات پیش آئے وہ بہت اہمیت کے حامل تھے اور یہی چند واقعات ایسے تھے جن کو آج مسلمین فخر سے بیان کرنے کی پوزیشن میں ہیں۔

شاہ ولی اللہ کے بڑے بیٹے شاہ عبدالعزیز (پیدائش 1746ء اور وفات 1824ء) کے علاوہ دیگر بیٹوں میں شاہ عبدالغنی اور شاہ عبدالقادر شامل تھے۔ اس ہی خانوادے سے شاہ اسماعیل شہید تھے (جو شاہ ولی اللہ کے پوتے اور شاہ عبدالغنی کے بیٹے تھے) آپ کی پیدائش 1779ء اور وفات 1831ء میں ہوئی شاہ اسماعیل اور سید احمد شہید اللہ تعالیٰ کی راہ میں ترک وطن کرکے صوبہ سرحد کی طرف روانہ ہوئے۔ آپ دونوں نے انگریزوں اور سکھوں کے خلاف جہاد کا اعلان کیا۔ معرکہ بالاکوٹ میں شہادت حاصل کی۔ آپ کی تحریک مادیت پرست لوگوں کی نظر میں تو شاید اہمیت کی حامل نہ ہو لیکن اس تحریک کے بہت دور رس نتائج مرتب ہوئے۔ جس کی مثال یہ ہے کہ تحریک پاکستان اور یہ تحریک لازم و ملزوم ہیں۔ برصغیر میں شیخ احمد سرہندی کی تحریک کا بڑا مقام ہے لیکن یہ وہ دور تھا جب مسلم حکمران تھے لیکن انگریزوں کے عہد حکومت میں جبکہ مفاد پرست طبقہ انگریزوں کی کاسہ لیسی میں مشغول تھا اور ان کے جبر کے سامنے کسی کو کھڑا ہونے کی ہمت نہ تھی۔ مسلم حکمران کٹھ پتلی بن چکے تھے اور انگریزوں کی حاشیہ نشینی اختیار کر بیٹھے تھے۔ اس وقت میں چند علماء نے اپنی جان ہتھیلی پر رکھ کر ایک طرف تو مسلمانوں میں اصلاح کا بیڑہ اٹھایا تو دوسری طرف انگریز سرکار کی آنکھوں میں آنکھیں ڈال دیں مسلمان چونکہ کئی سو سال تک برصغیر پر حکمران رہے تھے لہٰذا انگریز ان کے مقابلے میں ہندوؤں کو ترجیح دیتے تھے اس کے علاوہ عیسائی مشنری ادارے بھی حکومتی سرپرستی مین سرگرم عمل تھے۔ 1857ء کی جنگ آزادی میں علماء نے باقاعدہ جہاد کے فتوے جاری کئے اور انگریز کمپنیوں کے ساتھ

باقاعدہ لڑائیاں ہوئیں سرسید احمد خان اور علی گڑھ کی تحریک، دارالعلوم دیوبند کا قیام، دارلعلوم ندوہ، اور دار مصنفین اعظم گڑھ کا قیام، جمعیت الانصار، تحریک خلافت تحریک ریشمی رومال تقسیم بنگال کا واقعہ وغیرہ سب مسلمانوں کی تعلیمی اور سیاسی تحریکیں تھیں جو اس دور میں پیش آئیں۔

دوسری طرف ہندو مسلمین کے خلاف شدھی اور سنگٹھن جیسی تحریکوں کی سرپرستی میں مشغول تھے۔ 1907ء میں آل انڈیا مہاسبھا قائم کی گئی۔ جس کا بنیادی مقصد مسلمین کے مذہب کی تبدیلی، ہندو راج کے قیام اور افغانستان اور سرحدی علاقوں کی فتح وغیرہ شامل تھے۔ غرض جس طرح محترم نسیم حجازی کی تمام کتابوں میں سے قافلہ حجاز کو جو اولیت حاصل ہے اور اسکو پڑھ کر تمام مسلمان ایک خاص خوشی محسوس کرتے ہیں اس کی بڑی وجہ یہ ہے کہ اس کتاب کا تعلق اس دور سے ہے جب مسلمان مسلسل آگے بڑھ رہے تھے مرکز میں قابل احترام ہستیاں موجود تھیں اور انکی فتوحات کا دائرہ بڑھ رہا تھا۔ لہٰذا قافلہ حجاز کو پڑھنے کے بعد جو مسرت حاصل ہوتی ہے وہ دیگر کتابوں میں محسوس نہیں کی جاتی۔ اسی طرح برصغیر کی تاریخ میں علماء کا یہی ایک کردار تھا جو قابل اطمینان اور باعث فخر تھا۔ وگرنہ اسی زمانے میں انگریزوں کے پروردہ علماء نے فرقہ وارانہ مسالک بنانے میں کوئی کسر نہ چھوڑی۔ جو انگریزوں کی وراثت ہم نے حاصل کی ان میں یہ فرقہ وارانہ مسالک بھی شامل ہیں اور جس طرح ہم برطانوی سرکار کی میراث کو دیگر شعبہ ہائی زندگی میں اپنے سینے سے لگائے ہوئے ہیں اسی طرح اس فرقہ واریت کو آج بھی پالنے میں مصروف ہیں اس بات سے قطع نظر کہ ہندو اور انگریز کیا کررہے تھے۔ ہمارے اپنے مذہبی پیشوا انگریز کی کاسہ لیسی میں کتنا آگے بڑھ چکے تھے۔ اس کے متعلق ایک دستاویز روزنامہ پاکستان نے اپنی 11 اگست 1991ء کی اشاعت میں شامل کی جس کے مطابق پنجاب کے مشائخ اور سجادہ نشینوں نے جو شرمناک رویہ اپنایا اور انگریزی راج کی تعریف و توصیف

میں زمین آسمان کے قلابے ملائے شاید وہ ان کے مریدین کیلئے باعث تکلیف ہوں اور باعث عبرت بھی لیکن انگریز سرکار کی خوشامد میں اور وہ بھی جنرل ڈائر کے حضور دعا نامہ پیش کرنا ناقابل سمجھ ہے جنرل ڈائر ہی وہ شخصیت تھی جس کے حکم سے جلیانوالہ باغ میں مسلمانوں کا قتل عام کیا گیا تھا۔

پنجاب کے مشائخ علماء اور سجادہ نشینوں کی طرف سے پیش کردہ دعا نامہ بطور ایڈریس بحضور جناب نواب ہز آنر سرمائیکل سر فرانس اور اوڈ وائر یفٹیننٹ گورنر پنجاب کے بعد حضور والا کے الفاظ سے شروع کیا گیا اس دعا نامہ کو من و عن شامل اشاعت کیا جارہا ہے۔

اللہ تعالیٰ قرآن پاک میں ارشاد فرماتے ہیں۔

"اگر بستیوں کے لوگ ایمان لاتے اور تقویٰ کی روش اختیار کرتے تو ہم ان پر آسمان اور زمین سے برکتوں کے دروازے کھول دیتے مگر انہوں نے تو جھٹلایا للذا ہم نے اس بری کمائی کے حساب میں انہیں پکڑ لیا جو وہ سمیٹ رہے تھے۔

(آیت 96 سورہ الاعراف پارہ 7)

برصغیر میں مسلم عروج و زوال کو آج ہم ایک داستان سمجھ کر پڑھتے ہیں۔ تاریخ میں لوگوں کی غلطیوں پر اپنی رائے قائم کرتے ہیں۔ امت محمدیہؐ اجالے سے تاریکی کے سفر پر گامزن ہوگئی۔ دراصل قرآن پاک ہمیں بتاتا ہے کہ اللہ تعالیٰ کا کوئی کا کام بلا سبب اور بلا مصلحت نہیں ہوتا کیونکہ اس نے کائنات کو چند معینہ اصولوں پر بنایا ہے اور انہیں اصولوں کی پابندی کرکے قومیں انقلابات تاریخ پر قابو پاسکتی ہیں۔ اللہ تعالیٰ ارشاد فرماتے ہیں۔

اللہ تعالیٰ کسی نعمت کو جو اس نے کسی قوم کو عطا کی ہو اس وقت تک نہیں بدلتا جب تک وہ قوم اپنے طرز عمل کو نہیں بدل دیتی۔

(آیت 53 سورہ الانفال' پارہ 8:)

دوسری جگہ ارشاد پاک ہے۔

"حقیقت یہ ہے کہ اللہ کسی قوم کے حال کو نہیں بدلتا جب تک کہ وہ خود اپنے اوصاف کو نہیں بدل دیتی۔ اور جب اللہ کسی قوم کی شامت لانے کا فیصلہ کرے تو پھر وہ کسی کے ٹالے نہیں ٹل سکتی۔ نہ اللہ کے مقابلے میں ایسی قوم کا کوئی حامی و مددگار ہو سکتا ہے۔

(آیت 11' سورہ الرعد' پارہ 13)

اور ان آیات ربانی میں بھی یہ بتادیا گیا ہے کہ تاریخی واقعات' حوادث' قوموں کے عروج و زوال' اور عزت و ذلت کے مظاہر افراد کے اپنی اعمال کا فطری نتیجہ ہیں اسی وجہ سے قرآن پاک گزشتہ قوموں کا حالات معلوم کرنے کی نشاندہی کرتا ہے۔ اور جن قوموں پر عذاب نازل ہوا ان واقعات کو بیان کرنے کا مقصد صرف اتنا ہے کہ لوگ ان سے عبرت حاصل کریں۔ بعض اوقات اللہ تعالیٰ ظالموں کی رسی دراز کرتا ہے۔ یہ ضروری نہیں تا کہ ساری قوم میں ایک فرد بھی ایسا نہ ہو جو احکامات الٰہی کی پابندی نہ کرتا ہو۔ برصغیر میں یقیناً" ایسے بہت سے افراد ہوں گے لیکن بحیثیت مجموعی ان کے کردار نے تاریخ کو بدل دیا۔ اسی سلسلہ میں قرآن پاک میں ارشاد ہے۔

(حضرت موسیٰ کی دعا)

"اے ہمارے رب تو نے فرعون اور اس کے سرداروں کو دنیا کی زندگی میں زینت اور اموال سے نواز رکھا ہے۔ اے رب یہ کیا اس لئے ہے کہ وہ لوگ تیری راہ سے بھٹکائیں۔ اے رب ان کے مال غارت کردے اور ان کے دلوں پر ایسی مہر کردے کہ ایمان نہ لائیں جب تک دردناک عذاب نہ دیکھ لیں"

(آیت 88' سورہ یونس' پارہ 10)

سکھوں نے اپنے دور حکومت میں بے شمار مظالم ڈھائے اسلامی آثار کو تباہ و برباد

کیا۔ اسلامی عہد کی کوئی ایسی عمارت نہ تھی کہ جس کے پتھر تک نہ اتارے گئے ہوں۔ قبروں کے کتبے تک اکھاڑے گئے۔ اللہ تعالیٰ نے اس قوم کو ان مظالم کی ایسی سزا دی کہ ان کے پاس آج سر چھپانے کا ٹھکانہ نہیں ہے۔ نہ کوئی وطن ہے نہ سرزمین جسے وہ اپنا کہ سکیں۔ اس کے مقابلہ میں مسلمانوں کو اللہ تعالیٰ نے یہ عزت بخشی کہ وہ انگریزوں سے اپنے لئے علیحدہ وطن لینے میں کامیاب ہوگئے۔

ایک انتہائی دلچسپ حقیقت جو مظہرالدین صدیقی صاحب نے اپنی کتاب میں تحریر کی ہے موضوع کی مناسبت سے تحریر کرتا ہوں۔ وہ آیات تاریخ اور آیات فطرت کے باب میں حاشیہ تحریر کرتے ہیں۔

"یورپ کی سرمایہ دارانہ تہذیب کے عروج و ارتقاء کا سبب یہ بھی ہوا کہ اس نے آیات فطرت پر غور کرنا سیکھا اور مشاہدہ فطرت سے یہ نتیجہ اخذ کیا کہ عالم طبعی پر ایک واحد قانون کی فرمانروائی ہے۔ اس طرح یورپ نے عقیدہ توحید کے ایک اہم جزو کو اپنا کر مشرکانہ رسوم، روایت پرستی، توہم زدگی اور بے معنی ظواہر و شعائر سے اپنا دامن چھڑالیا۔ پھر قوانین فطرت کا استنباط کر کے اس نے ان کا اطلاق عملی زندگی پر کرنا شروع کیا اور اس کوشش کے سلسلہ میں ایسے ایسے نادر حقائق دریافت کئے جنہوں نے زندگی کے ہر شعبہ میں نئی نئی ایجادات و انکشافات کا دروازہ کھول دیا نیز انسان کی حیاتیاتی (Biological) اور تمدنی زندگی کے بارے میں نہایت بیش قیمت معلومات فراہم کئے۔ لیکن سرمایہ داروں نے آیات تاریخ سے غفلت برتی اور جن عوامل (Factors) سے قومیں تباہ و برباد ہوتی ہیں۔ ان پر انگریز اور امریکن ملوکیت پرستوں کی نگاہ نہیں پڑی۔ جس کا نتیجہ اب چین کوریا وغیرہ میں ظاہر ہو رہا ہے سرمایہ دارانہ تہذیب کے برعکس اشتراکی تہذیب نے آیات تاریخ پر غور کر کے واقعات تاریخ کی توجیہہ و تعبیر کا ایک ایسا طریقہ دریافت کیا جس میں صداقت کا کافی عنصر موجود ہے اور جو قرآن کے نظریہ تاریخ سے ملتا جلتا ہے۔ اس نے

تاریخ کو ایک واحد قانون یعنی مادی اور معاشی عوامل کا نتیجہ قرار دے کر عقیدہ توحید کے ایک اور حصہ کو اڑا لیا۔ لیکن یہ دونوں تہذیبیں توحید کے دو مختلف اجزاء جرمنی ہیں پوری توحید قرآن ہی سے مل سکتی ہے۔ اور آخری کامیابی اسی تہذیب کو حاصل ہوگی جو قرآن کے توحیدی نظریہ حیات پر کامل طور سے مبنی ہو۔

برصغیر کے عوامل کی ایک اور تصویر جو سامنے آتی ہے اسے ڈاکٹر مبارک علی کے الفاظ میں پیش کرتا ہوں۔

معاشرہ کی تمام مذہبی اور نسلی اقلیتیں جو اقتدار اور طاقت سے محروم اکثریت کے زیر سایہ خاموشی سے زندگی گزارنے پر مجبور ہوتی ہیں اور اسی خاموشی میں اپنے تحفظ اور بقاء کی جنگ میں ان کی جدوجہد پر اسرار ملامتوں اشاروں کنائیوں میں گم ہو جاتی ہے۔ اور انہیں معاشرے کے دھارے سے کاٹ کر علیحدہ کرکے ان کی صلاحیت کو نظرانداز کردیا جاتا ہے جیسے امریکہ میں نیگرو باشندوں کے ساتھ کیا جارہا ہے۔ امریکہ کی تاریخ سفید آدمی کی تاریخ ہے اس میں نیگروں غلاموں کی محنت و جدوجہد کا کوئی ذکر نہیں جو انہوں نے امریکی معاشرے کی تشکیل میں کی"

لیکن یہاں فرق اتنا ہے کہ برصغیر کے عوام کو نیگرو کا درجہ نہیں دیا جاسکا۔ اس کی وجہ یہ تھی کہ نیگرو غیر سرزمین پر جاکر آباد ہوئے تھے اور یہاں صورت حال دوسری تھی کہ چند لاکھ غیر ملکی ایک نو آبادی کے حکمران تھے۔ برطانوی عہد میں مسلمانوں کے طبقہ اشراف اور انگریزوں میں سوائے مصالحت کے مزاحمت کہیں نظر نہیں آتی۔ ہندوؤں کے اطمینان کی وجہ انگریزوں کا جمہوری نظام تھا کہ انکی عددی اکثریت ان کو فائدہ پہنچا رہی تھی۔ دوسرے مسلم نظام حکومت جس میں ذات پات کی تخصیص نہیں تھی۔ وہ ہندو معاشرے اور مذہب کی بنیادوں کو ہلا رہی تھی اور نچلی ذاتوں کے ہندوؤں میں اسلام تیزی سے پھیل رہا تھا۔ اسی حساب سے وہ عیسائیت کو بھی قبول کررہے تھے۔ تقسیم سے پہلے

عیسائیوں کی کل تعداد 63.16.000 تھی۔ جن میں سے 1.40.000 اینگلو انڈین اور 1.35.000 میں سے زیادہ تعداد یورپین کی تھی۔ جنوبی ہند کے علاقے کوچین اور تراونکور میں ان کی تعداد 23.69.000 تھی جو کل آبادی کا 31.5% تھے مدراس میں 29.00.000 عیسائی تھے۔ جو اس علاقے میں پرتگیز تبدیلی مذہب کے نتیجہ کے علاوہ نستورین چرچ کی جدوجہد کا نتیجہ تھیں مائیلاپور (Mylapore) سان تھومے (San Thome)جو مدراس کی جنوبی سمت میں ہے اس وقت تک پرتگیز معاشرت کے اثر و رسوخ کی عکاسی کرتا تھا۔ دیگر صوبوں میں سے پنجاب میں 3.39.000 عیسائی آبادی تھے جنکی اکثریت پروٹیسٹنٹ تھی۔ کوچین کے علاقے میں وہائٹ یہودی (White Jews) ایک پراسرار مذہب کے ماننے والے آباد تھے۔ ہندوستان میں اسی دوران پارسی افراد کی کل تعداد 1.15.000 تھی جن میں سے 86.000 صرف بمبئی پریذیڈنسی میں آباد تھے۔ اور تعلیمی و مالی حیثیت کی بناء پر بمبئی کے علاقے میں انڈو۔ برٹش تعلقات میں اہم کردار ادا کرتے رہے۔

اوپر اینگلو انڈین آبادی کی تعداد بیان کی گئی ہے بہتر ہے کہ اینگلوانڈین افراد کے آغاز پر سپیٹ Spate کی کتاب انڈیا اینڈ پاکستان سے اقتباس اپنے الفاظ میں پیش کرتا ہوں وہ لکھتے ہیں کہ "یہ بدنصیبی ہے کہ اینگلو انڈین نام صرف اس لئے اختیار کرنے کی کوشش کی جاتی ہے کہ جو کلنک کا ٹیکہ یوریشین Eurasian کا بامقصد نام اختیار کرنے سے بچنے کیلئے وہ انگریز جنہوں نے کام کے دوران اپنی زندگی برصغیر میں گزاری ہے ان کو اینگلو انڈین کے نام دیتے ہیں۔ انگریزوں اور پرتگالیوں دونوں نے مختلف نسلوں کی آمیزش Miscegenation کی پالیسی اس لئے اختیار کی کہ وہ مقامی لوگوں کے دلوں میں ایک فاتح قوم کیلئے جو جذبات ہوتے ہیں اسے کم کر سکیں اینگلو انڈیا کے ساتھ برطانوی رویہ کی تاریخ بہت دردناک ہے۔ اور اس مخلوط النسل قوم سے حکمرانوں نے بہت سی امیدیں وابستہ کر رکھی تھیں اور ان کو کسی قسم کا فائدہ بھی نہیں دیتے تھے دہلی میں غدر کے دوران جو ٹیلی

گرافک کلرک اینگلو انڈین تھے انہوں نے بہت اہم کام سرانجام دیئے تھے لیکن ان کی تاریخ میں کہیں تعریف نہیں کی گئی۔ فوج میں نان میشنڈ افسروں کی خاصی تعداد تھی اور وہ سخت مشکلات سے دو چار تھے کیونکہ ان کے ارد گرد سب لوگ ہی ان کے مخالف تھے۔ حالات میں تبدیلی اس وقت عمل میں آئی جب سوئز کنال کو کھول دیا گیا اور یورپین عورتوں اور بیویوں کی آمد شروع ہوئی تو یہ خطرہ محسوس کیا گیا کہ اینگلو انڈین مردوں کے مقابلے میں انکی عورتوں کے خلاف زیادہ تعصب جنسی وجوہات کی بناء پر پایا جائے گا۔

اس کے علاوہ دیگر وجوہات بھی تھیں۔ ہندو مذہب میں جو ذات پات کا تصور تھا اس میں اینگلو انڈین کہیں بھی FIT نہیں ہوتے تھے۔ کیونکہ ان میں زیادہ تر یورپی فوجیوں اور تاجروں کی اولادیں تھیں جو ہندوستانی لڑکیوں سے پیدا ہوئی تھیں لہٰذا غربت انہیں ورثے میں ملی تھی۔ ان حالات کی وجہ سے اینگلو انڈین برصغیر میں انگریزوں کے محض موکل بن کر رہ گئے گو ان میں سے کئی اونچے افراد کو یورپین درجہ حاصل ہو گیا تھا عام طور پر ان لوگوں میں مخلوط النسل ہونے کے اثرات پوری طرح نمایاں نظر آتے تھے۔ چونکہ انگریزی ان کی مادری زبان تھی اور ہندوستان کے بعض محکموں میں ان کی اجارہ داری تھی۔ دیگر عیسائیوں میں برطانوی فوج کی روانگی کے بعد برصغیر میں یورپی افراد کی زیادہ تعداد تجارت سے وابستہ رہی۔ اور ان میں سے بہت کم افراد سرکاری عہدوں پر تعینات ہوئے البتہ سرکاری محکموں میں چند ٹیکنیشن کام کرتے رہے۔ ان میں سب سے زیادہ تعداد کلکتہ اور بمبئی سکاٹ افراد کی تھی۔ لیکن ان کی تعداد ایک لاکھ بیس ہزار اور ایک لاکھ پچاس ہزار کے درمیان ہی رہی۔ البتہ جنگوں کے دوران انکی تعداد میں اضافہ ہو گیا تھا۔

سکھوں کے عقائد سے قطع نظر تقسیم کے وقت ان کی تعداد تقریباً" 62.19.000 تھی اور بعد میں یہ زیادہ تر مشرقی پنجاب اور خاص طور پر پیپسو (PEPSU) میں آباد ہوئے جہاں سے مسلمانوں کا انخلاء عمل میں آیا تھا۔ ان کے پانچ بنیادی عقائد ہیں کیس (یعنی

داڑھی اور بالوں کا نہ کٹانا) کنگھا (لکڑی کا کنگھا) کچھا (انڈرویئر) ' کڑا (لوہے کا کڑا) اور کرپان شامل تھے۔ کرپان رکھنے کی انہیں اجازت دی گئی تھی' پنجاب میں سکھوں کی حکومت کافی عرصہ رہی اور رنجیت سنگھ کی حکومت (1839-1780) تک رہی۔

سکھوں نے تقسیم کے وقت فسادات میں بہت قتل و غارتگری کی برصغیر میں آباد چند قبائل میں سے اہم قبیلوں کا ذکر کرنا بھی مناسب ہوگا۔ قبلہ بھیل کی تعداد 23,32,000 تھی اور یہ زیادہ تر راجستھان ' بمبئی اور مدھیا بھارت کے علاقوں میں پائے جاتے تھے۔ گوند کی تعداد 32,00,000 تھی جس میں سے 25,00,000 مدھیا پردیش (سی پی) میں آباد تھے۔ ایک زمانہ میں وسطی ہندوستان کے کئی علاقوں میں انکی حکومت رہی تھی۔ سنتل قبیلہ کے افراد کی تعداد 27,33,000 تھی اور یہ زیادہ تر بنگال بہار کے سرحدی علاقوں تک محدود تھے۔

جیسا کہ میں نے پہلے ذکر کیا ہے کہ یورپ سے اٹھنے والی تحریکیں بڑی ہمہ گیر تھیں۔ ان کے پاس وسائل رسل و رسائل کی فراوانی تھی۔ اسی وجہ سے دنیا کا کوئی گوشہ ان کے اثرات سے محفوظ نہ رہ سکا۔ مسلم قوم میں ایک خوبی ہے کہ دینی معاملات میں بہت جذباتی ہے بلکہ آتش سیال کا طوفانی دریا ہے۔ چھوٹی چھوٹی بات پر بھڑک اٹھتی ہے کہ سارا ماحول اس کی لپیٹ میں آجاتا ہے۔

لیکن یہ شعلہ فشانی بہت جلد ٹھنڈی پڑ جاتی ہے اور عام طور سے یہ ہوتا ہے کہ ماحول میں تو کوئی تبدیلی واقع نہیں ہوتی لیکن یہ خود راکھ کا ڈھیر بن کر رہ جاتی ہے کبھی یہ راکھ کا ڈھیر ایک بگولے کی طرح اٹھتا ہے اور یوں محسوس ہوتا ہے کہ اب اس کی راہ کی مین آنے والی ہر شے خس و خاشاک کی طرح بہہ جائے گی لیکن تھوڑی دیر بعد معلوم ہوتا ہے کہ یہ بگولہ اپنے ہی گرد رقص کرنے کے بعد کسی طوفان بلاخیز میں بہہ گیا ہے اور پھر ایک سکوت طاری ہوجاتا ہے۔ جو پھر کسی طوفان کا پیش خیمہ ہوتا ہے۔ دراصل مسلم قوم

کی بدقسمتی ہے کہ اس میں لیڈر شپ کا فقدان رہا ہے۔ اور جو لیڈر ملے انہوں نے کوئی متعین راہ عمل اختیار نہ کی۔ اب بھی قوم کے نوجوان جوش و خروش سے بلا دھڑک اور بلا سوچے سمجھے حوادث زمانہ کے سیل بے پناہ میں کود پڑتے ہیں۔ یہ بے عملی نہیں بلکہ ایک غیر متعین راستے پر بلا منصوبہ بندی سفر کا آغاز ہے۔ قائد اعظم اور علامہ اقبال نے راستہ متعین کیا تو انہوں نے اپنا تن من دھن وار دیا۔ یورپ مذہب سے دور ہوا تو وہاں صرف تحریکیں رہ گئیں۔ روحانیت سے خالی اور مادیت پرستی کی تحریکیں جن کے پیش نظر کوئی خاص تعمیری مقاصد نہیں تھے۔ بلکہ ان کے اپنے اندرونی خلفشار کے خلاف انتشار تھا۔ ہنگامی آرائی سے چونکہ تخریبی نتائج ابھرتے چلے آتے ہیں۔ 1942ء میں گاندھی جی نے انڈیا چھوڑو (Quit India) کی تحریک شروع کی اور نافرمانی کا اعلان کیا۔ تو اس نے قائد اعظم کو دعوت دی کہ جب انگریزوں کی غلامی سے نجات حاصل کرنا ہمارا مشترکہ مقصد ہے تو آپ بھی اس تحریک میں شامل ہو جائیں یا کم از کم اس کی تائید کیجیے۔ اس کے جواب میں قائد اعظم نے فرمایا کہ گاندھی جی! قوم کو قانون کا احترام سکھایئے قانون شکنی کا سبق نہ پڑھایئے۔ ایک دفعہ قوم کو اس کی عادت پڑ گئی تو آج سیلاب کا رخ انگریز کی طرف ہے کل اس کا رخ خود آپ کی سمت ہو جائے گا۔ اس وقت اس کے سامنے بند باندھنا آپ کے بس میں نہیں رہے گا۔

برصغیر کی سیاست میں مذہبی رہنماؤں کا کردار اور فرقہ واریت کی کشمکش مختصراً" پہلے بیان کردی گئی ہے۔ لیکن اگر اس کا ایک جائزہ لیا جائے کہ اس وقت ان کی عملی صورت کیا تھی تو صورت حال اس طرح بنتی ہے۔ برہمن عوام کو کہتا کہ راجہ یا بادشاہ ایشور کا اوتار ہے' جبہ و دستار یہ صدا بلند کرتے کہ بادشاہ زمین پر خدا کا سایہ ہے (السلطان ظل اللہ علی الارض) اور جو اس سے سرتابی کرے گا وہ خدا کی معصیت کرتا ہے۔ اس کے ساتھ ہی دنیا سے نفرت کا درس دیا جاتا ہے کہ دنیاوی قوت' حشمت' دولت اور زینت وغیرہ خدا

کے بندوں کیلئے نہیں ہیں بلکہ انہیں دنیا سے زیادہ آخرت کے بندوبست کی فکر کرنی چاہئے اور آخرت کے حصول کیلئے چلے، مراقبے، وظیفے، اور چند رسوم پر عمل کرنے کی تلقین کی جاتی۔ ادھر برہمن یہ درس دے رہا ہوتا کہ اگلا جنم بہت صالح ہوگا۔

اب دیکھنا یہ ہے کہ برصغیر میں مذہبی رہنماؤں کا عام کردار کیا رہ گیا تھا۔ راجہ برہمن کی رَکھشا (نگرانی یا سبانی) کرتا اور اس کے بدلے میں برہمن، راجہ کو اشیرباد (دعائے خیر یا دعائے برکت) دیتا، سلطان مذہبی رہنماؤں یا پیشواؤں کے وظیفے مقرر کرتا اور یہ رہنما برسرمنبران کی تائید سلامتی اور نصرت کی دعائیں مانگا کرتے، علامہ اقبال نے یہ حالات دیکھ کر ہی کہا تھا کہ:-

صوفی کی طریقت میں فقط مستی احوال
ملا کی شریعت میں فقط مستی گفتار

وہ مرد مجاہد نظر آتا نہیں مجھ کو
ہو جس کے رگ و پے میں فقط مستی کردار

ایک اور جگہ خانقاہی نظام کے بارے میں فرمایا

یہ حکمت ملکوتی یہ علم لاہوتی
حرم کے درد کا درماں نہیں تو کچھ بھی نہیں

یہ ذکر نیم **شبی** یہ مراقبے یہ سرور
تری خودی کے نگہباں نہیں تو کچھ بھی نہیں

غلامی کا جوا اتارنے کیلئے جس مجاہدانہ طرز عمل کی ضرورت تھی وہ یکسر مفقود تھی۔ یا

چند ایسے افراد یا جماعتوں نے اگر اس کا بیڑہ اٹھایا بھی تو وہ عوامی تائید صرف اسی وجہ سے حاصل نہ کر سکی کہ بقول علامہ اقبال:-

رمز و ایما اس زمانے کیلئے موزوں نہیں
اور آتا نہیں مجھ کو سخن سازی کا فن

قم باذن اللہ کہ سکتے تھے جو رخصت ہوئے
خانقاہوں میں مجاور رہ گئے یا گورکن

لوگوں کو تصوف کا درس دے کر دنیا سے نفرت دلانے والے آسایشوں اور زیبائشوں سے دور رہنے کا مشورہ دینے والے بظاہر تو عوام کے سامنے سادگی اختیار کرتے (اب تقسیم کے بعد سادگی کا جوا بھی اتار پھینکا گیا ہے) لیکن ان کے محلات میں جو سامان عیش و عشرت مہیا ہوتے ان کے بارے میں علامہ اقبال نے بال جبریل میں ایک باغی مرید کی زبان سے حقیقت بیان کرائی کہ

ہم کو تو میسر نہیں مٹی کا دیا بھی
گھر پیر کا بجلی کے چراغوں سے ہے روشن

شہری ہو دیہاتی ہو مسلمان ہے سادہ
مانند بتاں پجتے ہیں کعبے کے برہمن

نذرانہ نہیں سود ہے پیران حرام کا
ہر خرقہ سالوس کے اندر ہے مہاجن

میراث میں آئی ہے انہیں مسند ارشاد

زاغوں کے تصرف میں عقابوں کے نشیمن

میں نے زیادہ زور برصغیر کے حوالے سے ہندوؤں اور مسلمانوں پر دیا ہے کیونکہ یہاں سے سب سے زیادہ تعداد ہندوؤں کی اور ان کے بعد مسلمانوں کی تھی دیگر مذاہب کے ماننے والوں کی تعداد بہت کم تھی۔ عیسائی افراد میں اینگلو انڈین اور یورپین کا حال پہلے بیان ہوچکا ہے۔ لیکن مشنریوں کے ذریعے عیسائیت قبول کرنے والے مقامی افراد اور انگریز حکومت کی سرپرستی میں عیسائیت کی تبلیغ کے جو اثرات مقامی عیسائیوں پر ہوسکتے تھے ان کے زیر اثر ان سے آزادی کے سلسلہ میں کسی مجاہدانہ کردار کی توقع نہیں ہوسکتی تھی بلکہ اس سلسلہ ایک لطیفہ مشہور ہے کہ تحریک آزادی کے دنوں میں لاہور کی مال روڈ سے ایک جلوس گزرنے کے بعد دو عیسائی خاکروب خواتین سڑک کی صفائی کررہی تھیں کہ ایک نے دوسری سے پوچھا کہ یہ لوگ کیا چاہتے ہیں' اس پر دوسری نے جواب دیا! کہ یہ ہم سے آزادی چاہتے ہیں۔

برصغیر کے شعراء کا تذکرہ بھی پہلے ہوچکا ہے اور یہ بھی تحریر کرچکا ہوں کہ ان کے شعر اس قابل نہیں کہ نئی قوم کے نوجوان دور غلامی کے ان شاعروں کی فحش گوئی کو دوبارہ پڑھیں اور تقسیم کے بعد ان کے بے ہودہ کردار پر پردہ ڈالتے ہوئے درسی نساب میں بھی ان کی شاعری کو جگہ دی گئی ہے۔ اور بالاخر طالب علموں کی رسائی ان مشہور شاعروں کی فحش گوئی تک ہو ہی جاتی ہے۔ یہ ہماری بدقسمتی ہے کہ سلطنت مغلیہ کے زوال کے بعد شعروادب کے نام سے جو لٹریچر تخلیق ہوا اس کے بیشتر حصہ فواحشات پر مبنی تھا اور بڑی پست سطح کی فواحشات۔ قران پاک میں ارشاد ہے۔

> "اے محمدؐ ان سے کہو کہ میرے رب نے جو چیزیں حرام کی ہیں وہ تو یہ ہیں: بے شرمی کے کام خواہ وہ کھلے ہوں یا چھپے۔ (یعنی ظاہری ہوں یا باطنی فواحش)

(آیت 33' سورہ الاعراف' پارہ: 7)

معاشرہ میں برے خیالات اور ہر وہ چیز جو ان برے خیالات کی **انگیخت** کا موجب بنے بے شرمی اور فواحش کے زمرے میں آتی ہے۔ یہ ہر اس بد قسمت قوم کی زندگی میں زہر گھولنے لگتی ہے جو حقیقی سرور و انبساط سے محروم ہوجاتی ہیں اور ذہنی عیاشیوں ۰ تخیلاتی لذتوں میں ڈوب کر اس متعدی مرض کا شکار ہوتی چلی جاتی ہیں۔ عاشق ۰ معشوق ۰ محبوب رقیب' بازاری عورت ۰ ساقی ۰ شراب ۰ محبوبہ وغیرہ کے الفاظ تو ہماری شاعری کی صنف سخن غزل کے بنیادی کردار ہیں۔ لیکن دست درازی' امرد پرستی' شب بسری کے ساتھ ساتھ میر تقی میر بھی عطار کے لونڈے سے دوا لیتے نظر آتے ہیں۔ فارسی شاعری کا اکثر حصہ امرد پرستی پر قائم ہے۔ اور دیگر شعبہ ہائے زندگی کی طرح اردو شاعری میں یہ جراثیم وہاں سے ہی داخل ہوئے۔ لکھنؤ اور اودھ میں ایرانی معاشرت و مذہبیت کے جو اثرات قائم ہوئے وہ کوئی ڈھکے چھپے نہیں۔ یہ تو ذکر تھا اردو شاعری کا لیکن ہماری لوک داستانوں میں جو داستانیں بیان کی جاتی ہیں وہ تو مقامی زبانوں میں ہی ہوتی ہیں۔ لیکن معرفت کا کلام کہ کہ ان پر پردہ ڈالنے کی کوشش کی جاتی ہے۔

آخر اللہ تعالیٰ نے علامہ اقبال جیسے شاعر کو اس قوم میں پیدا کیا اور رند مشرب شعراء منہ دیکھتے رہ گئے علامہ اقبال نے سوئی ہوئی خودداری کو بیدار کرنے اور مجاہدانہ جذبات پیدا کرنے کے علاوہ فحش گو شاعروں کی بھنگ اور افیون میں ڈوبی ہوئی لعنت سے قوم کا پیچھا چھڑایا۔

انگریزوں کی برصغیر میں آمد سے پہلے اس کے بعد ان کے دور حکومت میں جو ہمارا سماجی ومعاشرتی کردار تھا وہ کوئی ڈھکا چھپا نہیں ہے۔ انگریزوں کی برصغیر سے روانگی کے بعد بھی کوئی خاص تبدیلی عمل میں نہیں آئی۔

1. آبادی
(Population)
برصغیر پاک و ہند کی آبادی کا 1947ء میں ایک جائزہ

1947ء میں برصغیر کی کل آبادی تقریباً" 389 ملین (38,89,97,955) تھی جس میں سے 20,10,25,726 مرد اور 18,79,72,229 خواتین تھیں۔

(i) دیہات میں 33,93,01,902 افراد اور شہروں میں 4,96,96,053 افراد رہائش پذیر تھے۔

(ii) دیہات میں رہنے والے 33,93,01,902 افراد میں سے 17,36,38,089 مرد اور 16,56,63,813 عورتیں تھیں۔

(iii) شہروں میں رہنے والے 4,96,96,053 افراد میں سے 2,73,87,637 مرد اور 2,23,08,416 خواتین تھیں۔

(iv) برصغیر کی کل آبادی میں سے اندازاً" 23 کروڑ بھارت میں' 8 کروڑ پاکستان میں اور تقریباً" 8 کروڑ ریاستوں میں آباد تھے۔

(v) ریاستوں میں رہائش پذیر 8 کروڑ افراد میں سے تقریباً" سات کروڑ اسی لاکھ بھارت میں اور 20 لاکھ افراد پاکستان کے حصہ میں آئے۔

(vi) شرح پیدائش 40 فی ہزار اور شرح اموات 30 فی ہزار تھی۔

(vii) برصغیر میں رہنے والے افراد کو جسمانی ساخت کے لحاظ سے سات درجوں میں تقسیم کیا گیا۔ ترک و ایرانی' انڈو آرین' سکائی تھو ڈراویڈین (Scytho Dravidian)' آریو ڈراویڈین (Aryo Dravidian)' منگول ڈراویڈین' خالص منگول' اور خالص ڈراویڈین' یہ سب آپس میں ملے جلے تھے۔

(viii) برصغیر کی کل آبادی میں تقریباً" 24 کروڑ ہندو' 9 کروڑ 44 لاکھ مسلم' ایک کروڑ تیس لاکھ بدھ' 57 لاکھ سکھ' 63 لاکھ عیسائی' ایک لاکھ دس ہزار پارسی' 80 لاکھ اینی مسٹ (Animist) تھے۔

(ix) اس لحاظ سے ہندو 64%' مسلم 27%' بدھ 3.5%' عیسائی 1%' سکھ 1%' جین 4%' پارسی 0.03% اور اینی مسٹ 2.5% تھے۔

(x) برصغیر میں کم از کم 220 زبانیں بولی جاتی تھیں' لیکن ان کے چار بڑے گروپ تھے منڈا لینگویج (Munda Languages)' دراویڈن کی زبانیں' انڈو آرین زبانیں' تبتو چینی زبانیں'

(xi) شرح تعلیم 12% تھی۔

(xii) سالانہ فی کس آمدنی کی شرح 65 روپیہ تھی۔ جو دنیا میں سب سے کم تھی۔ جبکہ یہ شرح امریکہ میں 1406 روپے اور جاپان میں 281 روپیہ تھی۔

(xiii) 1931ء کی مردم شماری میں تقریباً" 44% آبادی کو ورکر (Worker) زمرے میں شمار کیا گیا تھا۔ اس میں سے 67% زراعت کے پیشہ سے' 10.2% کان کنی اور صنعت سے' باقی 22.2% تجارت و ٹرانسپورٹ وغیرہ سے وابستہ تھے۔

(xiv) 1931ء میں اوسطاً" سالانہ آمدنی فی ورکر زراعت میں 86 روپے' کان کنی میں 192 روپے' اور تجارت و ٹرانسپورٹ میں 305 روپے تھی۔

(xv) صنعت سے وابستہ افراد کو صنعت کے دو شعبوں میں تقسیم کیا گیا تھا۔ گھریلو صنعتیں اور بڑی صنعتیں۔ 90% صنعتی آبادی گھریلو صنعتوں کے شعبہ سے وابستہ تھی۔ اوسطاً" سالانہ آمدنی ایک صوبے سے دوسرے صوبے سے مختلف تھی۔ 37-1936ء میں بمبئی کی گھریلو صنعتوں سے وابستہ ورکر 15 روپیہ' جبکہ آرگنائزڈ صنعت سے وابستہ افراد کی آمدنی 27 روپے فی ماہ تھی۔

(xvi) 1931ء کی مردم شماری کے مطابق زراعت کے لئے موجود زمین 362 ملین ایکڑ تھی اور زراعت کے شعبہ سے وابستہ افراد کی تعداد 6,65,00,000 تھی۔

جسمانی ساخت کی قسمیں :-

ڈراوڈین (Dravidians) باشندے شمالی ایشیا کے باشندوں سے مختلف اور ساخت کے لحاظ سے ملایا' سماٹرا اور مڈغاسکر سے زیادہ نزدیک تھے۔ ان کا منبع کچھ بھی ہو یہ صدیوں سے یہاں آباد اور مقامی سانچے میں ڈھل چکے ہیں۔ شمال مغرب کے علاقے میں انہیں حملہ آوروں نے بڑی خوبصورتی سے بے دخل کر دیا جن میں آریائی' سکائی تھین' پٹھان اور مغل شامل تھے۔ شمال مشرقی علاقوں میں منگول قبائل نے برمی باشندوں کے ساتھ ملکر یہی عمل کیا۔ خالص ڈراوڈین اور ان غیر ملکی باشندوں کے درمیان ایک سرحدی لائن ہے جہاں ان نسلوں کا ایک دوسرے سے ملاپ ہوتا ہے۔

جسمانی ساخت کے حساب سے برصغیر کے باشندے سات حصوں میں تقسیم کئے جا سکتے ہیں اور اگر انڈمان کے باشندوں کو شامل کر لیا جائے تو آٹھ بن جاتے ہیں۔ حبشی النسل کو نظر انداز کیا گیا ہے۔ تفصیل اس طرح ہے :-

(1) ترک۔ ایرانی :۔بلوچ' براہوی اور افغان جو صوبہ سرحد اور بلوچستان میں رہائش پذیر ہیں۔ یہ ترک اور ایرانی ملاپ سے وجود میں آئے جس میں ترک غلبہ رکھتے ہیں۔

(2) انڈو آرین :۔یہ باشندے پنجاب' راجپوتانہ اور کشمیر میں آباد ہیں۔ اور اس خصوصیات کے حامل افراد کی مثال راجپوت' کھتری اور جٹ ہیں۔ یہ باشندے ترک ایرانی باشندوں سے علیحدہ پہچانے جا سکتے ہیں روایتی طور پر ان آریائی باشندوں کے نزدیک ہیں جو یہاں آکر آباد ہوئے۔

(3) سکائتھو۔ ڈراوڈین (Scytho Dravidian) :۔اس ساخت کے باشندے مرانھا برہمن' کنبی' اور مغربی بھارت کے علاقے کورگ میں ملتے ہیں

یہ غالباً" ڈراویڈین اور سکائتھ عناصر کے ملاپ سے وجود میں آئے۔

(4) آریائی۔ڈراویڈین یا ہندوستانی :۔اس ساخت کے باشندے صوبہ یو۔پی اور راجپوتانہ و بہار کے چند علاقوں کے علاوہ اونچی ذات کے ہندوستانی برہمنوں اور نچلی ذات کے چماروں میں پائے جاتے ہیں۔ اس ساخت کے افراد غالباً" مختلف تناسب کے انڈو۔ آرین اور ڈراویڈین کے باہمی اختلاط کے نتیجے وجود میں آئے۔

(5) منگول۔ڈراویڈین یا بنگالی :۔زیریں بنگال اور اڑیسہ کے علاقے میں بنگالی برہمن اور کانستھ' مشرقی بنگال کے مسلمان اور اس علاقے کے کچھ دوسرے گروہ اس میں شامل ہیں' اس ساخت کے باشندے ہمالیہ تک شمال کی سمت میں اور مشرق میں آسام اور غالباً" اڑیسہ کی اکثریت شامل ہے۔ مغربی سمت میں اندازاً" چوٹاناگپور کے پہاڑی علاقے اور مغربی بنگال تک کے علاقوں تک پھیلے ہوئے ہیں۔

(6) منگول :۔منگول ساخت کے باشندے ہمالیہ' نیپال اور آسام میں آباد ہیں۔

(7) ڈراویڈین :۔ڈراویڈین ساخت کے باشندے سیلون سے لے کر گنگا وادی تک اور مدراس' حیدر آباد اور سی۔پی تک سرایت کر گئے ہیں۔ وسطی ہند اور چوٹانگر کے زیادہ علاقوں تک۔ اس خصوصیات کے حامل افراد پنیان کا تعلق ملابار سے ہے اور سانتل کا چوٹاناگپور سے ہے شامل ہیں۔ غالب" یہ برصغیر کی اصل آبادی تھی اور پھر آرین' سکانتھن و منگول نسلوں کے اتصال سے انکی تبدیل شدہ نسل وجود میں آئی۔

ڈراویڈین سخت جان اور محنت کش ہیں اور ان سب جگہوں پر جہاں سخت مزدوری کے کام ہوں پائے جاتے ہیں۔ چاہے وہ آسام کے چائے کے باغات ہوں' یا سری لنکا' مشرقی بنگال میں چاول کی کٹائی میں۔ کلکتہ' رنگون اور سنگاپور میں سڑکوں کی صفائی کا کام وغیرہ۔ غرض یہ اپنی جلد کی کالی رنگت کی وجہ سے صاف پہچانے جاتے ہیں۔

جدول 1.1: برصغیر میں آبادی کی تقسیم 1947ء (ملین آبادی)

مذہب	بھارت و پاکستان	ریاستیں
شیڈول کاسٹ	39.9	8.9
ہندو (دیگر)	150.9	55.2
مسلم	79.4	15.0
قبائل	16.7	8.7
سکھ	4.2	1.5
عیسائی	3.5	2.8
دیگر	1.2	1.0

ہندوؤں کا غلبہ زیادہ تر وسطی اور جنوبی برصغیر کے علاقوں میں تھا لیکن مدراس صوبہ میں بھی انکی آبادی 87٪ سے کم نہیں تھی اس کے علاوہ انکی اکثریت بہار' اڑیسہ' یوپی میں تھی۔ وسطی ہند کے علاوہ راجپوتانہ اور بمبئی میں بھی یہی صورتحال تھی۔

مسلم اکثریت صوبہ سرحد' صوبہ بلوچستان' کشمیر' مغربی پنجاب' مشرقی بنگال اور سندھ میں تھی۔ آسام میں مسلم اکثریت 34٪ اور یو۔پی میں صرف 15٪ تھی۔

سکھ اکثریت پنجاب میں آباد تھی اور جین مذہب سے تعلق رکھنے والے راجپوتانہ' اجمیر' مارووارا اور پڑوسی ریاستوں میں آباد تھے۔

عیسائیوں کی آدھی سے زیادہ تعداد جنوبی ہندوستان بشمول حیدر آباد سٹیٹ میں تھی۔ پنجاب' یوپی' بنگال' بہار اور بمبئی میں کافی عیسائی آباد تھے اور باقی تعداد برصغیر کے مختلف حصوں میں پھیلی ہوئی تھی۔ پارسی اور یہودی زیادہ تر بمبئی کی پریذیڈنسی میں رہائش پذیر تھے۔

ہندو ذاتیں ہندوؤں کی مختلف ذاتوں میں شیڈول کاسٹ یا ہریجن بھی شامل تھے۔ جنکی آبادی 6.5 ملین کے قریب تھی۔ دیگر ذاتوں کے اعداد و شمار اس طرح ہیں۔

جدول 1.2: ہندو ذاتیں اور انکی تعداد

	ہندو ذاتیں	آبادی (افراد)
(i)	بنیا	28,00,000
(ii)	برہمن	1,42,50,000
(iii)	چمار	1,12,60,000
(iv)	دھوبی	20,00,000
(v)	گوند	29,00,000
(vi)	حجام	29,00,000
(vii)	جٹ	74,00,000
(viii)	کائستھ	23,00,000
(ix)	کولی	25,00,000
(x)	کمہار	33,50,000
(xi)	کُمبی	83,00,000
(xii)	لنگایت	27,00,000
(xiii)	مہر	30,00,000
(xiv)	مراٹھا	66,00,000
(xv)	نماسدرا	22,00,000
(xvi)	راجپوت	98,00,000
(xvii)	تیلی	42,00,000

جدول 1.3 برصغیر کی لسانی تقسیم

زبانیں	(بولنے والے افراد)
ہندی	79,000,000
بنگالی	54,000,000
تیلگو	26,000,000
مراٹھی	21,000,000
تامل	20,000,000
پنجابی	16,000,000
راجھستانی	14,000,000
کناریز	12,000,000
اڑیا	11,000,000
گجراتی	11,000,000
ملایالم	10,000,000
سندھی	4,000,000
آسامی	2,000,000
کشمیری	1,500,000
بلوچی	600,000
منڈا زبانیں	4,000,000

جدول 1.4 برصغیر کی شہری آبادی (1931-1941ء)

شہر کا نام	1941ء	1931ء
کلکتہ اور ہاوڑا	2488083	1388644
بمبئی	1489883	1161383
مدراس	777481	647230
حیدر آباد	739159	466894
دہلی	521849	347539
لاہور	671659	429747
احمد آباد	591267	310000
بنگلور (بمعہ سول و ملٹری سٹیشن)	406760	306470
لکھنؤ	387177	274659
امرتسر	391010	264840
کراچی	359492	247791
پونا	258197	198078
کانپور	487324	243755
آگرہ	284149	229764
ناگپور	301957	215165
بنارس	263100	205315
الہ آباد	260630	183914
ماروڑا	239144	182018
سرینگر	207787	173573

پٹنہ	175706	145432
شولا پور	212620	144654
جے پور	175810	150579
بریلی	192688	144031
ترچناپلی	159566	142843
ڈھاکہ	213218	138518
میرٹھ	169290	136709
اندور	203695	147100
جبل پور	178339	124382
پشاور	130967	87440
اجمیر	147258	119524
ملتان	142768	119457
راولپنڈی	181169	119284
بڑودا	153301	112860
مراد آباد	142414	110562
تنےویلی پلم کوٹھ	91644	109068
میسور	150540	107142
سالم	129702	102179
لشکر	182492	126949
سورت	171443	98936
جمشید پور	148711	83738
سیالکوٹ	138348	100973

جالندھر	135283	89030
کولار	133859	85103
کوائمبٹور	130348	95198
ٹری وینڈرم	128365	96016
بیکانیر	127226	85927
جودھپور	126842	94736
کالی کٹ	126352	99273
بھات پاڑا	117044	84975
کوئل۔علی گڑھ (Koil)	112655	83878
لدھیانہ	111639	68586
شاہجہاں پور	110163	83764
سہارنپور	108263	78655
گایا	105223	88005
جھانسی	103254	93112
بھاونگر	102851	75594
حیدر آباد سندھ	127521	96021

شہروں کی مجموعی آبادی 91 لاکھ سے بڑھ کر ایک کروڑ 65 لاکھ ہو گئی کل اضافہ 81٪ ہوا جبکہ بر صغیر کی کل آبادی کا اضافہ اس وقت صرف 15٪ تھا۔

جدول 1.5: برصغیر کی شہری اور دیہاتی آبادی 1891ء تا 1941ء (فیصدی)

سنہ	دیہاتی %	شہری %
1891ء	90.5	9.5
1901ء	90.1	9.9
1911ء	90.6	9.4
1921ء	89.8	10.2
1931ء	89.0	11.0
1941ء	87.0	13.0

صوبہ یوپی میں سب سے زیادہ شہر تھے اس کے بعد مغربی و مشرقی پنجاب کا نمبر تھا۔ راولپنڈی کی آبادی میں اضافہ کی وجہ اس کا ملٹری شہر ہونا تھا۔ صنعتی لحاظ سے سیالکوٹ مغربی پنجاب میں اور جمشید پور بہار میں واقع تھا۔

صوبہ یوپی کو بڑے شہروں کے لحاظ سے ہمیشہ اولیت رہی بمقابلہ دیگر صوبوں کے جبکہ بنگال آبادی کے لحاظ سے اولیت کا حامل رہا لیکن اس کے شہروں کی آبادی کم رہی یہاں صرف ایک میٹرو پولیٹن شہر کلکتہ تھا اور ایک شہر ہوڑا کلکتہ کے نواح میں واقع تھا اور یہاں ایک نیا شہر بھارت بازہ آباد تھا۔

جدول 16: 1941ء کی مردم شماری کے مطابق برصغیر کے صوبوں کی آبادی

صوبے	رقبہ مربع میل	کل آبادی (افراد)	گنجانیت فی مربع میل	مرد (افراد)	عورت (افراد)	دیہاتی (افراد)	شہری (افراد)
مدراس	126166	49341810	391	24557143	24784667	41476927	7864883
بمبئی	76443	20849840	272	10817333	10032507	15437671	5412169
مغربی بنگال	28215	21196453	751	11493305	9703148	16582593	4613860
یو-پی	106247	55020617	518	28860214	26160403	48165349	6855268
مشرقی پنجاب	30541	12409924	406	-	-	-	-
بہار	69745	36340151	521	18224428	18115723	34383932	1956219
سی-پی	98575	16813584	170	8430282	8383322	14719817	2093767
آسام	4959929	7404094	149 53	3923750	3480344	7179318	224776
اڑیسہ و ریاستیں	36458	12982435	271	4218121	4510423	8407743	320801
دہلی	574	917939	1599	535236	382703	222253	695686
اجمیر-مارواڑا	2400	583693	243	307172	276521	369595	214098
کورگ	1593	168726	106	92347	76379	157508	11218
پانتھ پپلوڈا	25	5267	211	2666	2601	5267	-
انڈمان نکوبار	3143	33768	11	21458	12310	33768	-
بھارت	1055621	297542000	246	-	-		
پاکستان	361218	71096000	197	-		-	-
مغربی پنجاب	62012	18746000	302	10123000	8623000	-	-

صوبہ	رقبہ مربع میل	کل آبادی	گنجانیت	مرد	عورت	دیہاتی	شہری
سندھ	48136	4535008	94	2494190	2040818	3643305	891703
سرحد	14263	3038067	213	1651214	1386853	2485874	552193
بلوچستان	54456	501631	9	294516	207115	401168	100463
مشرقی بنگال	54091	41949710	775	21733549	20216161	40568948	1380762

جدول 1.7: ریاستیں جو بھارت کے قبضہ میں آئیں

ریاست	رقبہ مربع میل	کل آبادی	گنجانیت فی مربع میل	مرد	عورتیں	دیہاتی	شہری
آسام کی ریاستیں	12408	725655	58	357951	367704	600949	124706
بڑودہ	8236	2855010	345	1472909	1382101	2135738	719272
وسطی بھارت	52047	7506427	144	3854781	3651646	6625983	880444
کوچین	1493	1422875	953	696889	725986	1155059	267816
دکن اور کولہاپور	10870	2785428	257	1405571	1379857	2267347	518081
گجرات کی ریاستیں	7352	1458702	198	755388	703314	1336856	121846

ریاست	رقبہ مربع میل	کل آبادی	گنجانیت فی مربع میل	مرد	عورتیں	دیہاتی	شہری
گوالیار	26008	4006159	154	2116568	1889591	3456183	549976
کشمیر	82258	4021616	49	2129872	1891744	3607181	414435
مدراس کی ریاستیں	1602	498754	311	243166	255588	402155	96599
میسور	29458	7329140	249	3763318	3565822	5982934	1346206
راجپوتانہ کی ریاستیں	132559	13670208	103	7169527	6500681	11728511	1941697
ٹراونکور	7662	6070018	792	3045102	3024916	5378993	691025
یوپی کی ریاستیں	1760	928470	528	481117	447293	784302	114168
مغربی بھارت کی ریاستیں	37894	4904156	129	2477928	2426228	3750426	1153730
منی پور	8620	512069	59	249183	262886	-	-
خاصی	3788	213586	56	108768	104818	-	-
کوچ بہار	1321	640842	485	340981	299861	-	-
تری پورہ	4049	513010	127	272025	240985	-	-
میور بھانج	4034	990977	246	494210	496767	-	-
کپور تھلہ	645	378380	587	202155	176225	-	-

ریاست	رقبہ مربع میل	کل آبادی	گنجانیت فی مربع میل	مرد	عورتیں	دیہاتی	شہری
فریدکوٹ	637	199283	312	108396	90884	-	
پٹیالہ	5942	1936259	326	1066105	870154	-	-
[illegible]	1299	361812	279	193004	168808		
نابھہ	947	340044	359	184493	155551	-	

جدول 1.8: ریاستیں جو پاکستان کے حصہ میں آئیں

ریاست	رقبہ مربع میل	کل آبادی	گنجانیت فی مربع میل	مرد	عورتیں	دیہاتی	شہری
بہاولپور	17494	1341209	71	737474	603735	-	-
خیرپور	5989	305787	51	168043	137744	-	-
قلات	53995	253305	5	138590	114715	-	-
حیدرآباد	82313	16338534	198	8346755	7991759	14144240	2194294

بھارت کے حصہ میں آنے والی چھوٹی ریاستوں کو صوبوں میں ضم کر دیا گیا اور سرحدوں کا نئے سرے سے تعین کیا گیا۔ بعض بڑی اور چھوٹی ریاستوں کو ملاکر نئے انتظامی یونٹ بنائے گئے تھے۔ حیدرآباد پر بھی بعد میں بھارت کا قبضہ ہوگیا۔

1948ء تک جو تبدیلیاں رونما ہوئی تھیں وہ اس طرح ہیں۔

جدول 1.9: 1948ء تک نئے انتظامات کے بعد صورتحال

	رقبہ مربع میل	آبادی (افراد)
1. مدھیہ بھارت	47,000	70,00,000
2. راجھستان	29,000	44,00,000
3. سوراشٹرا	35,000	40,00,000
4. وندھیا پردیش	25,000	35,00,000
5. تلنگیان	10,000	35,00,000
6. منسما	7,536	19,00,000

جدول 1.10: برصغیر آبادی کی تقسیم بلحاظ جنس

برصغیر (کل آبادی)	940 عورتیں ہر 1000 مردوں پر
مسلمان (آبادی)	902 عورتیں ہر 1000 مردوں پر
ہندو (آبادی)	944 عورتیں ہر 1000 مردوں پر

صرف مدراس اور اڑیسہ کے صوبوں میں عورتیں مردوں کے مقابلہ میں زیادہ تھیں۔ البتہ بہار کو نکال دیا جائے تو سی۔ پی کو بھی شامل کیا جاسکتا ہے۔

جدول 1.11: بھارت کی مذہبی تقسیم

صوبہ	کل آبادی	ہندو		مسلم	عیسائی	سکھ
		کاسٹ	شیڈول			
مدراس	49341810	34731330	8068492	3896452	2001082	418
بمبئی	20849840	14700242	1855148	1920368	338812	8011
مغربی بنگال	21496453	14330930-	-	5301696	60296	15087
یو-پی	55020617	34094511	11717158	8416308	131327	232445
مشرقی پنجاب	12409924	-	-	-	-	-
بہار	36340151	22173890	4340379	4716314	24693	13213
سی پی و برار	16813584	9880583	3051413	783697	48260	14996
آسام	7404094	2947989	-	1710423	35724	3742
اڑیسہ	12982435	5594535	1238171	146301	26584	232
دہلی	917939	444532	122693	?	10494	16157
اجمیر مارواڑا	583693	376481	?	89899(?)	3895	867
کورگ	168726	105013	25740	14730	3309	-
پنتھ-پیپلوڈا	5267	3745	981	251	216	-
انڈمان نکوبار	33768	8427	-	8005	1032	744

جدول 1:12 پاکستان کی مذہبی تقسیم

		ہندو				
صوبہ	کل آبادی	کاسٹ	شیڈول	مسلم	عیسائی	سکھ
مغربی پنجاب	18746000	?	?	18319000	426000	?
سرحد	3038667	-	-	2788797	5426	-
سندھ	4535008	?	?	3208325(?)	13232	?
بلوچستان	501631	-	-	438930(?)	2633	-
مشرقی بنگال	41949710	11736027-	-	29481099	56882	1197

جدول 1.13: آبادی بلحاظ عمر 1921-1931ء (دس ہزار مرد و خواتین پر)

عمر (سال)	1931ء		1921ء	
عمر کے گروپ	مرد	عورتیں	مرد	عورتیں
10-20	2086	2062	2087	1896
20-30	1768	1856	1640	1766
30-40	1431	1351	1461	1839
40-50	968	891	1013	967
50-60	561	545	619	606
60-70	269	281	347	377
70 سے اوپر	115	125	160	180
اوسط" عمر	23.2	22.8	24.8	24.7

مندرجہ بالا ٹیبل دس ہزار مردوں اور عورتوں کی آبادی بلحاظ عمر کو ظاہر کرتا ہے جس کو 10 گروپوں میں تقسیم کیا گیا ہے 1931ء کی مردم شماری کے وقت مندرجہ بالا اعداد و شمار کو فیصد کی شکل میں اگلے جدول میں ملاحظہ فرمائیں۔

جدول 1.14: مختلف العمر آبادی (فیصد اعداد و شمار)

عمر کا حصہ (سال)	مرد	عورتیں	
1-4	14.7	15.9	اس جدول کے مطابق بوقت مردم شماری وہ نوجوان جن کی عمریں 0-14 سال کے درمیان تھیں ان میں 39.9٪ مرد اور 40.6٪ عورتیں تھیں۔ اور وہ افراد جن کی عمریں 50 سال سے زیادہ آبادی کو ظاہر کرتی ہیں ان میں مرد صرف 9٪ اور عورتیں 9.7٪ تھیں۔
5-9	13.2	12.8	
10-14	12.0	11.9	
15-19	8.9	9.4	
20-24	9.1	9.8	
25-29	8.6	8.7	
30-34	7.9	7.6	
35-39	6.4	5.9	
40-44	5.5	5.0	
45-49	4.2	3.9	
50-54	3.3	3.2	
55-59	2.3	2.3	
60-64	1.8	1.9	
65	2.1	2.3	
	%100	%100	

جدول 1.15: برصغیر میں آبادی کا شرح اضافہ 1881ء تا 1941ء

سنہ	آبادی	اضافہ	فیصد
1881ء	·253896330	4,77,33,970	23.3
1891ء	287314671	3,34,18,341	13.2
1901ء	294361056	70,46,385	2.5
1911ء	315156396	2,07,95,340	7.1
1921ء	318942480	37,86,084	1.2
1931ء	352837778	3,38.95,298	10.6
1941ء	388997955	5,08,78,801	15.0
1818ء تا 1941ء میزان	-	14,98,20,249	39

جدول 1.16: 1891ء تا 1941ء تک بڑے صوبوں کی آبادی میں اضافہ

صوبہ	1891	1901	1911	1921	1931	1941
مدراس	33732664	36258955	39129111	40126512	44205243	49341810
بمبئی	15985427	15319405	16136666	16012342	17992053	20849840
بنگال (دونوں)	30097023	42149154	45491056	46703702	50115548	60306525
یو-پی	46501064	47312031	46806203	45374658	48408482	55020617
پنجاب (دونوں)	18652614	19942715	19579047	20685478	23580864	28418819
بہار	28200818	28250853	29347372	29023240	32367909	36340151
سی-پی و برار	12946195	11843115	13758993	13741952	15323058	16813584
آسام	5364240	5726337	6579281	7459657	8622791	10204733
سرحد	1857519	2041534	2196933	2251340	2425076	3038067
اڑیسہ	6709813	7127077	7582362	7351414	8025671	8728544
سندھ	2875100	3210910	3513435	3279377	3887070	4535008
بلوچستان	-	382106	414412	420648	463508	501631
اجمیر-مارواڑا	482246	426127	449232	446842	506964	583693
انڈمان نکوبار	15609	24649	26459	27086	29463	33768
کورگ	173055	180607	174976	163838	163327	168726
دہلی	373136	405819	413851	488452	636246	917939
پنتھ-پیپلوڈا	4093	3544	4483	4406	4545	5267

جدول 1.17: برصغیر کی آبادی کا شرح اضافہ ایک عشرہ کے دوران 1901ء تا 1951ء (فیصد)

عشرہ	پاکستان	بھارت	بھارت و پاکستان (کل فیصد)
1901-11	11.9	5.7	6.7
1911-21	6.7	0.4	0.9
1921-31	8.8	11.0	10.6
1931-41	18.8	13.5	15.0
1941-51	7.9	14.1	12.9

جدول 1.18: 1951ء میں سو سال سے زیادہ عمر کے افراد کی تعداد

صوبہ	کل تعداد	مرد	عورت
مشرقی بنگال	14335	8249	6086
سندھ اور خیرپور	1176	662	514
بلوچستان سٹیٹس یونین	449	275	174

(باقی صوبوں کی تفصیل نہیں مل سکی)

جدول 1.19 ریاستوں اور ریاست گروپوں کی آبادی (1891ء تا 1941ء)

(تعداد)

ریاست اور ریاست گروپ	1891ء	1901ء	1911ء	1921ء	1931ء	1941ء
بڑودا	2422731	1958445	2036736	2131755	2448283	2855010
کوچین	722906	812025	918110	979080	1205016	1422875
گوالیر	-	3073651	3235303	3193176	3523070	4006159
حیدر آباد	11537040	11141142	13374676	12471770	14436148	16338534
کشمیر	2543952	2905578	3158126	3320518	3646243	4021616
میسور	4943604	5539399	5806193	5978892	6557302	7329140
ٹراونکور	2557736	2952157	3428975	4006062	5095973	6070018
آسام کی ریاستیں	-	401074	481753	531118	625606	725655
بنگال کی ریاستیں	1248548	1350682	1551783	1651240	1862939	2144829
وسطی ہند کی ریاستیں	-	5444480	6'44799	6010948	6643761	7506427
دکن کی ریاستیں	2288043	2225327	2212793	2155062	2457971	2785428
گجرات کی ریاستیں	1102428	793246	1014261	1069148	1265078	1458702

ریاست اور ریاست گروپ	1891ء	1901ء	1911ء	1921ء	1931ء	1941ء
مدارس کی ریاستیں	419980	423904	464756	475170	453495	498754
پنجاب کی ریاستیں	3828924	4031494	3837810	4006630	4496928	5503554
راجپوتانہ کی ریاستیں	12510029	10143066	10823952	10144117	11570583	13670208
یو-پی کی ریاستیں	938705	894569	889055	816467	856497	928470
مغربی ہند کی ریاستیں	4228468	3390619	3680053	3723170	4220595	4904156

جدول :1.20 برصغیر میں آبادی کی شرح پیدائش و اموات (فی ہزار آبادی)

(1920ءتا1940ء)

سنہ	شرح پیدائش	شرح اموات	بچوں کی شرح اموات
1920	33	31	195
1921	32	31	198
1922	32	24	175
1923	34	25	176
1924	33	28	189

سنہ	شرح پیدائش	شرح اموات	بچوں کی شرح اموات
1925	32	24	174
1926	33	25	189
1927	33	23	167
1928	34	24	173
1929	33	24	178
1930	33	25	189
1931	35	25	179
1932	34	22	169
1933	36	23	171
1934	34	25	187
1935	35	24	164
1936	36	23	162
1937	35	22	162
1938	34	24	167
1939	34	22	156
1940	33	22	160

2 تعلیم
(Education)

برصغیر میں جن تعلیمی اداروں کا قیام عمل میں لایا گیا ان اداروں کے اعداد و شمار، تعلیمی اخراجات، طلباء و اساتذہ کی تعداد و دیگر اہم معلومات۔

جدول :2.1 برصغیر کی تعلیمی درسگاہیں (ایک جائزہ)

1944-45ء

تعلیمی ادارہ	تعلیمی اداروں کی کل تعداد		طالب علموں کی تعداد	
	لڑکوں کے لئے	لڑکیوں کے لئے	لڑکوں کے لئے (a)	لڑکیوں کے لئے (b)
یونیورسٹی	16	-	-	-
آرٹس اور سائنس کالج	390	64	157069	18408
ہائی سکول	4264	685	1723011	256507
مڈل سکول	10571	1549	1328064	297936
پرائمری سکول	147014	20827	8834742	3268445
پروفیشنل اور ٹیکنکل کالج	82	3	34793	1513
ٹریننگ کالج	22	16	1674	879
ٹریننگ سکول	395	122	21460	5305
دیگر سپیشل سکول	9315	665	357725	45167
غیر منظور شدہ تعلیمی ادارے	10318	3246	333287	133966
میزان	182371	27177	12791825	4028126
مجموعی تعداد	2,09,548		1,68,19,951	

کل اخراجات :۔ 46,00,37,191 روپے۔

(a) بعض لڑکوں کے اداروں میں لڑکیاں بھی تعلیم حاصل کر رہی تھیں۔ یہاں لڑکوں کے مجموعی اعداد و شمار شامل کیے گئے ہیں۔

(b) اس میں 6 بورڈ آف سیکنڈری یا انٹرمیڈیٹ ایجوکیشن شامل نہیں ہیں۔

(c) 1945-46ء کے دوران برٹش انڈیا میں 1,96,000 منظور شدہ تعلیمی ادارے تھے جن میں 1,63,52,698 طلباء زیر تعلیم تھے۔ اور 13,564 غیر منظور شدہ تعلیمی ادارے تھے جن میں 4,67,253 طلباء زیر تعلیم تھے۔

جدول :2.2 تعلیمی اداروں کی صوبوں میں تعداد

نام صوبہ	1943-44					
	منظور شدہ ادارے		غیر منظور شدہ ادارے		کل ادارے	
	لڑکوں کے	لڑکیوں کے	لڑکوں کے	لڑکیوں کے	لڑکوں کے	لڑکیوں کے
آسام	8931	1305	715	75	9646	1380
بہار	21588	2295	1138	117	22726	2412
بمبئی	19628	2181	318	27	19946	2208
سی پی برار	5317	626	417	74	5734	700
مدراس	33359	4482	201	3	33560	4485
اڑیسہ	6958	288	698	6	7656	294
یوپی	21155	2141	1369	130	22524	2271
کل تعداد	116936	13318	4856	432	121792	13750
مشرقی و مغربی بنگال	43238	7002	1235	91	44473	7093
"" پنجاب	9839	2622	3779	2904	13618	5526
کل تعداد	53077	9624	6014	2995	58091	12619

نام صوبہ	1943-44					
	منظورشدہ ادارے		غیر منظور شدہ ادارے		کل ادارے	
	لڑکوں کے	لڑکیوں کے	لڑکوں کے	لڑکیوں کے	لڑکوں کے	لڑکیوں کے
سینٹر کے زیر انتظام علاقے						
اجمیر مارواڑا	280	87	82	5	362	92
بنگلور	58	38	3	-	61	38
کورگ	120	3	4	-	124	3
دہلی	243	99	70	2	313	101
دیگر مرکز کے ماتحت چھوٹے علاقوں سمیت کل تعداد	740	247	172	8	912	225
مجموعی تعداد	170753	23189	10042	3435	180795	16624

جدول 2.3: تعلیمی اداروں کی صوبوں میں تعداد

1944-45

	منظور شدہ ادارے		غیر منظور شدہ ادارے		کل ادارے	
نام صوبہ	لڑکوں کے	لڑکیوں کے	لڑکوں کے	لڑکیوں کے	لڑکوں کے	لڑکیوں کے
آسام	9143	1399	834	86	9997	1485
بہار	21361	2239	957	89	22318	2328
بمبئی	18621	2175	326	31	18947	2206
سی پی برار	5322	632	499	60	5821	692
مدراس	33002	4500	257	2	33259	4502
اڑیسہ	6814	252	761	4	7575	256
یوپی	21306	2141	1228	138	22534	2279
کل تعداد	115569	13338	4862	410	120451	13748
مشرقی و مغربی بنگال	41975	6504	1387	135	43365	6639
" " پنجاب	9853	2656	3634	2387	13487	5043
کل تعداد	51831	9160	5021	2522	56852	11682
سینٹر کے زیر انتظام علاقے						
اجمیر ماروارا	290	92	72	4	362	96
بنگلور	58	39	3	-	61	39
کورگ	122	3	6	-	128	3
دہلی	245	100	90	5	335	105
دیگر مرکز کے ماتحت چھوٹے علاقوں سمیت کل تعداد	754	253	177	10	931	263
مجموعی تعداد	169154	22751	10060	2942	178234	15693

جدول 2.4: طالب علموں کی تعداد (1943-44)

صوبہ	منظور شدہ ادارے		غیر منظور شدہ ادارے		طالب علموں کی کل تعداد		طلباء کی کل تعداد کا برصغیر کی مجموعی آبادی سے تناسب شرح فیصد	
	لڑکے	لڑکیاں	لڑکے	لڑکیاں	لڑکے	لڑکیاں	لڑکے	لڑکیاں
آسام	349896	98584	21926	7270	371822	105854	6.9	2.1
بہار	961722	150123	35496	4183	1037218	154206	5.5	0.9
بمبئی	1320461	503586	15652	7042	1336113	510628	12.2	5.0
سی پی برار	402372	103879	16548	5969	418920	109848	4.97	1.31
مدراس	2182075	1185065	6497	484	2188572	1185549	8.9	4.8
اڑیسہ	236203	66357	12087	2529	248290	68886	5.89	1.53
یو-پی	1461441	264042	4549	7340	1508990	271382	5.2	1.0
کل تعداد	6914170	1871636	112755	34817	7109925	2406353	-	
بنگال (دونوں)	2817784	692263	50038	7719	2867822	699982	9.0	2.5
پنجاب (")	1085835	245329	83086	64763	1168921	310092	7.0	2.37
کل تعداد	3803619	937592	133124	72482	4036743	1010074	-	-
مرکز کے زیر انتظام علاقے اجمیر مارواڑا	23061	6795	3972	422	27033	7217	8.8	2.6

بنگلور	12278	8322	331	116	12609	8438	15.2	11.2
کورگ	9272	5284	109	92	9381	5376	10.2	6.9
دہلی	41724	2845	2845	147	44569	16959	8.2	4.4
دیگر زیر انتظام علاقے	8418	3310	839	235	9257	3545	3.93	8.02
کل تعداد	94753	26556	8096	1012	102849	41535	-	-
مجموعی تعداد	10792542	3835784	253975	115311	11249517	3457962		-

جدول :2.5 طالب علموں کی تعداد (1944-45)

صوبہ	منظور شدہ ادارے		غیر منظور شدہ ادارے		طالب علموں کی کل تعداد		طلبا کی کل تعداد کا برصغیر کی مجموعی آبادی سے تناسب شرح فیصد	
	لڑکے	لڑکیاں	لڑکے	لڑکیاں	لڑکے	لڑکیاں	لڑکے	لڑکیاں
آسام	378851	105582	26197	8424	405048	114006	7.5	2.3
بہار	1015219	152228	31140	3541	1046359	155769	6.1	0.5
بمبئی	1340656	526639	17524	8320	1336113	510628	12.4	5.3
سی پی	417775	109711	18182	5505	435957	115306	5.02	1.35
مدراس	2238536	1211676	8378	1233	2246914	1212309	9.1	4.1
اڑیسہ	225339	61896	13982	3502	239321	65398	-	-
یوپی	1519772	278902	51221	7408	570993	286310	5.4	1.1
کل تعداد	7135148	2446734	166354	37933	7302502	2484657	-	-

بنگال (دونوں)	3015231	745344	57170	12137	3760575	757481	9.2	2.7
پنجاب (")	1141112	253528	79668	61210	1220780	314738	7.94	2.42
کل تعداد	4156343	998872	136836	73347	4981355	1072219	-	-
مرکز کے زیر انتظام علاقے								
اجمیر مارواڑا	24664	7077	4005	416	28669	7493	9.3	2.3
بنگلور	12969	8805	240	234	13109	9039	16.4	11.3
کورگ	9942	5456	140	92	10082	5548	10.8	7.4
دہلی	47142	18390	2726	411	49868	18801	9.3	4.9
دیگر مرکز کے زیر انتظام علاقے	8483	3191	707	182	9190	3373	-	-
کل تعداد	103200	42919	7818	1335	110918	44254	-	-
مجموعی تعداد	11394691	3488535	312000	112615	12354775	3601130	-	-

جدول 2.6: تعلیمی اخراجات (روپیہ میں) (1943-44)

صوبہ	گورنمنٹ فنڈ	لوکل باڈیز فنڈ	فیس	وقف	کل اخراجات
آسام	4317000	963000	1389000	647000	7316000
بہار	8695000	2565000	5980000	3208000	20448000
بمبئی	22230000	9430000	16433000	6761000	54854000
سی پی برار	5204000	3582000	2811000	1229000	12826000
مدراس	34183000	9665000	18214000	10192000	72254000
اڑیسہ	2858000	316000	928000	530000	4632000

یوپی	23733000	5607000	11872000	7057000	48269000
میزان	101220000	32128000	57627000	29624000	220599000
پنجاب (دونوں)	20255000	5508000	12001000	4799000	42563000
بنگال (دونوں)	20321000	8211000	21817000	8853000	59202000
میزان	40576000	13719000	33818000	13652000	101765000
وفاق کے زیر انتظام علاقے					
اجمیر ماروارا	646000	112000	408000	336000	1502000
بنگلور	347000	82000	622000	275000	1326000
کورگ	132000	69000	90000	15000	306000
دہلی	2776000	576000	1200000	607000	5159000
دیگر علاقے	344000	76000	434000	622000	1476000
میزان	4245000	915000	2754000	1855000	9769000
کل اخراجات	146041000	46792000	94199000	45131000	332133000

جدول 2.7: تعلیمی اخراجات (روپیہ میں) (1944-45)

صوبہ	گورنمنٹ فنڈ	لوکل باڈیز فنڈ	فیس	وقف	میزان
آسام	4818000	1083000	1748000	1075000	8724000
بہار	9117000	2719000	6873000	3598000	22307000
بمبئی	24092000	10491000	19762000	7325000	61670000
سی پی برار	5866000	4088000	3371000	1277000	14602000

مدراس	39087000	13804000	17887000	12383000	83161000
اڑیسہ	3202000	335000	1266000	697000	5500000
یوپی	24743000	6347000	13731000	7070000	51891000
میزان	110925000	38867000	44638000	33425000	247855000
وفاق کے زیر انتظام علاقے					
اجمیر ماروارا	576000	120000	446000	323000	1565000
بنگلور	590000	180000	1016000	487000	2273000
کورگ	140000	77000	48000	37000	302000
دہلی	2981000	562000	1422000	751000	5716000
دیگر علاقے	2041000	49000	3913000	6405000	12408000
میزان	6428000	988000	6845000	8003000	22264000
کل اخراجات	166094000	53910000	110136000	57381000	387521000

Number of Primary Schools & Pupils.

(1944-45) پرائمری سکولوں کی تعداد اور طالب علم جدول 2.8:

پرائمری سطح پر داخلے (تعداد)		پرائمری سکولوں کی تعداد		
لڑکیاں	لڑکے	لڑکیوں کیلئے	لڑکوں کیلئے	صوبہ
95568	300506	1228	7603	آسام
84513	551772	2101	19112	بہار
426159	967748	1768	16758	بمبئی
95671	248386	503	4505	سی پی اور برار
1115497	1851202	4186	31849	مدراس
32945	129269	225	6368	اڑیسہ
131398	753809	1495	17710	یوپی
1981751	4802692	11506	103905	میزان
678580	2379188	5990	33572	بنگال (دونوں)
191555	795766	2270	6230	پنجاب (")
870135	3174954	8260	39802	میزان
				وفاق کے زیر انتظام علاقے
6047	17549	72	233	اجمیر مارووارا
6929	8945	23	41	بنگلور
4630	7601	2	117	کورگ
14423	31059	67	115	دہلی
2597	5239	13	24	دیگر زیر انتظام علاقے
34626	70393	177	530	میزان
2886512	8048039	19943	144237	مجموعی تعداد

Compulsory Primary Education.

جدول 2.9: لازمی پرائمری تعلیم 1946-47

صوبہ	عمر گروپ (سال) برائے لازمی تعلیم	علاقہ جہاں صرف لڑکوں کے لئے لازمی تعلیم تھی		علاقہ جہاں لڑکوں اور لڑکیوں دونوں کیلئے لازمی تعلیم تھی	
		شہروں اور قصبوں کی تعداد	دیہات کی تعداد	شہروں اور قصبوں کی تعداد	دیہات کی تعداد
بنگال (دونوں)	6-10	1	-	1	-
بہار	6-10	17	1	-	-
بمبئی	6-11	11	208	9	211
سی پی اور برار	6-11 اور 7-12	34	1031	-	-
مدراس	6-12,6-14	19	100	7	1082
اڑیسہ	6-10,6-12	1	24	-	-
پنجاب (دونوں)	5-11	68	11007	-	-
یوپی	6-11	36	1371	3	3
دہلی	--	1	15	-	-

جدول 2.10: مڈل سکول (Middle Schools) (1944-45)

		مڈل انگریزی سکول		مڈل ورنیکلر سکول		مڈل تعلیم حاصل کرنے والے طالب علموں کی تعداد
صوبہ	جنس	تعداد	داخلہ	تعداد	داخلہ	
آسام	M	392	25123	286	30498	41589
	F	48	4438	45	3468	6079
بنگال (دونوں)	M	2243	230241	11	990	233828
	F	257	30261	2	274	15524
بہار	M	1263	150281	69	8321	113092
	F	81	11857	9	914	5706
بمبئی	M	472	33651	-	-	231208
	F	64	5082	-	-	68235
سی پی و برار	M	245	47207	378	72633	38235
	F	54	5933	37	5739	7997
مدراس	M	177	38549	-	-	239540
	F	62	9071	-	-	70963
سرحد	M	30	8433	194	24066	13298
	F	10	2463	23	5625	2106
اڑیسہ	M	167	15426	60	6599	14054
	F	13	1610	3	241	1203
پنجاب (دونوں)	M	185	49471	2786	387242	181072
	F	23	7583	234	53336	23041
سندھ	M	133	7438	-	-	19986
	F	9	-	-	-	5394

صوبہ	جنس	مڈل انگریزی سکول		مڈل ورنیکلر سکول		مڈل تعلیم حاصل کرنے والے طالب علموں کی تعداد
		تعداد	داخلہ	تعداد	داخلہ	
یوپی	M	122	21813	1017	118366	141748
	F	82	15556	388	62749	13884
اجمیر ماروارا	M	9	1355	18	1073	4869
	F	1	209	10	244	783
بلوچستان	M	7	1361	-	-	1101
	F	1	185	-	-	299
بنگلور	M	4	952	3	1328	2380
	F	4	423	3	925	1318
کورگ	M	-	-	-	-	1880
	F	-	-	-	-	645
دہلی	M	18	7328	28	3670	9090
	F	6	1337	8	2444	2566
چھوٹے زیر انتظام علاقے	M	3	866	-	-	1576
	F	2	291	-	-	460
میزان (تعداد)	M	5471	639495	4846	854786	1400163
	F	717	96279	762	135959	237938

Male=لڑکے، Female=لڑکیاں

جدول 2.11: ہائی سکول (High School) (1944-45)

صوبہ	جنس	ہائی سکولوں کی تعداد	داخلوں کی تعداد سطح تک	طالب علموں کی تعداد ہائی سکول کی
آسام	M	176	44133	19063
	F	27	6093	2154
بنگال (دونوں)	M	1492	444456	94422
	F	126	33684	4239
بہار	M	341	103611	44444
	F	20	5703	1327
بمبئی	M	369	164547	82359
	F	101	29009	20675
سی پی و برار	M	126	16783	17356
	F	26	1537	2562
مدراس	M	444	271121	95426
	F	117	40351	13922
سرحد	M	47	24316	3776
	F	6	1930	259
اڑیسہ	M	58	15918	6220
	F	5	1152	400
پنجاب (دونوں)	M	445	267501	51083
	F	70	25202	3382
سندھ	M	63	22752	7038
	F	21	6880	1955
یوپی	M	251	137549	36442

صوبہ	جنس	ہائی سکولوں کی تعداد	داخلوں کی تعداد	طالب علموں کی تعداد ہائی سکول کی سطح تک
	F	61	20754	2614
اجمیر مارواڑا	M	16	5656	1324
	F	5	790	140
بلوچستان	M	9	3914	510
	F	4	1152	77
بنگلور	M	7	4603	1082
	F	8	3643	456
کورگ	M	5	1860	476
	F	1	555	182
دہلی	M	28	14130	3183
	F	13	4504	563
چھوٹے انتظامی علاقے	M	6	2813	1139
	F	2	518	113
میزان	M	3893	1545663	553909
	F	613	185457	59380

M= لڑکے، F= لڑکیاں

جدول 2.12: کالج (Colleges) (1944-45)

صوبہ	جنس	انٹر کالج (تعداد)	ڈگری کالج (تعداد)	انٹر سطح پر طالب علم (تعداد)	ڈگری اور اعلیٰ تعلیم میں طالب علم (تعداد)	پاس طلباء میٹرک و مساوی امتحان (تعداد)	پاس طلباء بی۔اے اور آنرز امتحان (تعداد)
آسام	M	4	9	2114	663	1427	183
	F		4	340	108	209	20
بنگال (دونوں)	M	23	41	23373	9616	17740	2307
	F	4	10	2350	1542	1937	303
بہار	M	8	10	6185	2205	8059	645
	F	1	1	217	94	184	21
بمبئی	M		21	40703	5404	7670	1618
	F	-	1	2537	1333	1795	477
سی پی و برار	M	-	11	2148	1196	3050	377
	F	-	1	3351	223	685	94
مدراس	M	11	49	15959	7317	27408	2944
	F	1	7	1894	844	3015	396
سرحد	M	-	5	801	266	1403	86
	F	-	1	59	1	178	3
اڑیسہ	M	5	5	1689	424	1500	170
	F	1	-	113	18	74	8

صوبہ	جنس	انٹر کالج (تعداد)	ڈگری کالج (تعداد)	انٹر سطح پر طالب علم (تعداد)	ڈگری اور اعلیٰ تعلیم میں طالب علم (تعداد)	پاس طلباء میٹرک و مساوی امتحان (تعداد)	پاس طلباء بی۔اے اور آنرز امتحان (تعداد)
پنجاب (دونوں)	M	9	35	14435	6399	19875	2332
	F	-	8	1431	793	3162	455
سندھ	M	-	4	1809	748	700	213
	F	-	-	427	167	171	50
یو۔پی	M	82	10	13148	9598	14108	2883
	F	15	2	1255	723	1630	387
اجمیر۔مارواڑ	M	2	1	377	149	437	44
	F	2	-	61	5	64	3
بلوچستان	M	-	-	-	-	149	-
	F	-	-	-	-	33	-
بنگلور	M	-	1	370	135	301	32
	F	-	-	46	29	106	9
کورگ	M	-	-	-	-	36	-
	F	-	-	-	-	19	-
دہلی	M	-	5	787	1399	516	392
	F	-	1	233	219	89	84
زیر انتظام علاقے	M	-	1	8	-	128	
	F	-	-	-	-	22	-
کل میزان	M	144	208	93900	45519	104507	14226
	F	24	36	11314	6099	13373	2260

Output of Trained Graduates.

جدول 2.13: تربیت یافتہ اساتذہ کی تعداد (1944-45)

صوبہ	مرد (اساتذہ)	خواتین (اساتذہ)
بنگال (دونوں)	116	87
بہار	5 (ایم-ایڈ)	1 (ایم-ایڈ)
	79 (ڈپلومہ)	4 (ڈپلومہ)
بمبئی	5 (ایم-ایڈ)	2 (ایم-ایڈ)
	81 (بی-ٹی)	108 (بی-ٹی)
سی پی اور برار	42 (ڈپلومہ)	11 (ڈپلومہ)
مدراس	7 (ایم-ایڈ)	3 (ایم-ایڈ)
	228 (بی-ٹی)	138 (بی-ٹی)
اڑیسہ	17 (ڈپلومہ)	1 (ڈپلومہ)
پنجاب (دونوں)	156 (بی-ٹی)	172 (بی-ٹی)
	12 (ڈپلومہ)	136 (ڈپلومہ)
یوپی	9 (ایم-ایڈ)	1 (ایم-ایڈ)
	250 (بی-ٹی اور ایل-ٹی)	71 (بی-ٹی اور ایل-ٹی)
	80 (ڈپلومہ)	73 (ڈپلومہ)
اجمیر مارواڑا	65 (بی-ٹی)	
میزان (تعداد)	1152	808

اوپر دی گئی تعداد میں جو ڈپلومہ یافتہ اساتذہ دیئے گئے ہیں ان میں زیر تربیت اساتذہ کی تعداد بھی شامل ہے

ٹیچر ٹریننگ

جدول : 2.14

صوبہ	ٹریننگ کالج			ٹریننگ سکول			
	اداروں کی تعداد	زیر تربیت استاد	زیر تربیت استانیاں	اداروں کی تعداد		زیر تربیت اساتذہ	
				استادوں کے لئے	استانیوں کے لئے	مرد	عورت
آسام	.			4	2	182	51
بنگال (دونوں)	6	193	51	134	10	1714	216
بہار	1	83	8	64	10	1357	276
بمبئی	3	142	85	31	31	3158	1772
سی پی و برار	1	82	20	8	7	787	291
مدراس	6	233	139	72	72	7722	4456
سرحد				1	1	103	61
اڑیسہ	1	16	1	14	3	474	53
پنجاب (دونوں)	10	193	372	9	16	861	594
سندھ				1	6	209	167
یو۔پی	7	625	156	35	29	1254	757
اجمیر مارواڑا	1	57	9	2	2	36	32
بلوچستان		.	.	1	-	25	
بنگلور				-	1		27
کورگ	.	.	.			.	
دہلی				1	1	44	29
زیر انتظام علاقے	.			1	2	84	75
میزان	36	1624	841	378	193	18929	8857

جدول: 2.15 A

صوبہ	آرٹس سکول		انجینئرنگ ٹیکنیکل اور انڈسٹریل سکول		کمرشل سکول		میڈیکل سکول			
	تعداد	طالبعلم	تعداد	طالبعلم	تعداد	طالبعلم	تعداد M	تعداد F	طالبعلم M	طالبعلم F
آسام	-	-	18	642	4	192				
بنگال (دونوں)	5	265	193	5532	14	1633	9		2422	119
بہار	1	31	52	3224	14	635	1	.	243	21
بمبئی	3	729	94	6391	30	2125	12		754	130
سی پی و برار	1	44	13	859			1		120	15
مدراس	5	183	83	5823	235	8410	2		309	53
سرحد										
اڑیسہ			9	313	2	43	1		42	1
پنجاب (دونوں)	1	128	68	4104	2	247	3		268	
سندھ		-	8	670	3	327	1		94	22
یوپی	2	190	89	3490	1	15	1		68	
اجمیر مارواڑا			1	44			1			
بلوچستان										
بنگلور			2	57						
کورگ	.									
دہلی	.		3	318	.			1		207
زیر انتظام علاقے		.	.		.	.	1		301	27
میزان	18	1570	633	31467	305	13627	32	1	4621	595

3. زراعت (AGRICULTURE)

Area Cultivated & Uncultivated in Provinces.

جدول 3.1: قابل کاشت و غیر قابل کاشت رقبہ صوبوں میں (1942-1943)

صوبہ	کل رقبہ بمطابق سروے (ایکڑ)	کل رقبہ بمطابق دیہاتی اعدادات (ایکڑ)
اجمیر ماروارا	1561330	1561330
آسام☆	44304280	36423320
بنگال (دونوں)	50078605	50078605
بہار	44327205	44327205
بمبئی	48721814	48721814
سی پی برار	63087360	63078046
کورگ	1012264	1012264
دہلی	370611	370611
مدراس	79930649	80011546
سرحد	8437594	8576541
اڑیسہ	21094576	20653921
پنجاب (دونوں)	61001600	60200514
سندھ	30207758	30207758
یوپی	67848920	68053788
کل رقبہ (ایکڑ)	521984566	513277263

☆۔ ریاستوں کا رقبہ 7880960 ایکڑ نکال کر اور اس میں 844800 ایکڑ ضلع تراپ (Tirap) جو (Frontier Tract) میں تھا شامل کیا گیا ہے۔

جدول 3.2: صوبوں میں مختلف علاقوں کی درجہ بندی Classification of Area in Each province

(1942-43) (اعداد و شمار ایکڑوں میں)

صوبہ	جنگلات	غیر قابل کاشت رقبہ	دیگر غیر مزروعہ رقبہ	مزروعہ رقبہ	کاشت شدہ رقبہ مزروعہ شامل مزروعہ کل	قابل کاشت رقبہ جو دیگر رقبہ میں [illegible] رقبے دیا گیا ہے
		(a)	(b)	(c)	(d)	(e)
اجمیر مارواڑ	46981	628752	251528	194469	439600	-
آسام	4311846	4577400	17975114	1869360	6844800	-
بنگال (دونوں)	4575724	8352274	6124307	4662600	26363700	902498
بمبئی	8094580	5999725	817785	5836406	27973318	284105
سی پی و برار	15835097	4873014	13961243	4137962	24270730	4974697
کورگ	331095	359474	16025	154820	150850	-
دہلی	-	83002	63564	9599	214446	-
مدراس	13468365	14116144	11754090	9348567	31324380	-
سرحد	352932	2667951	2819056	373739	2362863	-
اڑیسہ	2605676	7097508	3482394	1274791	6193552	-
پنجاب (دونوں)	1934308	12857192	13247760	2547166	29614088	3762773
سندھ	709283	12716917	5217978	5961665	5601915	-
یوپی	9280445	9778698	9666595	2347528	36980552	-
کل رقبہ	68153277	90579824	91889153	45882545	215927664	9924073

(a) Not available for cultivation
(b) Other un-cultivated land excluding current follows.
(c) Current follows (d) Net Area actually sown
(e) (i) Culturable area included in "Other un-cultivated land excluding current follows (ii) Figure in this column represents areas definitely known to be culturable.

جدول 3.3: صوبوں میں زیر آب پاشی رقبہ Area under Irrigation in Each province

1942-43 (اعداد و شمار ایکڑوں میں)

صوبہ	نہری آبپاشی حکومت	ذاتی	ٹینکوں کے ذریعہ	کنووں کے ذریعہ	دیگر ذرائع آبپاشی	کل زیر آبپاشی رقبہ
اجمیر مارواڑا	-	-	27901	91988		119889
آسام	228	199248	1070	34	410663	611243
بنگال	267095	247417	826292	47202	498677	1886683
بہار	630392	1129379	1553696	735323	1057844	5106634
بمبئی	302352	59116	154558	625118	27197	1168341
سی پی و برار		1361139		196762	62115	1620016
کورگ	3346	-	1547	-	-	4893
دہلی	31593	-	2046	23065	-	56704
مدراس	4098528	128460	3035078	1577999	243331	9083396
سرحد	430276	380483	2155	79378	69660	961952
اڑیسہ	375206	55899	447264	21467	729090	1628926
پنجاب (دونوں)	12109550	454564	37517	3862368	152590	16616529
سندھ	4289846	13306	42	19437	1279284	5601915
یوپی	3942649	26784	11662	5559799	1726005	11266899
کل رقبہ	26481061	4055735	6100828	12839940	6256456	55734020

☆ اعداد و شمار کو ذاتی نہری آبپاشی میں شامل کر دیا گیا ہے۔

جدول 3.4: صوبوں میں فصلیں بلحاظ آبپاشی

Area under Irrigation in Each province

(اعداد و شمار ایکڑوں میں)

(1942-43)

زیر آبپاشی فصلوں کا رقبہ☆					
صوبہ	چاول	گندم	جو	جوار	باجرہ
اجمیر مارواڑا	6	11846	33232	1077	410
آسام	590019	-	-	-	-
بنگال (دونوں)	1713267	13694	3811	7600	200
بہار	3069417	342208	233686	6701	1549
بمبئی	229667	189864	8343	280690	80274
سی پی و برار	1388063	74829	1915	2450	2
کورگ	4893	-	-	-	-
دہلی	7	25347	4139	1003	413
مدراس	8067272	5976	2	467427	319284
سرحد	35684	381077	63610	19556	11270
اڑیسہ	1458020	906	-	-	-
پنجاب (دونوں)	890300	5739302	316570	172754	834591
سندھ	1139163	1466064	24826	485456	885348
یو-پی	557074	4053947	2317219	66519	12511
کل رقبہ (ایکڑ)	19142852	12305060	3007353	1511233	2145852

دونوں فصلوں کی کٹائی کے وقت رقبہ آبپاشی شامل ہے۔

* Included area Irrigated at both harvests

جدول :3.5 فصلیں بلحاظ آبپاشی Area under Irrigation in Each province (1942-43)

(رقبہ ایکڑوں میں)

	زیر آبپاشی فصلوں کا رقبہ☆						
صوبہ	مکئی	دیگر اناج اور دالیں	گنا	دیگر غذائی فصلیں	روئی	دیگر غیر غذائی فصلیں	کل رقبہ
اجمیر مارواڑا	32614	23323	35	15204	8348	5426	131521
آسام	-	1046	-	9974	-	10204	611243
بنگال (دونوں)	6180	53870	30046	120888	900	11788	1962244
بہار	185367	876492	140050	207269	2011	102084	5166834
بمبئی	23293	95695	104733	167341	13345	152566	1345811
سی پی برار	213	14551	23576	109344	525	4548	1620016
کورگ	-	-	-	-	-	-	4893
دہلی	206	4971	1585	5622	386	13025	56704
مدراس	12345	1090948	116201	302163	301586	558854	11242058
سرحد	273933	34640	77383	37964	12479	134723	1082319
اڑیسہ	1315	79645	25318	58436	507	14065	1638212
پنجاب (دونوں)	576686	1649293	366491	331063	2170828	3811950	16859828
سندھ	3138	643986	7229	61742	699488	732225	6148665
یوپی	121227	2531732	1358537	388110	155585	495403	12057864
کل رقبہ	1236517	7100192	2251184	1815120	3365988	6046861	59928212

☆دونوں فصلوں کی کٹائی کے وقت رقبہ آبپاشی شامل ہے

جدول 3.6: صوبوں میں مختلف فصلوں کا زیر کاشت رقبہ (1942-43)

	غذائی اجناس (رقبہ ایکڑوں میں)				
صوبہ	چاول	گندم	جو	جوار☆	باجرہ☆☆
اجمیر مارواڑا	121	22815	45588	92987	46014
آسام	5495701	-	-	-	-
بنگال	23293900	178600	135600	10700	1200
بہار	9291200	1280100	1269100	73300	60100
بمبئی	2112872	1329512	16151	7403047	5283044
سی پی و برار	5654057	2543831	13625	5307123	125349
کورگ	88367	-	-	-	-
دہلی	14	49450	17960	20157	71684
مدراس	10382419	13347	1756	4849633	2658253
سرحد	35732	1117989	194158	109998	182924
اڑیسہ	5035378	4005	360	37637	4799
پنجاب	1100454	10462554	942830	887331	4408991
سندھ	1139163	1466064	24826	485456	885348
یوپی	7032644	7545847	4217618	2589706	3040219
میزان	70662022	26014114	6879572	21867075	16767925

* Jowar or cholum (great millet)
** Bajra or cimbu (Spiked millet)

جدول 3.7: صوبوں میں مختلف فصلوں کا زیر کاشت رقبہ (1942-43)

غذائی اجناس (رقبہ ایکڑوں میں)					
صوبہ	رگی	مکئی	چنا (دال)	دیگر غذائی اجناس اور دالیں	کل غذائی اجناس (بشمول جدول 3.6)
اجمیر مارواڑا	27	69732	(a)26330	110361	413975
آسام	-	434		273950	5770085
بنگال (دونوں)	6400	122200	427900	1684100	25860600
بہار	543300	1651900	1446500	3947400	19562900
بمبئی	622577	169893	424548	3166833	20528477
سی پی و برار	14766	150466	1068058	5746859	20624134
کورگ	3211	2	-	1351	92931
دہلی		1631	59884	8805	229585
مدراس	1823285	59902	(b)50823	6538444	26377862
سرحد	5	481015	185037	99038	2405896
اڑیسہ	254732	39410	17472	693644	6087437
پنجاب (دونوں)	33476	1301334	4833216	1520326	25490512
سندھ	199	3138	359762	284024	4647980
یوپی	265328	2433360	6079512	6626817	39831051
میزان	3567306	6484417	14979042	30701952	197923425

* Ragi or Marua (Millet)

(a) Included under "other food grains and pulses

(b) Relates to Bengal gram.

جدول 3.8: مختلف فصلوں کا زیر کاشت رقبہ (صوبہ وار) 1942-43

(تیل کے بیج) (رقبہ ایکڑوں میں)

صوبہ	السی (a)	تل (b)	سرسوں (c)	مونگ پھلی	ناریل	رنڈی (d)	دیگر تیل کے بیج	میزان (تیل کے بیج)
اجمیر ماروارا	150	18553	110	-		-		18813
آسام	17791	24330	342906			8587		393614
بنگال (روغن)	157400	72100	884700	3400	13100	200	28400	1259300
بہار	567400	118000	473600			35500	311200	1505700
بمبئی	56314	195334	12102	1264428	29197	48857	469918	2076150
سی پی و برار	1033577	460781	50712	234081		29203	270659	2079013
کورگ	-	-	-	-	-		-	-
دہلی	62	9	8934				106	9111
مدراس	2083	839519	2345	3382126	598854	277238	36830	5138195
سرحد	74	2432	95143				1661	99310
اڑیسہ	5603	110858	26441	13019	28425	19230	86197	289773
پنجاب (روغن)	36443	84000	874027	44539		199	3101	1042309
سندھ	10	8946	420225	2	25	3698	3593	436499
یو۔پی	150794	264269	189930	116461		10796	29702	761862
میزان	2027701	2299131	3381175	5658056	668801	433418	1241367	15109649

(a) Linseed (b) Sesamum (Til or Jinjilli)
(c) Rape and Mustard) (d) Castor

جدول 3.9: مختلف فصلوں کا زیر کاشت رقبہ (صوبہ وار) 1942-43

(رقبہ ایکڑوں میں)

صوبہ	مصالحہ جات	چینی: گنا	دیگر (a)	سوت و ریشہ (b): روئی	پٹ سن	دیگر	کل ریشہ و سوت
اجمیر مارواڑا	3922	426	-	12143	-	50	12193
آسام	-	44524		31736	320510	-	352746
بنگال (دونوں)	191200	302600	61600	80200	2704100	54000	2838300
بہار	27600	402900	-	40900	232800	10500	284200
بمبئی	213194	105655	1224	2833970	-	79517	2913487
سی پی و برار	109757	26498	-	3272504	-	122788	3395292
کورگ	9595	4	-	-	-	-	-
دہلی	1246	1600		519	-	569	1088
مدراس	640774	121673	88040	2209889		249385	2459274
سرحد	6532	77476		16353	-	1276	17629
اڑیسہ	20947	33662	811	8605	23505	22086	54196
پنجاب (دونوں)	72795	446988		2319567	-	46651	2366218
سندھ	3463	7229	216	699488		298	699786
یو-پی	129282	1864766	-	311486	[illegible]	282654	660496
میزان	1430307	3436001	151891	11837360	3287271	869774	15994405

(a) Area under sugar-yielding plants other than sugarcane
(b) Fibres

جدول 3.10: مختلف فصلوں کا زیر کاشت رقبہ (صوبہ وار) 1942-43 (رقبہ ایکڑوں میں)

صوبہ	چرم اور دیگر رنگائی کا سامان		جڑی بوٹیاں اور منشیات (Drugs and Narcotics)					
	نیل (a)	دیگر	افیون (b)	چائے	کافی	تمباکو	دیگر جڑی بوٹیاں و منشیات (c)	بھوسہ و چارہ (d)
اجمیر مارواڑ						62		8873
آسام				440917		19562		14630
بنگال (دونوں)				199900		303908	4500	137900
بہار	2100	-	-	4100		114100	-	45600
بمبئی	6	16		5	5	127785	27677	2554380
سی پی و برار	1	76	-	-	-	7502	522	468948
کورگ				415	38692	4	410	
دہلی		14			-	1080	-	36274
مدراس	40756	2435		77914	61157	284787	152365	372845
سرحد	45	110				12631		138807
اڑیسہ	1	775			130	29864	774	16187
پنجاب (دونوں)	9512	20934	1819	9399	-	70507	894	4988393
سندھ	-	232			-	3385	95	219316
یوپی	2751	229	29985	6468	-	78009	3010	1604218
میزان	55172	2482	[illegible]	[illegible]	99684	[illegible]	[illegible]	[illegible]

(a) Indigo (b) Opium (c) Other drugs and narcotics Includes Cinchona and Indian Hemp also
(d) Fodder crops.

جدول 3.11: مختلف فصلوں کا زیر کاشت رقبہ (صوبہ وار) 1942-43 (رقبہ ایکڑوں میں)

صوبہ	پھل و سبزیوں بشمول جڑ والی فصلیں	غذائی (Food)	غیر غذائی NonFood	کل زیر کاشت رقبہ (a)	ایک دفعہ سے زیادہ زیر کاشت رقبہ نکال کر (—) (b)	بعد وضع کل رقبہ (a)-(b)=
		مختلف فصلیں				
اجمیر مارواڑ	815	30665	20838	510582	70982	439600
آسام	635179	(c)	158377	7829134	984334	6844800
بنگال (دونوں)	902900	248500	93600	32404800	6041100	26363700
بہار	324400	510300	250200	23034100	5441200	17592900
بمبئی	205640	2308	6567	28762576	789258	27973318
سی پی و برار	158470	3055	616	26873920	2603190	24270730
کورگ	8799	-	-	150850	-	150850
دہلی	6101	471	202	286772	72326	214446
مدراس	741002	38100	143024	36740203	5415823	31324380
سرحد	37858	12587	667	2809548	446685	2362863
اڑیسہ	106563	76248	111093	6828461	634909	6193552
پنجاب (دونوں)	323875	129511	15015	34988681	5374593	29614088
سندھ	56065	1998	72401	6148665	546750	5601915
یو-پی	618026	281254	18106	45829513	8848991	36980522
میزان	4125693	1334997	890706	253197805	37270141	215927664

(c) Included under "Miscellaneous non food Crops

جدول 3.12: زراعت کے بارے میں اہم اعداد و شمار (ہزار ایکڑ میں)

1942-43	1941-42	1938-39	1933-34	
514104	512995	512664	512190	رقبہ بمطابق پروفیشنل سروے
(b)513277	512127	511877	511722	رقبہ بمطابق دیہاتی کاغذات
68153	68366	68184	66908	رقبہ زیر جنگلات
90580	91093	91811	92947	کھیتی باڑی کیلئے غیر دستیاب رقبہ
91889	92230	94180	93872	دیگر غیر مزروعہ رقبہ
45882	47149	48302	43988	کاشت شدہ رقبہ
215928	213289	209400	214007	خالص بوائی شدہ رقبہ
55734	56750	53662	48946	زیر آبپاشی رقبہ
				(i) علاقہ زیر کاشت برائے غذائی فصلیں
70662	69405	69918	67504	چاول
26014	26093	26781	27556	گندم
6880	6597	6200	6724	جو
21867	21970	20833	20807	جوار
16768	14183	12776	13138	باجرہ
3567	3493	3491	3732	رگی (Ragi)
6484	5622	5722	5837	مکئی
14979	12744	11683	16335	چنا
30702	29033	28853	30028	دیگر غذائی اجناس و دالیں
197923	189140	186257	191661	کل غذائی اجناس (میزان)
3588	3497	3154	3311	چینی
6891	6791	6760	6820	دیگر غذائی فصلیں (a)
208402	**199428**	196171	201792	کل غذائی فصلیں (میزان)

(a) Condiments and spices, Fruit and vegetables and miscellaneous food crops.

(b) Included an area of 844800 acres of new district of Tirap in Assam (details not available)

(اعداد و شمار ہزار ایکڑ میں)

(ii) رقبہ زیر کاشت غیر غذائی فصلیں	1933-34	1938-39	1941-42	1942-43
السی (Linseed)	2067	2478	2015	2028
تل (Sesamum)	2577	2421	2201	2299
سرسوں (Rape& Mustard)	3317	2977	3303	3381
دیگر تیل کے بیج	7540	8311	6987	7402
میزان تیل کے بیج	15501	16187	14506	15110
(iii) رقبہ زیر کاشت برائے				
روئی	14054	13887	14764	11837
پٹ سن	2494	3125	2111	3287
ریشہ (Fibres)	632	714	841	870
نیل (Indigo)	42	39	51	55
افیون (opium)	18	10	18	32
کافی	95	96	100	100
چائے	724	737	741	739
تمباکو	983	1155	1197	1053
چارہ بوٹیاں (Fodder Crops)	9972	10371	10358	10607
دیگر غیر غذائی فصلیں	1552	1092	1047	1106
کل غیر غذائی فصلیں (میزان)	46067	47413	45734	44796
کل غذائی و غیر غذائی فصلوں کا میزان	-	-	245162	253198

جدول 3.13 مختلف فصلوں کی زیادہ سے زیادہ پیداوار (Yield of Principalcorps)

(Yield in Thousands of)						پیداوار ہزاروں میں
1941-42	1940-41	1939-40	(b)1938-39	1931-32	اکائی	فصل
25021	22000	25734	25364	26201	ٹن	چاول
10637	10027	10767	10752	9455	״	گندم
33709	31442	34822	(a)	33037	پاؤنڈ	کافی
501087	463881	452596	452596	433669	״	چائے
361	434	466	466	406	ٹن	السی
1087	1101	1116	1120	1042	״	سرسوں
414	433	415	416	486	״	تل
2545	3702	3165	3148	2846	״	مونگ پھلی
93	105	97	97	151	״	ارنڈی کے بیج
8	11	5	5	11	cwt	نیل
4376	5803	4661	4590	4676	ٹن	گڑ
35758	34397	31391	31391	1803	پاؤنڈ	ربڑ
6223	6080	4909	4909	4618	[illegible]	روئی
9047	5460	13172	.2547	7987	״	پٹ سن

(a) Figures not available (b) Exclusive of Burma

Note - Acrage of crops given in this table is for what was British India only, but the yield includes the Crops incertain Indian states also.

4- آب پاشی
(Irrigation)

برصغیر میں 79-1878ء کے دوران گورنمنٹ اریگیشن ورکس کی مدد سے 10.5 ملین ایکڑ رقبہ زیر آبپاشی تھا۔ 19 ویں صدی کے آغاز میں یہ رقبہ 19.5 ملین ایکڑ ہو گیا۔ اور 45-1944ء میں یہ رقبہ بڑھ کر 35 ملین ایکڑ ہو گیا تھا۔

45-1944ء کے دوران سب سے بڑا صوبہ پنجاب تھا جو بلحاظ رقبہ زیر آبپاشی تھا اور اس میں پنجاب کے دونوں حصہ شامل تھے۔ اس میں ریاستوں کے زیر آبپاشی نہری حصہ نکال کر کل رقبہ 14.05 ملین ایکڑ تھا۔ مدراس پریذیڈنسی کا علاقہ آبپاشی کے لحاظ سے دوسرے نمبر پر تھا جس کا رقبہ زیر آبپاشی 6.51 ملین ایکڑ تھا۔ جبکہ یو۔پی کا زیر آبپاشی رقبہ 5.37 ملین ایکڑ تھا۔

ریگیشن ورکس کی تین اقسام تھیں (i) پروڈکٹو ورکس (ii) غیرپروڈکٹو ورکس (iii) نان کومنٹل ورکس۔ ان تینوں ورکس کے تحت جو علاقہ زیر آبپاشی تھا اس کی تفصیلات' اخراجات اور ریونیو کے علاوہ آبپاشی سے متعلق دیگر معلومات و اعداد و شمار آئندہ صفحات میں دیئے گئے علیحدہ جدول میں ملاحظہ فرمایئے۔

آبپاشی (Irrigation)

جدول 4.1: صوبوں کا وہ رقبہ جن کی آبپاشی حکومتی ذرائع (Govt.Works) سے ہوئی

صوبہ	زیر آبپاشی رقبہ کی سہ سالہ اوسط 1936-39 (ایکڑوں میں)	رقبہ جس کی آبپاشی دوران 1944-45 ہوئی (ایکڑوں میں)
مدراس	73,96,100	65,09,399
بمبئی	4,66,200	6,39,386
بنگال (دونوں)	1,71,800	2,45,442
یو-پی	47,69,200	53,71,922
پنجاب (دونوں)	1,21,95,800	1,40,45,199
بہار	6,79,500	7,44,948
سی پی وبرار	3,19,100	7,27,536
سرحد	4,66,500	5,34,735
اڑیسہ	3,66,400	7,98,179
سندھ	46,92,900	42,56,587
چھوٹے زیر انتظام علاقے	-	46,416
بلوچستان	1,04,700	26,949
میزان	3,16,28,200	3,49.46,698

☆Minor Administrations

جدول 4.2: ورکس کی اقسام (Kind of Works)

Non Capital Works Area Irrigated 1941-42ء	Un-Productive works Area Irrigated 1944-45ء	Productive works Area Irrigated 1944-45ء	صوبہ
32,07,400	2,63,225	30,43,199	مدراس
2,07,500	4,37,176	11,954	بمبئی
31,800	2,31,598	-	بنگال (دونوں)
5,500	15,31,981	38,26,689	یو-پی
29,600	7,26,882	1,41,10,148	پنجاب دونوں
-	1,26,247	6,66,449	بہار
44,900	6,76,476	-	سی پی (صرف)
-	3,09,143	2,20,592	سرحد
-	3,53,869	-	اڑیسہ
20,600	3,24,993	40,50,745	سندھ
-	-	-	راجپوتانہ
-	22,330	1,24,123	بلوچستان
35,47,300	50,03,920	2,60,53,899	میزان

Productive works:۔ پروڈ کیٹو ورکس کی مد میں جو کیپٹل (Capital) 1944-45ء کے آخر میں انوسٹ (Invest) کیا گیا اسکی مالیت 10,169 لاکھ روپے تھی' سال کا ریونیو (Net Revenue) 1297 لاکھ روپے اور وصولی (Return) 12.76٪ تھی جبکہ یہ وصولی 9٪' 19-1918ء کے دوران اور 7.68٪ ' 38-1937ء میں تھی کیپٹل انوسٹمنٹ (Capital Investment) میں سے ہونے والے اخراجات میں مختلف کام (Works) شامل تھے جو بعد میں قابل عمل ہوئے اور دیگر اس وقت زیر تعمیر تھے۔ اس لحاظ سے یہ ریونیو کی مد میں بہت تھوڑے یا بالکل مددگار نہیں تھے۔

(Moreover only the receipts from water rates and a share of the enhanced land revenue due to the introduction of irrigation are credited to the canals so that the returns include nothing on a account of the large additions to the general revenue of the country which follows in the wake of their construction

جدول 4.3: اخراجات اور وصولی (Costand Revenue)

صوبہ	کل رقبہ جہاں 1943-44ء میں بوائی ہوئی (ایکڑ)	حکومتی محکمہ آبپاشی نے جس رقبہ کی آبپاشی کی (ایکڑ)	کل رقبہ کے مقابلہ میں زیر آبپاشی رقبہ شرح فیصد %	حکومتی اخراجات 1943-44 کے آخر میں (لاکھ روپیہ)	حکومتی محکمہ آبپاشی کی مدد سے زیر کاشت رقبہ پر فصلوں کی قیمت (لاکھ روپیہ)
مدراس	31890989	6461450	20.26	2052.2	5214.02
بمبئی	28625161	626759	2.19	1079.4	☆☆
سندھ 5700383		4511110	79.14	2648.8	☆☆
بنگال (دونوں)	28060000	244217	0.87	532.0	☆☆
یوپی	37210028	5344683	14.36	3076.9	7807.39
پنجاب (دونوں)	28533453	13888010	48.67	4259.5	11663.69
بہار	17658400	780104	4.42	356.1	☆☆
سی پی و برار	24988891	722239	2.90	652.9	☆☆
اڑیسہ	6296451	828277	13.15	328.0	☆☆
سرحد	2300551	528359	22.97	316.5	☆☆
آسام	6928175	☆☆	☆☆	☆☆	☆☆
بلوچستان	☆☆	25156	☆☆	146.5	☆☆
چھوٹے زیر انتظام علاقے	804852	55408	6.88	29.6	☆☆
میزان	218997334	34015772	15.53	15478.4	..

☆Capital Cost of Govt. Irrigation and Navigation works to end of 1943-1944.

**Figures not available.

آب پاشی کے لئے مغربی یو۔پی کے بعض علاقوں میں گنگا ٹیوب ویل سکیم کے ذریعہ پانی 15 فٹ تا 45 فٹ کی گہرائی سے حاصل کیا جاتا تھا اور اس کی مدد سے وسیع علاقہ سیراب کیا جاتا تھا۔

1943-44ء کے آخر تک کل حکومتی ٹیوب ویلوں کی تعداد 1649 تھی اور کل زیر آب پاشی رقبہ 665046 ایکڑ تھا۔ مکمل منصوبے پر 1943-44ء کے آخر تک 1.89 کروڑ روپے کے اخراجات ہوئے۔ اور یہاں پر زیر تعمیر ہائیڈرو الیکٹرک گرڈ سٹیشن پر اخراجات اس سارے علاقے کے لئے 3.73 کروڑ روپے تھے۔

5۔ کانیں اور معدنیات

(Mines & Minerals)

معدنیات کسی بھی ملک کی صنعتی ترقی کے لئے ریڑھ کی ہڈی کی حیثیت رکھتی ہیں۔ برصغیر میں پیدا ہونے والی معدنیات کا زیادہ تر حصہ بھارت کے حصہ میں آیا۔ مکمل اعداد و شمار کو حاصل کرنا بہت مشکل کام ہے۔ البتہ اہم معدنیات اور کانوں کے بارے میں اعداد و شمار آئندہ دیئے گئے جدول میں پیش کئے گئے ہیں۔ برصغیر میں معدنیات اور کانوں کے انتظامات کے لئے کوئی مرکزی ادارہ نہیں تھا۔ بلکہ مختلف معدنیات مختلف محکموں کے زیر انتظام تھیں مثلاً" نمک کی کانیں سینٹرل بورڈ آف ریونیو کے ماتحت کچھ کوئلے کی کانیں ریلوے بورڈ کے ماتحت اور کچھ لیبر یا سپلائی محکمہ کے ماتحت تھیں۔ جپسم کی کانیں سپلائی ڈیپارٹمنٹ کے ماتحت جبکہ مائیکا (Mica) کی کانیں لیبر ڈیپارٹمنٹ کے زیر انتظام تھیں۔ اس سے پہلے 1942ء میں جیولوجیکل سروے آف انڈیا کے تحت ایک شعبہ کانوں کی دریافت و ترقی کے لئے قائم کیا گیا لیکن یہ انتظامات دوسری جنگ عظیم کے ساتھ ہی ختم ہو گئے۔ جنوری 1947ء میں ایک نیشنل منرل پالیسی کانفرنس نیو دہلی میں منعقد ہوئی جس میں بہت سے مسائل اس سلسلہ میں زیر بحث آئے تھے۔

کانیں اور معدنیات (Mines& Minerals)

جدول 5.1: کوئلہ (Coal) — پیداوار

علاقے	مقدار 1944 (ٹن)	قیمت (روپے)	مقدار 1945 (ٹن)	قیمت (روپے)
آسام	303775	5375957	307990	6262878
بنگال دونوں	6789876	76895877	7290650	88033675
بہار	14363892	143772122	16597165	173896524
بلوچستان	83131	1442784	137549	2259764
سی پی و برار	1677786	15879927	1649243	17189023
سینٹرل انڈیا	373897	3676480	473270	4445855
ایسٹرن سٹیٹس ایجنسی	1265114	10638713	1353811	17292010
حیدر آباد	931876	10054556	1023442	13924410
کشمیر	2571	20472	☆5027	55709
اڑیسہ	102729	953602	112529	1137435
پنجاب دونوں	175067	3060327	161825	2806309
راجپوتانہ	50717	474115	42438	397454
سندھ	6245	147199	12213	407962
میزان	26126676	272392131	29167152	328109008

☆ بشمول 607 ٹن لگنائٹ (Lignite)

جدول 5.2: خام لوہا (Iron Ore)

پیداوار

علاقے	مقدار 1944ء (ٹن)	قیمت روپے	مقدار 1945ء (ٹن)	قیمت روپے
بہار	940875	2756214	1046099	3233146
سی پی	716	15537	735	20891
ایسٹرن اسٹیٹس ایجنسی	1396942	2772467	1196331	2578587
میسور	24072	58794	20672	125728
پنجاب دونوں	(a)585	(b)	(a)279	(b)
سینٹرل انڈیا	450	2775	-	-
راجپوتانہ	-	-	(a)68	(b)
میزان	2363640	5605787	2264184	5957952

(a) آئرن پائرائیٹ (Iron Pyrite) (b) نامعلوم۔

جدول 5.3: خام مینگانیز (Manganese ore)

پیداوار

علاقے	مقدار 1944 (ٹن)	قیمت (پاؤنڈ)☆	مقدار 1945 (ٹن)	قیمت (پاؤنڈ)☆
بہار	4495	7754	2173	3748
بمبئی	22515	38838	17425	30058
سینٹرل انڈیا	-	-	2495	3181
سی پی	294712	542760	153598	282875
اڑیسہ	4000	3700	575	532
ایسٹرن اسٹیٹس ایجنسی	40801	47941	31428	36769
میسور	305	282	377	348

مدراس	3929	3764	2158	1888
راجپوتانہ	223	206	354	327
میزان	370980	645245	210583	359726

*Value F.O.B. at Indian Ports.

جدول 5.4: نمک (Salt) پیداوار

علاقے	مقدار (ٹن) 1944ء	قیمت (روپیہ)	مقدار (ٹن) 1945ء	قیمت (روپیہ)
بنگال (دونوں)	2778	515283	3772	789482
بمبئی	538771	6982709	553770	7624038
گوالیار	*56	4356	**62	5874
مدراس	508220	10971812	614762	16891589
نارتھرن انڈیا اور پاکستان	701790	5387659	595259	4800238
سندھ	90988	459463	136495	690818
بہار اور یوپی	918	50120	1247	115956
پوری (اڑیسہ)	19855	226358	37222	530759
بلوچستان	1349	21950	1004	37426
میزان	1864725	24619710	1943593	31486180

*Figures for 1944-45 **Figures for 1945-46

جدول 5.5: دیگر معدنیات کی مالیت

Minerals (معدنیات)	1944ء Rs:	1945ء Rs:
Antimony	153920	132640
Apatite	2280	5240
Asbestos	121805	78383

Minerals(معدنیات)	1944ء Rs:	1945ء Rs:
Barite	179358	426946
Bauxite	57112	131314
Bentonite	23	70
Beryl	44735(a)	2062(b)
BuildingMaterials	24163330	26257669
Caloite	7858	5535
Chromite	706480	677572
Clays	1778760	2034211
Coal	272392131	328109008
Copper(Refined)	8222550	8370000
Corundum	78015	185506
Diamonds	218061	179835
Feldspar	3814	9364
Fluorite	12142	3506
FullersEarth	215476	211943
Gold	35501636	33964974
Graphite	130816	129386
Gypsum	325184	426206
Ilmenite	739308	1334293
Iron		
PigIron	27947440	27098880
Steel	245592960	241127760
Kyanite	297499	291580
Lead	2970	11211
Magnesite	524770	443673

Minerals(معدنیات)	1944ء Rs:	1945ء Rs:
Manganese Ore	8646283(c)	4820328(c)
Mica	27301458(d)	24477312(d)
Monazite	92863	65433
Ochres	153407	263846
Orpiment	-	544
Petroleum	17842044	13528033
Natural Gas Gasoline	-	855
Rutile	207256	103593
Salt	24619710	31486180
Saltpetre	957880(d)	109815(d)
Sapphire	-	1924
Silver	47902	48622
Steatite	461489	561577
Sulphur	348030	-
Wolfram (Tungsten Ore)	90000	40869
Zircon	27928	35716
Total	700216688	747103444

(a) Excluding the value of 297 Tons
(b) Excluding the value of 90 Tons
(c) F.O.B. value at Indian Ports.
(d) Exports Values

6- پبلک ہیلتھ (Public Health)

برصغیر میں پبلک ہیلتھ ایڈمنسٹریشن کی تاریخ کا آغاز اس دور سے کیا جا سکتا ہے جبکہ 1859ء میں رائل کمیشن کا قیام عمل میں آیا۔ جس نے فوج اور عوام کی صحت کو بہتر بنانے کے بارے میں سفارشات مرتب کیں۔ ان ہی سفارشات کی روشنی میں مدراس 'بمبئی اور بنگال میں کمیشن آف پبلک ہیلتھ 1864ء میں قائم کئے گئے اور پھر سینٹری کمشنر مقرر ہوئے۔ 1888ء میں حکومت انڈیا نے ایک ریزولوشن پاس کیا جس میں لوکل باڈیز اور ولج یونمنز کی توجہ صفائی کی طرف مبذول کرائی گئی۔ لیکن بڑے شہروں کے علاوہ اس طرف کوئی خاص توجہ نہیں دی گئی۔ 1896ء میں پلیگ پھیلنے کی وجہ سے لوگوں پر جو برے اثرات مرتب ہوئے انکی وجہ سے حکومت کو پبلک ہیلتھ کو بہتر بنانے کی طرف متوجہ ہونا پڑا۔ 1904ء میں پلیگ کمیشن کی رپورٹ نے پبلک ہیلتھ کے نظام کو مضبوط بنیادوں پر استوار کرنے کی ضرورت پر زور دیا جس میں لیبارٹریوں کے قیام کی سفارش بھی شامل تھی۔

گورنمنٹ آف انڈیا ایکٹ 1919ء کے تحت ہیلتھ ایڈمنسٹریشن کو صوبائی حکومتوں کے حوالے کر دیا گیا۔

پبلک ہیلتھ کے حوالے سے اہم اعداد و شمار درج ذیل ہیں۔

(1) شرح پیدائش (Birth rate):۔ 1937-41ء تک پانچ سال کی اوسط 33.2 اور 1941-45ء کی 28.0 تھی۔ 1946ء میں یہ شرح 28.9 تھی۔

(2) شرح اموات۔(Death rate):۔ 1937-41ء تک پانچ سال کی اوسط 22.3' 1941-45ء کی 22.5' اور 1946ء میں یہ شرح 18.4 تھی بچوں کی شرح اموات (Infant Mortality Rate) 1937-41ء تک پانچ سال کی اوسط 160.4' 1941-45ء میں 160.8 اور 1946ء میں 135.8 تھی۔

(3) جذام (Leporsy):۔ 1931ء کی مردم شماری میں 1,50,000 افراد جو اس مرض کا شکار تھے اندراج کیا گیا۔ جذام کے مریضوں کے لئے پہلی پناہ گاہ ویلز لی بیلے (Wellesley Balley) نے 1875ء میں چمبہ پنجاب میں قائم کی تھی۔

(4) پلیگ (Plague):۔ 1896ء کو بمبئی میں پلیگ ظاہر ہوا اور دیکھتے ہی دیکھتے سارے ملک میں پھیل گیا۔ پورے برصغیر میں 1904ء تک اس کا شکار ہو کر ہلاک ہونے والے افراد کی تعداد 9,64,577 ہو گئی۔ 1940ء میں کل 19799 اموات درج کی گئیں۔ 1941ء میں 11984' 1942ء میں 10577' 1943ء میں 13578' 1944ء میں 21525' 1945ء میں 29751'

اور 1946ء میں 32977 اموات ریکارڈ کی گئیں۔ 46-1940ء کے دوران زیادہ تر یو۔ پی' بہار' مدراس' سی پی اور بمبئی کے صوبے اس مرض سے متاثر ہوئے۔

(5) اندھاپن (Blindness):۔ برصغیر کی آبادی میں آنکھوں سے معذور افراد کی آبادی کا اندازہ تقریباً" 2 ملین لگایا گیا تھا۔ جس میں سے 50٪ مکمل اندھے تھے۔

(6) دق (Tuberculosis):۔ برصغیر میں ٹی۔بی کے خلاف سب سے موثر قدم اس وقت اٹھایا گیا جب کنگ جارج پنجم 1929ء میں کسی بیماری سے صحتیاب ہوئے تو بطور شکرگزاری ایک فنڈ قائم کیا گیا اور بعد میں اس فنڈ سے ٹی بی کے مریضوں کے علاج معالجہ کے اقدامات کئے گئے۔ 1937ء میں لیڈی لنلتھگو (Lady Linlithgow) نے کنگ ایمپرز فنڈ کے لئے اپیل کی تاکہ ٹی۔بی کے خلاف اقدامات کئے جا سکیں۔ جس کے نتیجہ میں 85 لاکھ روپیہ جمع ہوئے اس رقم سے 95٪ ان صوبوں کو لوٹا دیئے گئے جنہوں نے اس فنڈ میں چندہ دیا تھا تاکہ وہ اپنے صوبوں و ریاستوں میں مراکز قائم کر سکیں۔

1945ء تک 124 ٹی بی کلینک اور 70 اسپتال و سینی ٹوریم قائم کئے جا چکے تھے۔ جن میں 4384 بستروں کی گنجائش تھی۔ اس مرض سے ہلاک ہونے والوں کا اندازہ 5 لاکھ افراد کیا گیا تھا اور مریضوں کی تعداد 25 لاکھ کے قریب تھی۔

(7) زچگی (Maternity):۔ دوران زچگی بچوں کی اموات کا اندراج معلوم نہیں ہو سکا۔ البتہ محتاط اندازہ کے مطابق 1,50,000 مائیں ہر سال دوران زچگی ہلاکت کا شکار ہو جاتی تھیں اور ہر سال 25 لاکھ سے زیادہ بچے پانچ سال کی عمر کو پہنچنے سے پہلے ہی ہلاک ہو جاتے تھے۔ برصغیر میں آل انڈیا میٹرنٹی اینڈ چائلڈ لیبر لیگ کو لیڈی چیمز فورڈ (Lady Chelmsford) نے 1918ء میں متعارف کرایا اور 1920ء سے انڈین ریڈ کراس سوسائٹی کو 1931ء میں میٹرنٹی اینڈ چائلڈ ویلفیئر بیورو اور انڈین ریڈ کراس سوسائٹی دونوں کو ملا دیا گیا۔ بیورو کے زیر انتظام وکٹوریہ میموریل سکالرشپ فنڈز کو دائیوں کی ٹریننگ کے لئے 'لیڈی چیمز فورڈ لیگ فنڈز زچہ و بچہ کی فلاح کے علاوہ لیڈی ریڈنگ ہیلتھ سکول (Lady Reaping) کے فنڈز بھی تھے۔ فوج کے لئے 1942ء میں ایک سپیشل کمیٹی "دی انڈین فائٹنگ فورسز میٹرنٹی چائلڈ ویلفیئر" نے انڈین آرمی سنٹرز کا انتظام سنبھالا۔

1942ء میں حکومت انڈیا نے ہیلتھ سروے اینڈ ڈویلپمنٹ کمیٹی مقرر کی جس نے اس ضمن میں اپنی سفارشات تیار کیں۔

1903ء میں وکٹوریہ میموریل فنڈ کا قیام لیڈی کرزن (Lady Curzon) عمل میں لائیں تاکہ مڈ

وائفوی پریکٹس کا سٹینڈرڈ بہتر بنایا جا سکے جس کو دائیاں سرانجام دے رہی تھیں۔ 1903ء میں ساڑھے چھ لاکھ روپے اور 1935 میں ایک لاکھ اننالیس ہزار روپے سلور جوبلی فنڈ اس میں جمع کرائے گئے۔

(8) دماغی امراض و پاگل پن (Insanity & Mental Health) برصغیر کی آبادی کے لئے اس مرض کے علاج کے لئے بہتر سہولیات مہیا نہیں تھی۔ اس بات کا اندازہ اس امر سے بخوبی ہو سکتا ہے کہ تقریباً" 40 کروڑ کی آبادی کے لئے صرف 20 ایسے انسٹی ٹیوشن تھے جن میں تقریباً" 15000 مریضوں کی گنجائش تھی۔ دماغی امراض کے مریضوں کی صحیح تعداد کا تعین بہت مشکل تھا البتہ محتاط اندازے کے مطابق انکی تعداد ایک ہزار افراد میں سے دو افراد کی تھی جبکہ یہ شرح برطانیہ میں 3.5 اور امریکہ میں 5 کی تھی۔ اس حساب سے دماغی مریضوں کی تعداد 20 لاکھ کے قریب تھی۔ ان میں وہ نفسیاتی امراض کے حامل مریض شامل نہیں ہیں جنکی تعداد 40 لاکھ سے کم نہیں تھی۔ تقسیم برصغیر کے وقت صرف رانچی' مدراس ' پونا اور بنگلور میں ایسے انسٹی ٹیوٹ تھے جنہیں دماغی اسپتال کا درجہ دیا جا سکتا تھا۔ اس کے علاوہ دیگر مقامات پر دماغی مریضوں کو صرف زیر حفاظت رکھا جا سکتا تھا۔ برصغیر میں سب سے بڑا مینٹل اسپتال بنگلور (میسور سٹیٹ) میں واقع تھا۔ اسے 1938ء میں قائم کیا گیا تھا اور بعد میں آہستہ آہستہ اسے ترقی دی گئی۔ اس میں 400 مریضوں کی گنجائش تھی اور جدید سہولتوں سے آراستہ تھا نفسیاتی علاج و آپریشن کی سہولیات بھی میسر تھیں۔

7- سڑکیں (Roads)

برصغیر میں موجود سڑکوں کے نظام کا ایک مختصر جائزہ پیش کیا جاتا ہے۔

یہاں تقسیم برصغیر کے وقت چار بڑی ٹرنک روڈز موجود تھیں جو برصغیر کے مختلف علاقوں کو ایک دوسرے سے ملاتی تھیں۔ اور ان کے ساتھ دیگر اہم سڑکیں آکر مل جاتی تھیں۔ یہ سڑکیں تاریخی اہمیت کی حامل ہیں۔ ان میں سب سے زیادہ تاریخی اہمیت کی حامل گرینڈ ٹرنک روڈ تھی جو خیبر سے کلکتہ کو ملاتی تھی۔ دیگر تین سڑکوں میں سے ایک کلکتہ کو مدراس سے' دوسری مدراس کو بمبئی سے اور تیسری دہلی کو بمبئی سے ملاتی تھی۔ اور صرف ان چار سڑکوں کی لمبائی 5000 میل تھی جبکہ برصغیر کی کل مسلمہ روڈز کی لمبائی 95000 میل تھی۔

ان سڑکوں کے علاوہ ذیلی سڑکوں میں بہتر سڑکوں کی تعداد جنوبی ہندوستان میں تھی۔ جبکہ وہ علاقے جہاں سڑکیں بدترین حالت میں تھیں ان میں راجپوتانہ' سندھ اور پنجاب کے کچھ علاقے شامل تھے اس کے اڑیسہ اور بنگال کے علاقوں میں بھی یہی صورتحال تھی۔

سڑکوں کی غیر تسلی بخش صورتحال کے تحت 1927ء میں ایک روڈ ڈویلپمنٹ کمیٹی قائم کی گئی تھی جس کے مقاصد میں موٹر ٹرانسپورٹ کے بڑھتے ہوئے رجحانات کو مدنظر رکھتے ہوئے سڑکوں کی تعمیر و ترقی کے لئے مالی امداد کی فراہمی اور اس سلسلہ میں تجاویز دینا تھا۔ اس کمیٹی کی سفارشات کو مدنظر رکھتے ہوئے چار سے چھ آنہ فی گیلن پٹرول پر امپورٹ اور ایکسائز ڈیوٹی بڑھائی گئی جس پر عمل درآمد مارچ 1929ء میں ہوا۔

سڑکوں کی لمبائی :-

انتظامی لحاظ سے سڑکوں کے امور کی ذمہ داری صوبوں کے پاس تھی۔ جن کو ذمہ داری کے لحاظ سے مزید دو حصوں میں تقسیم کیا گیا تھا۔ صوبائی سطح کی سڑکیں پبلک ورکس ڈیپارٹمنٹ کی ذمہ داری تھیں۔ جبکہ مقامی سڑکیں لوکل باڈیز کے ذمہ تھیں۔ میونسپل حدود میں شہروں میں سے گزرنے والی سڑکیں میونسپل کمیٹی کی ذمہ داری تھیں۔ اس کے علاوہ ایکسٹرا میونسپل روڈز کی دیکھ بھال پبلک اتھارٹیز کرتی تھیں۔ ایکسٹرا میونسپل روڈز بشمول ریاستوں کے کل لمبائی 31 مارچ 1943ء کو 2,96,468 میل تھی۔ اس طوالت میں وہ صوبے جو گورنر کے ماتحت تھے انکی لمبائی 2,18,066 میل' مرکز کے تحت علاقوں کی لمبائی 8057 میل اور ریاستوں میں یہ لمبائی 70,345 میل تھی۔

جدید سطح رکھنے والی سڑکیں جن میں تارکول (Bituminous) کے علاوہ سیمنٹ سے بنائی جانے والی سڑکیں بھی شامل تھیں کل لمبائی 15121 میل تھی۔ بجری سے تیار شدہ (Macadam Water Bound) سڑکوں کی کل لمبائی 79933 میل تھی۔ ان دونوں قسم کی

سڑکوں کی کل لمبائی 95054 میل تھی۔

نچلے درجہ کی سڑکوں کی کل لمبائی 201414 میل تھی۔ جن میں تین قسم کی سڑکیں شامل تھیں۔

(i) قدرتی زمین پر موجود سڑکیں جن پر موٹر نہیں چلائی جا سکتی تھی۔

(ii) قدرتی زمین پر موجود ایسی سڑکیں جن پر اچھے موسم میں موٹر چلائی جا سکتی تھی۔

(iii) کنکر، بجری کو ساتھ ملا کر قدرتی زمین پر بچھائی گئی سڑکیں۔

ایسی تمام سڑکیں جن پر موٹر چلائی جا سکتی تھی انکی کل لمبائی 221690 میل تھی۔ اس لمبائی میں سے صرف 126374 میل لمبی سڑکیں سارا سال آمد و رفت کے لئے کھلی رہتی تھیں۔ جبکہ 95316 میل لمبی سڑکوں کو صرف بہتر موسم میں ہی استعمال کیا جاسکتا تھا۔

برٹش انڈیا کی 2,26,123 میل لمبی سڑکوں میں کم از کم 1,78,008 میل لمبی سڑکوں کی دیکھ بھال لوکل باڈیز کے ذمہ تھی اور 48115 میل لمبی سڑکوں کی دیکھ بھال کی ذمہ داری ایم ای ایس اور پی ڈبلیو ڈی کے ذمہ تھی۔

صوبوں میں سے صوبہ مدراس میں سب سے زیادہ لمبی سڑکیں تھیں جنکی کل لمبائی 38047 میل تھی۔ جس میں سے صرف 464 میل لمبی سڑکوں کی سطح جدید طرز کی تھی۔ جبکہ صوبہ پنجاب میں جدید سطح کی حامل سڑکوں کی کل لمبائی 4983 میل تھی اور یہاں سڑکوں کی کل لمبائی 25245 میل تھی۔ اس کے علاوہ جن سڑکوں کی دیکھ بھال میونسپلٹی کرتی تھی اس کی کل لمبائی 18433 میل تھی۔ جس میں سے صرف 10840 میل میٹلڈ روڈ (Metalled) تھیں اور 7593 میل ان میٹلڈ روڈ (Un-metalled) تھیں۔

ناگپور پلان :۔ دسمبر 1943ء میں مختلف صوبوں اور ریاستوں کے چیف انجینئرز ناگپور میں ملے جنہوں نے سڑکوں کے نظام کی بہتری اور کل سڑکوں کی لمبائی کو 4,00,000 میل تک بڑھانے کے لئے سفارشات تیار کیں۔ اس پر اخراجات کا تخمینہ 450 کروڑ روپیہ لگایا گیا تھا۔

وہیکلز کی تعداد :۔

مارچ 1946ء میں ریاستوں کو نکال کر موٹر وہیکلز کی کل تعداد 144694 تھی۔ جس میں سے مختلف وہیکلز کی تعداد اس طرح تھی۔

(i) موٹر سائیکلیں	10142	(iv) پسنجر بسیں	20321
(ii) موٹر کاریں	74846	(v) گڈز لاریاں	30194
(iii) ٹیکسی	8065	(vi) متفرق وہیکلز	1126

اس کے علاوہ 6292000 بیل گاڑیں، چھکڑے بھی زیر استعمال تھے۔

8۔ ریلوے :۔

برطانیہ میں ریلوے سسٹم کی کامیابی کے بعد برصغیر میں بھی ریلوے سسٹم کی تعمیر کا فیصلہ کیا گیا۔ برصغیر میں سب سے پہلے تین آزمائشی ریلوے لائنیں کھولی گئیں۔

(i)	کلکتہ سے رانی گنج	(120 میل)	ایسٹ انڈین ریلوے
(ii)	بمبئی سے کلیان	(32 میل)	گریٹ انڈین چینی سولار ریلوے
(iii)	مدراس سے آرکونام	(39 میل)	مدراس ریلوے۔

برصغیر ریلوے کو قائم کرنے کے لئے پہلی تجویز 1843ء میں پیش کی گئی تھی لیکن دس سال بعد اس کے قابل عمل ہونے کا موقعہ آیا۔ 1847ء میں جب لارڈ ڈلہوزی کو انڈیا کا گورنر جنرل مقرر کیا گیا تو اس نے برطانیہ میں ریلوے ڈویلپمنٹ کے سابقہ تجربہ کی روشنی میں یہاں بھی اپنے فیصلہ کن کردار کا آغاز کیا۔ 1849ء میں آزمائشی لائن کھولنے کے لئے منصوبہ بندی کی گئی۔ لہٰذا مندرجہ بالا تینوں لائنوں کو کھولنے کے ایگریمنٹ تیار کئے گئے۔ برطانیہ میں مقیم ریلوے پروموٹرز نے بہت سخت شرائط کے ساتھ سودے بازی شروع کی۔ لہٰذا بہت سی سہولتیں جن میں مفت زمین کی فراہمی بھی شامل تھیں تسلیم کی گئیں۔ اس کے علاوہ برطانوی سرمایہ کاروں کو لگائے گئے سرمایہ پر 5٪ واپسی کی ضمانت بھی دی گئی۔ لارڈ ڈلہوزی نے فیصلہ کیا کہ صرف ایک قسم کی گیج 5 فٹ 6 انچ سائز میں زیر استعمال ہوگی۔ پہلی گاڑی 16 اپریل 1853ء کو بمبئی سے روانہ ہوئی جبکہ ایک سال بعد مدراس ریلوے سے پہلی گاڑی کی روانگی عمل میں آئی۔ فوجی نقطہ نظر سے کلکتہ سے دہلی اور پھر لاہور تک ریلوے لائن کی تعمیر 1857ء میں مکمل ہوئی لیکن چالو نہیں ہو سکی۔ 1857ء میں غدر کے بعد برصغیر میں ریلوے لائن بچھانے کی اہمیت اور بڑھ گئی۔
1869ء تک تقریباً 4000 میل لمبی براڈ گیج لائن بحساب 20 ہزار پاؤنڈ (93000 ڈالر) فی میل خرچ پر مکمل ہوئی اس کے بعد برطانوی راج نے ایسٹ انڈیا کمپنی کے بعد ریلوے کمپنیوں کو خریدنا شروع کر دیا اور براہ راست اس میں سرمایہ کاری بھی شروع کر دی۔ ان کو انڈین سٹیٹ ریلوے کا نام دیا گیا۔

فنڈز کی کمی کے باعث یہ فیصلہ کیا گیا کہ تعمیراتی اخراجات میں کمی کی جائے لہٰذا وائسرائے ہند لارڈ لارنس نے لارڈ ڈلہوزی کی ایک گیج لائن کی پالیسی کو مسترد کرتے ہوئے تین فٹ چھ انچ گیج لائن پر کام شروع کرانے کا فیصلہ کیا۔ 1870 میں لارڈ میو نے جب وائسرائے کا عہدہ سنبھالا تو میٹرک سسٹم کے نفاذ

کافیصلہ کرتے ہوئے گیج کو ایک میٹر میں تبدیل کر دیا (تین فٹ 3/8-3 انچ) میٹر گیج لگانے کے اخراجات براڈ گیج سے تقریباً" نصف تھے۔ بہرحال دونوں گیج سسٹم پر کام ہوتا رہا۔

1870ء سے 1900ء تک دونوں قسم کے گیجز پر تعمیری کام جاری رہا۔ البتہ چھوٹی گیج (Narrow Gauge) میدانی علاقوں سے پہاڑی علاقوں تک بھی پہنچائی گئی۔ مثلاً" دارجلنگ' شملہ' ماتھران (Matheran) اور اوٹاکمنڈ (Ootacamond) وغیرہ۔

دارجنگ اور ماتھران کی ریلوے لائنوں کا سائز 0-'2 تھا جبکہ شملہ میں "6-'2 سائز گیج استعمال کی گئی۔ آخر الذکر میٹر گیج میں بنائی گئی۔

دارجنگ ریلوے کو 54 میل' 7407 فٹ کی بلندی تک جانا ہوتا تھا۔ جس کے لئے ریلوے لائن کو کئی جگہ گولائی اور پیچ و خم کی شکل میں بنایا گیا۔ شملہ لائن کو تقریباً" اتنی ہی بلندی پر جانے کے لئے 60 میل میں 103 سرنگوں سے گزرنا پڑتا تھا۔

ماتھران ریلوے کو بارہ میل میں 2363 فٹ بلندی پر جانے کے لئے 281 خم (Curve) عبور کرنے پڑتے تھے۔

ریلوے انجن اور ڈبے درجنوں برطانوی کمپنیاں مہیا کرتی تھیں۔ جن کی وجہ سے سپئیر پارٹس اور دیگر مسائل کا سامنا رہتا تھا۔ اس سلسلہ میں ایک سٹینڈرڈ پالیسی بھی وضع کی گئی جو فوجی نقطہ سے بھی اہمیت کی حامل تھی۔ دوسری جنگ عظیم کے دوران امریکہ سے ایک بڑی تعداد میں لوکو موٹیو درآمد کئے گئے جس سے برطانیہ کی تنہا اجارہ داری ختم ہوگئی۔ انیسویں صدی عیسوی میں ان تعمیرات کے لئے ہزاروں مزدوروں سے کام لیا گیا۔ جس میں چالیس ہزار افراد اور بعض جگہ بیک وقت دس ہزار افراد کے کیمپ قائم کئے گئے۔ اسی طرح کے دس ہزار افراد کے ایک کیمپ واقع بلوچستان میں جب مئی 1885ء میں ملیریا کی وبا پھیلی تو 2000 افراد ہلاک ہو گئے۔

سبی سے چمن لائن کی تعمیر میں 15000 افراد سنگلاخ چٹانوں میں کام سرانجام دیتے رہے۔ اسی طرح پونا اور بمبئی کے درمیان ریلوے لائن کی تعمیر کا ٹھیکہ ایک برطانوی سولومن ٹریڈ ویل کو دیا گیا جو بمبئی پہنچنے کے دو ہفتہ بعد ہی بخار چڑھنے کے بعد فوت ہوگیا تو اس کی بیوہ نے کام سنبھالا اور ٹھیکہ مکمل کیا۔

1859ء کے آخر میں 5000 میل لمبی لائن بنانے کے لئے آٹھ کنٹریکٹ جن پر ضمانت شدہ سرمایہ تقریباً" 52 ملین پاؤنڈ تھا دیئے گئے ان کمپنیوں میں (i) ایسٹ انڈین (ii) گریٹ انڈین جنی سولا' (iii) مدراس (iv) بمبئی' بڑودا اور سینٹرل انڈیا (v) ایسٹرن بنگال (vi) انڈین برانچ (بعد میں اودھ

اور روہیلکھنڈ سٹیٹ ریلوے اور 48-1947ء میں ایسٹ انڈین ریلوے کا حصہ)(vii)سندھ' پنجاب اور دہلی (بعد میں نارتھ ویسٹرن ریلوے)(viii)ساؤتھ انڈین ریلوے

اس سکیم کے تحت جس ریلوے کی بنیاد رکھی گئی تھی وہ حالیہ برصغیر ریلوے کی صورت میں موجود ہے۔ اس کے علاوہ ریاستوں کو بھی اپنے علاقے میں ریلوے لائن بنانے کے لئے کہا گیا جس پر نظام حیدر آباد نے 330 میل لمبی لائن بچھانے کی ضمانت دی۔

1870ء تک پہلے مرحلہ میں 4255 میل لمبی لائن کھول دی گئی۔ اور اگلے دس سالوں میں مزید 4239 میل لمبی ریلوے لائن کھول دی گئی اور اس وقت تک کھولی جانے والی لائن کی کل لمبائی 8494 میل تک پہنچ گئی تھی۔ جس میں سے

براڈ گیج (BroadGauge) 6562 میل

میٹر گیج (MeterGauge) 1865 میل' اور

چھوٹی گیج (NarrowGauge) کی لمبائی صرف 67 میل تھی

یہ مربوط ریلوے سسٹم آزادی کے بعد بھارت و پاکستان کا حصہ میں آیا۔ اس سلسلہ میں چند اہم اعداد و شمار آئندہ صفحات میں ملاحظہ فرمایئے۔

ریلوے کی اقتصادی حالت :۔ 09-1908ء میں خسارہ 12,40,000 پاؤنڈ تھا۔ لیکن اس کے بعد آہستہ آہستہ اس نے منافع دینا شروع کیا اور 19-1918ء میں یہ 10 ملین پاؤنڈ تک پہنچ گیا۔ اس کے بعد پھر ایک دفعہ ریلوے کو خسارہ کا سامنا کرنا پڑا اور 21-1920ء اور 22-1921ء میں یہ 6 ملین پاؤنڈ سے بھی بڑھ گیا۔ 25-1924ء میں ریلوے فنانس کو سنٹرل گورنمنٹ کے جنرل بجٹ سے علیحدہ کر دیا گیا۔ اس کے بعد ریلوے کو پہنچنے والے نفع اور نقصان کی تفصیلات اس طرح ہیں۔

جدول 8.1: ریلوے کے نفع و نقصان کی تفصیلات

سال	کل نفع (نقصان) Rs:	سال	کل نفع (نقصان) Rs:
1925-26	9,28,00,000	1936-37	1,21,00,000
1926-27	7,50,00,000	1937-38	2,76,00.000
1927-28	10,85,00,000	1938-39	1,37,00.000
1928-29	7,81,00,000	1939-40	4,33,00,000

سال	کل نفع (نقصان) Rs:	سال	کل نفع (نقصان) Rs:
1929-30	4,04,00,000	1940-41	18,46,00,000
1930-31	(5,19,00,000)	1941-42	28,08,00,000
1931-32	(9,20,00,000)	1942-43	45,07,00,000
1932-33	(10,23,00,000)	1943-44	50,84,00,000
1933-34	(7,96,00,000)	1944-45	49,88,47,209
1934-35	(5,06,00,000)	1945-46	38,20,03,676
1935-36	(4,00,00,000)		

نوٹ: بریکٹ میں دی گئی رقوم نقصان ظاہر کرتی ہیں۔

جدول 8.2: برصغیر میں ریلوے لائنوں کی لمبائی (میل) کلاس 1 ریلوے

(Route Mileage)

نام ریلوے	1941-42ء	1942-43ء	1943-44ء	1944-45ء	1945-46ء
بنگال آسام ریلوے	-	3457.47	3459.74	3456.80	3554.81
آسام بنگال ریلوے	1308.12	(a)	-	-	-
بنگال اور نارتھ ویسٹرن ریلوے	2092.20	2093.58	(b)	-	-
بنگال ناگپور ریلوے	3380.06	3377.59	3375.76	3378.62	3388.14
بیکانیر سٹیٹ ریلوے	883.05	883.05	883.05	883.05	883.05
بمبئی، بڑودا اور سنٹرل انڈیا ریلوے	3482.80	3370.24	3403.94	3404.23	3404.23
ایسٹرن بنگال ریلوے	2147.67	(c)	-	-	-
ایسٹ انڈین ریلوے	4106.20	4078.95	4061.94	4063.55	4063.55

3531.26	3530.17	3530.17	3564.42	3564.86	گریٹ انڈین پنی سولا ریلوے
1125.69	1125.69	1125.69	1125.69	1125.69	جودھپور ریلوے
2940.31	2940.31	2941.31	2939.47	2939.47	مدراس اور جنوبی مرہٹہ ریلوے
738.27	738.27	738.27	738.27	738.22	میسور سٹیٹ ریلوے
1359.98	1359.98	1359.98	1359.98	1359.91	نظام سٹیٹ ریلوے
6881.27	6881.27	6885.24	6885.24	6814.78	نارتھ ویسٹرن ریلوے
2679.67	2683.94	2684.19	-	-	اودھ ترہٹ ریلوے
-	-	(d)	569.88	569.88	روہیلکھنڈ کماؤں ریلوے
2349.25	2349.25	2348.90	2348.80	2348.30	ساؤتھ انڈین ریلوے
36899.48	36795.13	36798.18	36792.63	36861.21	میزان

a. Included in Bengal to Assam Railway
b. Included in Oudh & Tirhut Railway
c. Included in Bengal & Assam Railway
d. Included in Oudh & Trihut Railway

جدول 8.3: متحدہ ہندوستان ریلوے میں ملازمین بلحاظ مذہب 1936تا1946

(تعداد)

دیگر	عیسائی	سکھ	اینگلو انڈین اور یورپین ڈومیسائل یافتہ	مسلم	ہندو	یورپین	تاریخ سنہ (31مارچ)
9742	16824	8740	13423	155439	504977	3219	1936

تاریخ سنہ (31مارچ)	یورپین	ہندو	مسلم	اینگلو انڈین اور یورپین ڈومیسائل یافتہ	سکھ	عیسائی	دیگر
1937	3121	504983	154535	13410	8734	17253	8838
1938	2692	494272	153794	12843	8114	17311	1597
1939	2508	501628	155389	12973	7795	17771	3243
1940	2333	506220	157857	13099	8106	18045	3362
1941	2143	521171	160912	13239	8503	18758	3373
1942	1018	538840	172085	12268	8705	20039	3259
1943	1823	587925	190916	12270	9442	20872	3996
1944	1747	626118	208014	12286	9330	22093	4415
1945	1633	680810	232108	12248	9983	23513	4224
1946	1516	704564	234949	12151	9958	23979	3752

1938-39ء میں کل ریلوے ملازمین کی تعداد:۔ 701307

1945-46ء میں کل ریلوے ملازمین کی تعداد:۔ 990869

جدول 8.4: ریلوے میں حادثات کا ایک جائزہ

ان اعداد و شمار میں ریلوے ورکشاپس میں ہونے والے حادثات شامل نہیں ہیں۔

حادثہ کی نوعیت	1944-45		1945-46	
	ہلاک	زخمی	ہلاک	زخمی
A. مسافر				
(i) ٹرین ایکسیڈنٹ رولنگ سٹاک اور پرمانینٹ وے	40	234	89	253
(ii) ریلوے وہیکل موومنٹ (علاوہ ٹرین ایکسیڈنٹ)	664	2346	716	2309
(iii) ریلوے حدود میں (علاوہ مندرجہ بالا)	2	56	-	4
کل مسافر	706	2636	805	2566
B. ریلوے ملازمین				
(i) ٹرین ایکسیڈنٹ رولنگ سٹاک اور پرمانینٹ وے	46	183	53	211
(ii) ریلوے وہیکل موومنٹ (علاوہ ٹرین ایکسیڈنٹ)	274	6714	286	7384
(iii) ریلوے حدود میں				

حادثہ کی وجہ	1944-45		1945-46	
	ہلاک	زخمی	ہلاک	زخمی
(علاوہ مندرجہ بالا)	43	16655	42	19565
کل ریلوے ملازمین	363	23552	381	27160
C. ریلوے ملازمین اور مسافروں کے علاوہ				
(i) ٹرین ایکسیڈنٹ' رولنگ سٹاک اور پرمانینٹ وے	71	153	64	153
(ii) ریلوے ویکل موومنٹ (علاوہ ایکسیڈنٹ)	3072	1297	3167	1017
(iii) ریلوے حدود میں (علاوہ مندرجہ بالا)	27	136	21	116
کل افراد علاوہ ریلوے ملازمین و مسافر	3170	1586	3252	1286
کل میزان A+B+C	4239	27774	4438	31012

ریلوے گیجز (Railway Gauges) دونوں ریلوے لائنوں کا درمیانی فاصلہ

(i) سٹینڈرڈ گیج :- "5-6' آغاز میں براڈ گیج (Broad Gauge) ریلوے لائن پر ہی کام کا آغاز ہوا تھا لیکن 1870ء میں کم لاگت کی ریلوے لائن بچھانے پر غور کیا گیا اور یہ فیصلہ ہوا کہ ایسی لائن بچھائی جائے جس کی لاگت 17000 پاؤنڈ فی میل تک آئے۔ لہٰذا دونوں ریلوے لائنوں کا درمیانی فاصلہ 5 فٹ 6 انچ کر سے کم کر کے میٹر گیج کو متعارف کرایا گیا۔

(ii) میٹر گیج :(Meter Gauge) "3-3-5/8 سائز میں بنائی گئی۔

(iii) نیرو گیج (Narrow Gauge):-"6-'2 اور 0-'2 سائز پر بنائی گئیں۔
الیکٹرک ریلوے سسٹم :-الیکٹرک مین لائن سیکشن کا افتتاح 5 نومبر 1929ء کو ہوا اور سب سے پہلے کلیان سے پونا تک اس سسٹم کو برصغیر کے گریٹ انڈین پنی سولا ریلوے (Great Indian Penisula Rly) میں متعارف کیا گیا۔

ریلوے ایک جائزہ (31 مارچ 1946ء)

(i)	براڈ گیج (Broad Gauge)	20,686.60 میل لمبائی
(ii)	میٹر گیج (Meter Gauge)	16,004.23 میل لمبائی
(iii)	نیرو گیج (Narrow Gauge)	3827.08 میل لمبائی

اس لمبائی میں درجہ اول (Class l) 36,899.48 میل، درجہ دوئم (Class ll) 2557.08 میل اور درجہ سوم (Classlll) کی لمبائی 1061.35 میل تھی

جدول 8.5: ریلوے ڈبوں میں مسافر سیٹوں کی تعداد (1944-45)

درجہ اول ریلوے	مسافر سیٹیں درجہ اول	مسافر سیٹیں درجہ دوم	مسافر سیٹیں درجہ انٹر	مسافر سیٹیں درجہ سوم
"6-'5 گیج	20658	40696	56593	615741
"3-5/8-'3 گیج	9054	11324	16864	289286

برصغیر ریلوے کے بڑے سیکشن (ایک مختصر جائزہ)

(1) آسام بنگال ریلوے...(Assam-Bengal)

آسام بنگال ریلوے کی تعمیر میٹر گیج پر ہوئی جو چٹا گانگ سے براستہ سرما وادی (SURMA) آسام تک جاتی تھی۔ ایسٹ بنگال ریلوے براڈ گیج پر تعمیر کی گئی جو گنگا پر سے گزرتی

ہوئی کلکتہ تک 1862ء میں کھولی گئی 1874ء میں ناردرن بنگال سٹیٹ ریلوے کی تعمیر کی اجازت دی گئی جو گنگا کے شمالی کنارے سے شروع ہو کر دارجلنگ تک میٹر گیج پر بنائی گئی۔ یہ دونوں حصہ 1884ء میں ملا کر ایک سٹیٹ ریلوے میں مدغم کر دیئے گئے۔ آسام۔ بنگال ریلوے اور ایسٹ بنگال ریلوے کو ملا کر یکم جنوری 1942ء سے بنگال۔ آسام ریلوے کا نام دے کر حکومت کے زیر انتظام کر دیا گیا۔

ڈبرو۔ سادیہ (Dibru-Sadiya) ریلوے کو حکومت نے یکم اپریل 1945ء سے خرید کر آسام۔ بنگال ریلوے میں شامل کر دیا۔

1945-46ء میں صورتحال

کل لمبائی :3554.81 میل　　کیپٹل :87,34,35,000 روپے

آمدن :4,73,11,000 روپے　　فیصد آمدن :5.42٪

(2) بنگال۔ ناگپور ریلوے... (Bengal-Nagpur)

بنگال ناگپور ریلوے میٹر گیج پر ناگپور سے چھتیس گڑھ تک سی پی کے صوبے میں 1887ء میں کھولی گئی۔ ایک کمپنی کو ٹھیکہ دیا گیا کہ اسے براڈ گیج میں تبدیل کر کے ہاوڑا کٹاک (Cuttack) اور کٹنال (Katnal) تک پہنچا دے۔ 1901ء میں ایسٹ کوسٹ سٹیٹ ریلوے کا کٹک سے وزاگاپٹم تک حصہ اس کو منتقل کر دیا گیا۔ اسی سال کوئلے کی کانوں تک اضافے اور ایسٹ انڈین ریلوے کی برانچ کے ساتھ ہری ہار پور (Hariharpur) تک ملانے کی منظوری دی گئی۔ یکم اکتوبر 1944 سے حکومت کے زیر انتظام آگئی۔

1945-46ء میں صورتحال

کل لمبائی :3388.14 میل،　　کیپٹل :81,91,26,000 روپے

آمدن :1,69,67,000 روپے،　　فیصد آمدن :2.07٪

(3) بمبئی بڑودہ اور سنٹرل انڈیا ریلوے

(Bombay, Baroda & Central India)

بمبئی، بڑودہ اور سینٹرل انڈیا ریلوے سورت سے شروع ہو کر براستہ بڑودہ، احمد آباد تک جاتی تھی۔ بالاخر اسے بمبئی تک بڑھا دیا گیا۔ جس کمپنی کے پاس اس کا ٹھیکہ تھا اسکی معیاد 1880ء تک تھی جسے 1905ء تک بڑھا دیا گیا۔ 1885ء میں سٹیٹ ریلوے کا راجپوتانہ۔ مالوا میٹر گیج سسٹم کمپنی کو پٹہ پر دے دیا گیا۔ اور اس وقت سے اس میں شامل ہے۔ ناگدا۔ متھرا (Nagda-Muthra) سیکشن کھلنے کے بعد براڈ گیج سسٹم مشرقی راجپوتانہ سے دہلی تک مل گیا اور وہ بھی اسی کمپنی کو دے دیا گیا۔

کمپنی سے حصول کے لئے اپریل 1907ء میں اسکی قیمت خرید 11685581 پاؤنڈ مقرر ہوئی تھی
حکومت نے اس کا انتظام یکم جنوری 1942ء سے سنبھالا۔

1945-46ء میں صورتحال

کل لمبائی :3404.23 میل' کیپٹل :77,45,65,000 روپے
آمدن :7,10,04,000 روپے' فیصد آمدن :9.17٪

(4) ایسٹ انڈین ریلوے... (East Indian)

ایسٹ انڈین ریلوے کا پہلا سیکشن ہاوڑا سے پنڈوا (Pandva) تک 1854ء میں کھولا گیا اور رانی گنج تک 1857ء میں بڑھا دیا گیا۔ شمالی ہندوستان سے کلکتہ کی بندرگاہ تک واحد براہ راست راستہ ہونے کی وجہ سے تمام دیگر ریلوے سسٹم اس سے ملے ہوئے تھے۔ 1880ء میں حکومت نے لائن کو خرید لیا لیکن اس کے باوجود اس ہی کمپنی کو 1919ء تک کے پٹہ پر دے دیا اور بعد میں یکم جنوری 1925ء تک پھر یہی کمپنی چلاتی رہی جب تک کہ حکومت نے اس کا انتظام نہ سنبھال لیا۔ یکم جولائی 1925ء سے اودھ اور روہیلکھنڈ ریلوے کو بھی اس میں شامل کر دیا گیا۔

1945-46ء میں صورتحال

کل لمبائی :4063.55' میل کیپٹل :1,56,88,000 روپے
آمدن :12,47,34,000 روپے' فیصد آمدن :7.95٪

(5) گریٹ انڈین پینی سولا ریلوے (Great Indian Penisula)

اس کا پہلا سیکشن بمبئی سے تھانہ تک ٹریفک کے لئے 1853ء میں کھولا گیا۔ اس لائن کو مزید بڑھانے کی منظوری دی گئی تاکہ براستہ پونا سے رانجھوڑ تک مدراس ریلوے سے مل جائے اور اس کے علاوہ جبلپور تک تاکہ وہاں یہ ایسٹ انڈین ریلوے سے مل جائے۔ ویسٹرن گھاٹ کے علاقے میں 15.75 میل بھور گھاٹ پر اور 9.25 میل تھل گھاٹ کے سیکشن تھے۔ 30 جون 1925 کو حکومت نے اس کا انتظام سنبھال لیا۔

1945-46ء میں صورتحال

کل لمبائی :3531.25' میل کیپٹل :1,18,50,99,000 روپے
آمدن :11,34,39,000 روپے' فیصد آمدن :9.57٪

(6)مدراس اور ساؤتھرن مرہٹہ ریلوے
(Madras & Southern Mahratta)

اس سیکشن کو شمال مغربی سمت میں گریٹ انڈین جینی سولا ریلوے سے اور جنوب مغرب کی طرف کالی کٹ سے ملایا گیا۔ 1907ء میں جب ابتدائی کمپنی سے معاہدہ ختم ہوا تو اسے ساؤتھرن مرہٹہ ریلوے کمپنی سے ملا دیا گیا یہاں میٹر گیج سسٹم تھا پھر ایک بڑی کمپنی مدراس اینڈ ساؤتھرن مرہٹہ ریلوے کمپنی کو دوبارہ پٹہ پر دے دیا گیا۔ یکم اپریل 1944ء کو حکومت کے زیر انتظام آگئی۔

1945-46ء میں صورتحال

پاکستان میں ریزرو بنک آف انڈیا کے نوٹ جن پر حکومت پاکستان لکھا گیا تھا اس بنک نے یکم اپریل 1948ء سے پاکستان میں سرکولیشن کے لئے جاری کئے تھے۔ ان نوٹوں کی مالیت 30 جون 1948ء کو 51.57 کروڑ روپیہ تھی اور ان کے بدلے سٹیٹ بنک آف پاکستان نے ریزرو بنک آف انڈیا سے اثاثے حاصل کرنے تھے۔ ریزرو بنک کے نوٹ سرکولیشن سے واپس لے کر ان کو واپس کرنے کے بعد اس کی مالیت کے برابر اثاثوں کا حصول اور اتنی ہی نئی مالیت کے پاکستانی نوٹوں کا اجراء شامل تھا اس کام کی اہمیت کا اندازہ اس بات سے لگایا جا سکتا ہے کہ جتنی جلدی پاکستان وہ نوٹ واپس کرتا اتنی ہی جلدی اثاثوں کی منتقلی عمل میں آتی۔ یہ معمولی کام نہ تھا کہ پورے ملک سے نوٹوں کو واپس لے کر اکٹھا کیا جائے اور پھر بھارت واپسی کا بندوبست ممکن بنایا جائے۔ عوام کی رہنمائی کے لئے پبلسٹی مہم چلائی گئی اور انہیں بتایا گیا کہ وہ ریزرو بنک آف انڈیا کے نوٹ جلد واپس کریں کیونکہ پھر ان کی کوئی حیثیت باقی نہیں رہے گی نوٹوں کے تبادلے لئے سہولیات فراہم کی گئیں کہ انکو ٹریژریز' امپیریل بنک آف انڈیا کی شاخوں' شیڈول بنکوں کے علاوہ کوآپریٹو بنکوں اور سٹیٹ بنک آف پاکستان سے بھی تبدیل کرایا جا سکتا تھا۔ 20 مئی 1949ء تک 134.02 کروڑ روپیہ کے نوٹ واپس کئے گئے اور ان کے بدلے 127.54 کروڑ روپے کے اثاثہ حاصل کئے گئے۔

پاکستان سیکیورٹی پرنٹنگ کارپوریشن

یکم فروری 1949ء کو حکومت پاکستان کے سیکرٹری فنانس اور چیئرمین Messers Thomas De La Rue & Co کے مابین پاکستان میں سیکیورٹی پرنٹنگ پریس کے قیام کے لئے معاہدہ عمل میں آیا۔ پاکستان سیکیورٹی پرنٹنگ کارپوریشن کی فیکٹری کو کراچی میں لگایا جانا تھا اور اس میں 60 فیصد حکومت پاکستان نے اور بقایا 40 فیصد متذکرہ کمپنی نے کیپٹل کی مد میں لگانے تھے۔ 11 مارچ 1949ء کو خواجہ ناظم الدین گورنر جنرل پاکستان نے اس کا سنگ بنیاد رکھا۔

لائف انشورنس

لائف انشورنس کی زیادہ تر کمپنیاں بھارتی تھیں اور ایک دو کے علاوہ سب نے اپنے دفاتر بند کر دیئے۔ بدقسمتی سے پاکستانی قوم کے زیادہ تر افراد کی لائف انشورنس بھارتی کمپنیوں سے ہوئی تھی۔

بھارتی انشورنس کمپنیوں نے عدم تحفظ کے بہت سے نکات اٹھائے۔ حکومت پاکستان نے انشورنس ایکٹ 1938ء میں ترمیم منظور کی جس کے تحت انشورنس کمپنیوں کو ڈیپازٹ کی مد میں 50٪ کی چھوٹ دی گئی۔ اسی طرح نان لائف انشورنس بزنس میں بھی چھوٹ دی گئی۔ لیکن اس کے باوجود بھارتی کمپنیوں نے اعتراضات جاری رکھے۔ جس پر دونوں ملکوں نے ایک کانفرنس وسط دسمبر 1948 کو دہلی میں منعقد کی اور ایک معاہدہ طے پا گیا۔

1948-49ء میں پاکستان میں قائم شدہ کمپنیوں کی صورتحال (کل 8)

لائف :5　　فائر :3　　میرین :3　　مختلف :48

ایسی کمپنیوں کی صورتحال جو قائم تو کہیں اور تھیں لیکن شاخیں پاکستان میں تھیں۔

لائف :6　　فائر :61　　میرین :47　　مختلف :478

نیشنل بلڈنگ سرگرمیوں پر سینٹر کے اخراجات

	بجٹ تخمینہ	کل اخراجات کا فیصد
1947-48	58513000 روپے 13.2	
1948-49	94187000 روپے	17.9
1949-50	129890000 روپے	18.8

صنعتی ترقی :۔ دسمبر 1948ء میں انڈسٹریل فنانس کارپوریشن کے قیام کے لئے ایک بل پیش کیا گیا۔ جس کا کیپٹل 300,00,000 روپے' جو 500 روپے کے 60,000 حصوں میں تقسیم ہونا تھا۔

سٹیٹ بینک :۔ یکم جولائی 1948ء کو بنک کا قیام عمل میں آیا۔ جس کا کیپٹل 3 کروڑ روپے تھا اس کا 51٪ سٹیٹ نے ادا کرنا تھا۔ سٹیٹ بنک نے ریزرو بنک آف انڈیا کی تمام برانچوں کو اپنی تحویل میں لے لیا جو لاہور کراچی اور ڈھاکہ میں تھیں۔ ایک دفتر چٹاگانگ میں بھی کھولا گیا۔

غیر ملکی تجارت :۔ یکم جولائی سے 31 دسمبر 1948ء تک پاکستان نے جو سامان امپورٹ کیا اس کی مالیت 31 کروڑ روپیہ تھی۔ (اس میں بھارت شامل نہیں ہے۔)

جدول 44.8: (کروڑ روپیہ میں)

امپورٹ :-	15-31 اگست 1947ء		کل ایکسپورٹ :-	بیلنس (Balance)
	مارچ 1948	13.9	48.6	+34.7
	اپریل 1948	2.36	12.55	+10.19
	مئی 1948	1.56	4.45	+2.89
	جون 1948	2.30	5.61	+3.31
	جولائی 1948	3.51	3.86	+0.37
	اگست 1948	3.98	6.37	+2.39
	ستمبر 1948	4.75	4.68	-0.07
	اکتوبر 1948	5.72	1.86	-3.84
	نومبر 1948	5.71	5.39	-0.32
	دسمبر 1948	7.40	9.51	+2.11
	جنوری 1949	8.13	6.76	-1.37
	فروری 1949	8.30	11.19	+2.89
	مارچ 1949	10.36	8.09	-2.27
	میزان 1948-49	64.08	80.36	+16.28

پاکستان (1948-49) ایک جائزہ

کل رقبہ :- 3,60,780 مربع میل (جوناگڑھ کا رقبہ 3438 مربع میل تھا جو کل رقبہ میں شامل نہیں ہے)

(i) مغربی پاکستان 306860 (ii) مشرقی پاکستان: 53920

آبادی :- مشرقی پاکستان: 46.72 ملین، مغربی پاکستان: 33.54 ملین

کل آبادی = 80.26 ملین

مغربی پاکستان میں 109 افراد فی مربع میل

مشرقی پاکستان میں 870 افراد فی مربع میل

زراعت :۔کل زیر کاشت رقبہ 45 ملین ایکڑ
زیر آب پاشی 35 ملین ایکڑ

جدول :44.9 اہم فصلیں

نام فصل	رقبہ زیر کاشت (0,000 ایکڑ)	پیداوار (0,000 ٹن)
چاول	21036	7625
گندم	9733	3265
روئی	3091	194
پٹ سن	2054	1222
گنا	681	883
چائے	89	19
مختلف فصلیں	8847	1947

جدول 44.10 معدنی پیداوار

پٹرولیم	11,811,720 گیلن	کرومائیٹ Clay :	132849 ٹن
کوئلہ	405325 ٹن	جپسم :	39770
لائم سٹون	726167 ٹن	سلفر:	66,300
پہاڑی نمک	256041 ٹن		(1941-44)

ریلوے اور سڑکیں

کل لمبائی نارتھ ویسٹرن ریلوے 5363 میل
ایسٹ بنگال ریلوے 1631 میل کل لمبائی :6994 میل۔

جدول :44.11

سڑکیں (میل)	(Metalled) میٹلڈ	(Un-Metalled) ان میٹلڈ	میزان
مشرقی پاکستان	3060	18013	21073
مغربی پاکستان	9973	30894	40863
کل لمبائی (میل)	13033	48907	61940

مختلف ملکوں کا امپورٹ میں فیصد حصہ

بھارت	%44	ایران	%6.3
برطانیہ	%25	دیگر ممالک	%12.2
امریکہ	%12.5		

ایکسپورٹ (فیصد) (اگست 1947 تا اگست 1948)

برطانیہ	%22.0	بیلجیم	%8.1
بھارت	%10.0	فرانس	%6.7
امریکہ	%9.5	اٹلی	%6.6
روس	%9.5	چین	%5.1
		دیگر ممالک	%22.5

جدول :44.12 ٹریڈ بیلنس (Value Rs:00,000)

	امپورٹ	ایکسپورٹ	بیلنس
15 اگست 1947 تا 31 مارچ 1948	1388	4859	3471
کیم اپریل 1948 تا 31 دسمبر 1948	3720	4527	807
میزان	5108	9386	4278

Page 270, 71 (The Second Year, Pakistan, 1948-49)

پاکستان میں زمینداروں (Landowners) کے اعداد و شمار (حصہ اول)

1947ء میں تقسیم برصغیر کے بعد نقل مکانی اور اقتصادی حالات کا جائزہ آزادی کے چند سال بعد ہی ممکن تھا۔ اس سلسلہ میں سب سے اہم دستاویزات 1951ء کی مردم شماری کی روشنی میں حکومت پاکستان نے جاری کیں۔ مردم شماری کے دوران 12 سال کی عمر سے زیادہ جن اشخاص نے اپنے آپ کو زمیندار (Landowner) ظاہر کیا ان کی اقتصادی مشاغل
(Economic Activities) جاننے کے لئے سوالنامہ میں مندرجہ ذیل باتیں پوچھی گئی تھیں۔
1۔ کہ آپ کا پہلا پیشہ کیا ہے؟ (اگر اس نے اپنے آپ کو کاشتکار ظاہر کیا تو پھر اس سے اگلا سوال یہ پوچھا گیا کہ)2۔ کیا وہ زمین کے مالک ہیں (اگر ان کا جواب ہاں میں نکلا تو وہ اعداد و شمار اس جدول میں شامل کئے گئے ہیں۔
زمیندار جن کی عمر بارہ سال سے اوپر تھی اور جنہوں نے خود کو خود کفیل (Selfsupporting) یا کچھ حد تک خود کفیل ظاہر کیا تھا ان سے مزید سوال یہ پوچھا گیا کہ آپ اپنی زمینوں کا کرایہ نقدی یا دیگر صورتوں میں جن کو دوسرے کاشت کرتے ہیں وصول کرتے ہیں۔ زمینداروں کے دیگر مشاغل جاننے کے لئے ان سے پوچھا گیا کہ آپ کس قسم کی ملازمت یا انڈسٹری میں جنوری کے دوران کام کرتے رہے ہیں۔ اس سوال کے جواب میں اخذ کیا گیا کہ (i) زمیندار جو کاشت کاری سے منسلک ہیں (ii) ان کے غیر زراعتی مشاغل (iii) انکی فوج میں شمولیت وغیرہ۔ جن لوگوں نے اس کا جواب نہیں میں دیا انکو اقتصادی طور پر غیر مصروف (Inactive Economically) دکھایا گیا ہے۔

جن گروہوں میں کام کرتے ہیں	پاکستان	بلوچستان (a)	مشرقی بنگال	کراچی (b)	سرحد	پنجاب (c)	سندھ
1.کل زمیندار	11648846	176117	8150196	2129	447313	2575059	298032
2.زرعی و ماہی گیری	11437826	166066	8087137	45	428358	2485360	270860
3.فوج کی ملازمت	25608	5446	289	185	10668	8992	28
4.انڈسٹری، کامرس اور دیگر ملازمتیں	130188	4477	48644	1709	8062	64723	2573
(i)انڈسٹری	*	*	*	331	3746	21429	1039
(ii)ٹریڈ اور کامرس	*	*	*	276	3576	22392	938
(iii)ٹرانسپورٹ شپنگ وغیرہ	*	*	*	23	92	4679	92
(iv)گورنمنٹ سروس	*	*	*	456	381	5638	354
(v)دیگر ملازمتیں اور پیشے	*	*	*	623	267	10585	150
5.غیر معروف	55224	128	14126	190	225	15984	24571

*:علیحدہ اعداد و شمار نہیں مل سکے (a) بلوچستان بشمول سٹیٹ یونین
(b) کراچی فیڈرل کیپٹل ایریا (c) :پنجاب بشمول بہاولپور سٹیٹ

پاکستان میں زمینداروں اور جاگیرداروں کے اعداد و شمار (حصہ دوئم)

پاکستان میں مالکان زمین کے اعداد و شمار پچھلے صفحہ پر پیش کیے گئے جو 1951ء کی مردم شماری کی رپورٹ پر مبنی تھے کتاب کے موضوع کے اعتبار سے اعداد و شمار 48-1947 تک دیئے جانے تھے۔ لیکن بعض جگہ ایک دو سال بعد کے اعداد و شمار بھی شامل کئے گئے ہیں۔ لیکن صرف اس موضوع کی اہمیت کے پیش نظر اعداد و شمار کئی سال بعد تک کے دیئے جارہے ہیں۔

زمینداروں اور جاگیرداروں کے متعلق قارئین کی دلچسپی کے لئے ریسرچ فورم کراچی کے سبط حسن نمبر سے "پاکستان کا زرعی ڈھانچہ اور طبقات" سے چند اعداد و شمار بھی شامل اشاعت کئے جا رہے ہیں۔ اس سلسلہ میں زمینداروں و جاگیرداروں کی طبقاتی تقسیم بیان کی گئی ہے وہ بھی درج ذیل ہیں۔

جدول 44.14: پاکستان کے صوبوں میں زمین کی ملکیت کی تبدیلی 1950 تا 1976 ☆

فارم سائز (ایکڑوں میں)	سن	مالک (فیصد) ☆☆				رقبہ ملکیت (فیصد) ☆☆☆			
		پاکستان	پنجاب	سندھ	سرحد	پاکستان	پنجاب	سندھ	سرحد
5 یا اس سے کم	1950	64.4	66.3	29.8	70.3	15.3	15.7	3.6	31.9
	1971	-	60.4	36.7	-	-	20.6	5.6	-
	1976	70.8	69.1	40.3	85.9	24.9	26.1	8.2	40.8
5 تا 25	1950	28.7	28.9	46.0	21.6	31.7	39.0	18.8	25.2
	1971	-	35.6	42.9	-	-	45.7	29.9	-
	1976	25.1	27.4	41.5	12.4	39.4	43.0	30.5	33.0
25 تا 100	1950	5.7	4.1	16.2	6.9	21.8	21.9	23.2	19.7
	1971	-	3.5	17.7	-	-	21.6	40.3	-
	1976	3.5	3.0	15.8	1.5	24.0	21.7	40.4	15.2
100 سے زائد	1950	1.2	0.7	8.0	1.2	31.2	23.4	54.4	23.3
	1971	-	0.5	2.7	-	-	12.1	24.2	-

	1976	0.5	0.5	2.4	0.2	12.6	9.2	20.9	11.0
500 سے زائد	1950	0.1	0.1	0.9	0.1	15.4	9.9	29.1	12.4

* Change in Distribution of land owner ship in provinces of Pakistan Since 1950 to 1976.

** Percentage of all owners

*** Percentage of all onwed Area.

(ریسرچ فورم۔6' سبط حسن نمبر' ریسرچ فورم پبلی کیشنز کراچی۔ صفحہ نمبر155)

جدول :44.15 پاکستان میں اوسطاً" فارم سائز میں تبدیلی 1972ء تا 1980ء

فارم سائز	پاکستان		پنجاب		سندھ		سرحد	
(ایکڑوں میں)	1972	1980	1972	1980	1972	1980	1972	1980
1تا0	0.49	0.49	0.49	0.49	0.67	0.60	0.50	0.48
5تا1.0	2.75	2.69	2.78	2.71	3.06	2.98	2.53	2.45
12.5تا5	8.21	8.02	8.23	8.05	8.43	8.07	7.53	7.40
25تا12.5	16.45	16.47	16.29	16.16	16.76	17.08	16.36	16.83
50تا25	31.89	31.84	31.62	31.54	31.97	32.62	32.00	31.94
150تا50	71.86	72.07	70.29	70.95	77.92	71.73	73.18	79.63
150اور زیادہ	280.13	310.31	255.57	274.86	374.00	316.00	287.50	481.00
اوسط	13.00	11.50	13.10	11.70	12.70	11.50	9.10	7.60

(ریسرچ فورم۔6' صفحہ 158)

جدول: 44.16 دیہاتی گھرانوں کی صوبوں میں فیصد تقسیم 72-1971ء

کلاس (طبقہ)	صوبہ	ایک ایکڑ سے کم	1.0 تا 5.0 ایکڑ	5.0 تا 12.5 ایکڑ	12.5 تا 25.0 ایکڑ	25 تا 50 ایکڑ	50 تا 150 ایکڑ	150 اور زائد ایکڑ	تمام فارم سائز
زمیندار	پنجاب						0.17	0.03	0.21
	سندھ						0.62	0.10	0.72
٣٣	سرحد						0.23	0.02	0.25
سرمایہ دار کاشتکار	پنجاب				12.72	10.23	3.56	0.37	26.88
٣	سندھ				12.87	5.48	2.10	0.42	20.88
٣	سرحد				3.71	4.31	2.95	0.72	11.69
خاندانی کاشتکار	پنجاب	2.80	14.74	21.17	11.10				49.82
	سندھ	0.32	6.69	11.11	9.21				27.32
	سرحد	9.11	29.99	17.26	6.01				62.37
بٹائی پر کاشت	پنجاب	0.85	5.90	16.34					23.09
	سندھ	0.10	11.28	39.70					51.08
	سرحد	2.41	12.20	11.08					25.69
تمام طبقات	پنجاب	3.65	20.65	37.51	23.82	10.32	3.73	0.40	100.00
	سندھ	0.42	17.97	50.81	22.08	5.48	2.72	0.52	100.00
	سرحد	11.52	42.19	28.34	9.72	4.31	3.18	0.74	100.00

مندرجہ بالا کلاس (طبقوں کی تشریح :-

زمیندار :-یہ زمین کے بہت بڑے علاقے کے مالک ہوتے ہیں اور تقریباً" اس ساری زمین کو چھوٹے چھوٹے ٹکڑوں میں بٹائی پر بے زمین کسانوں کو دیتے ہیں۔ زمیندر دوسرے لوگوں سے زمین کرائے یا ٹھیکے پر نہیں لیتے۔ ساری کی ساری محنت بٹائی پر زمین لینے والا خاندان ہی فراہم کرتا ہے۔ زمیندار نہ اپنے ہی لئے کام کرتے ہیں نہ دوسروں کے لئے۔ یہاں زمیندار اور کسان کے تعلقات جس میں پیداوار کی بٹائی بھی شامل ہے معاشی عوامل نہیں بلکہ پرانے روایتی عوامل کی بنیاد پر طے ہوتے ہیں۔

سرمایہ دار کاشتکار (امیر کسان) :۔ سرمایہ دار کاشتکار جس خطہ زمین پر کاشت کرتے ہیں اس کا بہت یا کچھ حصہ سرمایہ دار کاشتکار کی اپنی ذاتی ملکیت ہوتا ہے۔ جبکہ کچھ حصہ وہ دوسرے سے کرایہ یا ٹھیکہ پر لیتا ہے۔ یہ عام طور پر دوسروں کو اپنی زمین کرائے یا ٹھیکے پر نہیں دیتے۔

خاندانی کاشتکار (غریب اور درمیانے کسان) :۔یہ طبقہ ایسے خاندانوں پر مشتمل ہوتا ہے جو اپنی کاشت کردہ زمین کے ایک حصہ کے مالک ہوتے ہیں یا اسے کرائے یا ٹھیکے پر لیتے ہیں۔ یہاں تک کہ یہ اپنی زمین کا کچھ حصہ دوسروں کو کرائے یا ٹھیکے پر بھی دے سکتے ہیں۔ بہرحال یہ لوگ اپنی پیداوار کے لئے تقریباً" پورے طور پر خاندانی یا گھریلو محنت پر ہی انحصار کرتے ہیں۔ یہ عام طور پر دوسروں کے لئے کام نہیں کرتے اور نہ ہی دوسروں کو اپنے کھیتوں پر مزدور کی حیثیت سے رکھتے ہیں۔

بٹائی پر کاشت کرنے والے (کسان) :۔بٹائی پر کاشت کرنے والے بے زمین کسان کاشت کرنے کے لئے پوری زمین ہی کرائے پر لیتے ہیں اور زمیندار کو اکثر اس کا حصہ جنس کی صورت میں ہی کسی روایتی طور پر طے شدہ بنیاد پر دیتے ہیں۔ اس طبقے میں ہم ان غریب کسانوں کو بھی شامل کر سکتے ہیں جو بہت تھوڑی سی زمین کے مالک ہوتے ہیں اور اپنی آمدنی میں اضافہ کرنے کے لئے وہ دوسروں سے بٹائی پر زمین کے چھوٹے چھوٹے ٹکڑے لیتے ہیں۔ بٹائی پر کاشت کرنے والے اجرتوں پر مزدور نہیں رکھتے اور مکمل طور پر گھریلو محنت پر انحصار کرتے ہیں۔ یہ اپنی معمولی آمدنیوں میں اضافہ کرنے کے لئے زمینداروں کے ہاتھوں اپنی محنت بیچ سکتے ہیں۔

اجرتوں پر کام کرنے والے مزدور :۔یہ طبقہ ایسے بے زمین محنت کشوں پر مشتمل ہوتا ہے جو اپنی محنت فروخت کر کے اپنی روزی کماتے ہیں۔ یا عام طور پر امیر کسانوں یا سرمایہ دار کاشتکاروں کے لئے کام کرتے ہیں۔ ان کو اجرت کا کچھ حصہ جنس اور کچھ حصہ نقد کی صورت میں دیا جاتا ہے۔ یہ مستقل طور پر کام کر سکتے ہیں لیکن ان میں سے زیادہ تر کو موسمی طور پر ہی کام ملتا ہے۔

جدول نمبر 44.14 کے اہم نکات :۔(i) ایک سو ایکڑ سے زیادہ زمین کے مالکان کا حصہ تعداد اور رقبہ کے لحاظ سے ہر صوبے میں کم ہوا۔ خاص طور پر پنجاب اور صوبہ سرحد میں 5 ایکڑ سے کم کے مالکان میں اضافہ ہوا۔ اس سے خاص طور پر چھوٹے قطعات اراضی کی تقسیم در تقسیم کی صورتحال ظاہر ہوتی ہے۔ ان قطعات اراضی کے مالک غریب کسان ہیں جو بڑھتے ہوئے دباؤ میں آکر اپنی زمین امیر کاشتکاروں کو ٹھیکے پر دے دیتے ہیں۔ اور پھر زراعت یا اس سے باہر کسی متبادل روزگار کی تلاش کرتے ہیں۔

(ii) 1959ء اور 1972ء کی زرعی اصلاحات کے قوانین کا پہلے سے اندازہ ہونے اور کچھ ان کے رد عمل کے طور پر دو چیزیں ہوئی ہیں۔ پہلی یہ کہ قانونی اور غیر قانونی ہر دو طریقوں سے بڑے پیمانے پر

ایک ہی خاندان میں زمین کی منتقلی ہوئی۔ اس طرح اس بات کے باوجود کہ انفرادی طور پر بڑے قطعات اراضی کی ملکیت میں کمی ہوئی ہے۔ لیکن عملی طور پر تقریباً" ساری زمین اسی خاندان کے پاس رہی۔ اس سے شاید 5 سے 25 ایکڑ اور 25 سے 100 ایکڑ تک کے قطعات اراضی کے بڑھتے ہوئے حصہ کی کچھ وضاحت ہوجائے۔ دوسری بات یہ ہے کہ بڑے قطعات اراضی کی تقسیم نے نئے زرعی پیداواری عوامل کو متعارف کرانے میں مدد کی ہے۔ جن کے فوائد کسانوں کے ساتھ بانٹے نہیں جاتے۔

جدول 44.15 کے اہم نکات :۔ (i) 5 ایکڑ سے کم اراضی والے کھیت صوبہ سرحد اور اس کے بعد پنجاب میں حاوی ہیں۔ تینوں صوبوں میں تعداد میں ان کے حصے میں بہت زیادہ اضافہ ہوا ہے۔ اسی طرح کاشت کردہ رقبہ میں بھی ان کے حصہ میں اضافہ ہوا۔ لیکن صوبہ سرحد میں اس کا حصہ اب تک 20 فیصد سے کم ہے۔ جبکہ پنجاب میں اس کا حصہ سات فیصد سے کم ہے اور یہی صورتحال سندھ میں ہے۔ یہ کھیت زیادہ تر غریب کسان کاشت کرتے ہیں جو اپنی آمدنی میں اضافہ کرنے کے لئے دوسروں کے لئے کام کرنے پر مجبور ہوتے ہیں۔

(ii) سندھ اور پنجاب میں زیادہ تر کھیت 5 اور 25 ایکڑ کے درمیان ہیں اور خاص طور پر سندھ میں کاشت کردہ رقبہ کا زیادہ تر حصہ ان کھیتوں پر مشتمل ہے ان کھیتوں پر سندھ میں بٹائی کی کاشت حاوی ہے۔ جبکہ پنجاب اور صوبہ سرحد میں یہ خاندانی کاشت کاروں کے زیر کاشت ہوتے ہیں۔ 25 ایکڑ سے زیادہ کے کھیتوں کا حصہ ان دو صوبوں میں کم ہوا ہے۔ جبکہ سندھ میں اس میں اضافہ ہوا ہے سندھ میں ان کے کاشت کے رقبہ کے حصہ میں بھی اضافہ ہوا ہے۔ اس بات کے باوجود کہ پنجاب اور صوبہ سرحد میں بڑے کھیتوں کا حصہ کم ہوا ہے لیکن اراضی کا تناسب تعداد کے لحاظ سے بہت ہی کم ہے۔

پاکستان لیبر فورس

مندرجہ ذیل اعداد و شمار بھی 1951ء کی مردم شماری سے لئے گئے ہیں۔ تمام افراد جنکی عمر 12 سال یا اس سے زیادہ تھی ان سے جو سوالات کئے گئے اس کے نتیجہ میں جو صورت حال سامنے آئی اس کے مطابق کل افراد اور انکی تقسیم اس طرح ہے۔

جدول :44.17

		خود کفیل			
		سول لیبر فورس			
صوبہ و ریاستیں	کل افراد	زراعتی	غیر زراعتی	علاوہ سول لیبر فورس	زیر کفالت
پاکستان☆	73080344	17127887	5570853	423993	50757611
بلوچستان و سٹیٹ یونین	1154167	260320	93744	17151	782952
(i) اضلاع	602588	122788	62487	16202	401111
(ii) سٹیٹ یونین	551579	137532	31257	949	381841
مشرقی بنگال	41932329	10715467	2170873	127947	28918042
کراچی (فیڈرل ایریا)	1122406	4944	373796	16229	727437
سرحد و فرنٹیئر ریجن	4109398	884084	392811	51412	2199921
(i) اضلاع	3222172	659024	311815	51412	2199921
(ii) فرنٹیئر ریجن☆	887226	225060	80996	-	581170
پنجاب و بہاولپور	20636702	4076825	2081687	179328	14298862
(i) اضلاع	18814201	3665210	1942847	165449	13040295
(ii) بہاولپور	1822501	411215	138840	13879	1258567
سندھ و خیرپور	4925342	1186247	457942	31926	3249227
(i) اضلاع	4605934	1106047	435926	29792	3034169
(ii) خیرپور	319408	80200	22016	2134	215058

* Excluding the estimated population of Frontier Regions The Total population of frontier regions excluding non-Pakistanis is 2.642 thousand, out of which 8 87,226 have been enumerated and the rest estimated (Census of Pakistan 1951)

پاکستان لیبر فورس (خواتین)۔

پچھلے صفحہ پر دیئے گئے جدول کے مطابق اور 1951ء کی مردم شماری کی روشنی میں صرف خواتین کے اعداد و شمار اس طرح ہیں۔

جدول :44.18

پاکستان کل خواتین کی تعداد	34738372	
بلوچستان اور سٹیٹس یونین	5,21,155	(سول لیبر فورس خود کفیل زراعت 1704' غیر زراعت (4616
مشرقی بنگال	1,99,94,754	(182799" '816461""""""""")
کراچی (کیپٹل)	479114	(10587" '208""""""""""")
سرحد و فرنٹیئر ریجن	1938022	(55912" '68750"""""""")
پنجاب و بہاولپور	9586848	(37216" '101751"""""""")
سندھ و خیر پور	2218479	(8505" '28039"""""""")

جدول 44.19: پاکستان میں انڈسٹریل کارکن (بحوالہ پاکستان 49-1948)

انڈسٹریل کارکن	کارکنوں کی تعداد
فیکٹری انڈسٹریز گروپ	2,00,000
چائے	1,50,000
ریلوے	1,50,000
مرکنٹائل میرین	1,25,900
ڈوک (Docks)	15,000
کان کنی	7,000
دیگر	15,000
میزان	6,62,900

پاکستان ریلوے (49-1948)

ریلوے کے بارے میں تفصیلات علیحدہ باب میں بیان کی گئی ہیں۔ البتہ 49-1948ء کے حوالے سے کچھ تفصیلات اس طرح ہیں۔

برصغیر کی تقسیم کے بعد دو آزاد ریلوے سسٹم پاکستان کے حصہ میں آئے۔ نارتھ ویسٹرن ریلوے مغربی پاکستان میں اور ایسٹ بنگال ریلوے مشرقی پاکستان میں۔ دونوں ریلوے سسٹم کے درمیان 1200 میل کا فاصلہ اور بھارت کی سرزمین تھی۔ تقسیم کے نتیجہ میں نارتھ ویسٹرن ریلوے کا ایک بڑا حصہ بھارت کے حوالے کر دیا گیا۔ اور جودھپور ریلوے کے سندھ سیکشن کا تھوڑا سا اس میں شامل کیا گیا۔ نارتھ ویسٹرن ریلوے کا 5362 میل لمبا سیکشن جو کہ برصغیر میں سب سے بڑا تھا ابھی تک پاکستان کے زیر استعمال ہے۔ مشرقی پاکستان میں 1620 میل لمبا سیکشن حصہ میں آیا۔

بوستان ۔ فورٹ سنڈیمن سیکشن پر کان مترزئی کا سب سے بلند ریلوے سٹیشن 2 فٹ "6 گیج لائن پر پاکستان کا حصہ میں آیا جس کی سطح سمندر سے بلندی 7221 فٹ ہے۔ اور شملہ سے 4 فٹ زیادہ ہے۔ دوسرے نمبر پر شیلاباغ سٹیشن جو 6394 فٹ بلندی اور "6-5 گیج پر واقع ہے۔ سب سے زیادہ بلندی پر اور لمبائی میں براڈ گیج پر واقع خوجک سرنگ 6396 فٹ بلندی پر واقع ہے۔ اس کی لمبائی

تقریباً سوا دو میل ہے۔ ایسٹرن بنگال ریلوے کی 1620 میل لمبائی میں سے دو تہائی حصہ میٹر گیج اور ایک بٹا تین حصہ براڈ گیج پر مشتمل تھا اور نیرو گیج (Narrow) کی بہت کم لمبائی کا حصہ اس میں شامل تھا۔ برہم پترا پر کوئی پل نہ ہونے کے سبب یہ دو حصوں میں تقسیم تھی۔ دریا کو پار کرنے کے لئے بجرے یا سٹیمر استعمال کئے جاتے تھے۔ ویگنوں کو ریلوے لائن سے مزین بجروں پر دھکیل دیا جاتا تھا۔ ایک بجرے پر 39 ویگنیں آ سکتی تھیں۔ اور تقریباً" 200 ویگنیں روزانہ دریا کے پار آتی اور جاتی تھیں۔ لاہور کی لوکو اور کیرج ورکشاپ میں تقریباً" 12000 اور سید پور (مشرقی پاکستان) کی ورکشاپ میں تقریباً" 4000 ملازم تھے۔

نارتھ ویسٹرن ریلوے میں لوکو موٹیو کی تعداد 829' کیرج 1680 اور مال گاڑی کی ویگنوں کی تعداد 21943 تھی۔ جبکہ ایسٹ بنگال ریلوے میں یہ تعداد اس طرح تھی لوکو موٹیو 434' کیرج 1023 اور مال گاڑی کی ویگنیں 13983 تھیں۔

نارتھ ویسٹرن ریلوے کے براڈ گیج لوکو موٹیو میں سے 172 کو کوئلہ سے تیل میں تبدیل کر دیا گیا تھا۔ جبکہ دونوں حصوں میں باقی لوکو موٹیو کوئلہ سے چلتے تھے۔ 14 ڈیزل انجن بھی تیل سے چلتے تھے جو نارتھ ویسٹرن ریلوے کے پاس تھے دونوں حصوں کی سالانہ فیول کی کھپت درج ذیل ہے۔

نارتھ ویسٹرن ریلوے :۔ کوئلہ ساڑھے سات لاکھ ٹن' فیول آئل ڈیڑھ لاکھ ٹن' ڈیزل 865 ٹن۔

ایسٹرن بنگال ریلوے :۔ 5 لاکھ ٹن'۔۔

کوچنگ ٹریفک :۔

1948-49ء میں پاکستان بننے کے ایک ہی سال بعد جو صورتحال سامنے آئی اس کے اعداد و شمار درج ذیل ہیں۔

(دوران 1948-49)

ریلوے	مسافروں کی تعداد (ہزاروں میں)	فاصلہ کی اوسط	مسافر میل (ہزاروں میں)
نارتھ ویسٹرن ریلوے	62750	44 میل	2762036
ایسٹ بنگال ریلوے	64138	29 میل	1604654

سادہ لفظوں میں نارتھ ویسٹرن ریلوے ہر مغربی پاکستانی شہری کو 44 میل کے فاصلہ تک سال میں دو مرتبہ لے جاتا تھا اور ایسٹ بنگال ریلوے ہر مشرقی بنگال کے شہری کو 38 میل سال میں لے جاتا تھا۔

مال گاڑی کی ٹریفک

ریلوے	لیجائی گئی بھری ہوئی ویگنوں کی تعداد	کل ٹن میل (ہزاروں میں)
نارتھ ویسٹرن ریلوے	580671	3856382
ایسٹرن بنگال ریلوے	285028	☆493301

*Doesnot Include the Crosstraffic figures.

سول ایوی ایشن 49-1948ء

دو قومی ایرلائنوں میں سے پہلی اورینٹ ایرویز لمیٹڈ کے 25 جہاز تھے جو 11304 میل کے 9 ہوائی راستوں پر چلتے تھے۔

سروس	ہفتہ وار پروازوں کی تعداد
(i) کراچی۔ لاہور۔ راولپنڈی۔ پشاور	2
(ii) کراچی۔ کوئٹہ	2
(iii) کراچی۔ احمد آباد۔ بمبئی	3
(iv) کراچی۔ دہلی۔ ڈھاکہ۔ کلکتہ	2

(v) کلکتہ۔چٹا گانگ۔اکیاب	1
(vi) کلکتہ۔چٹا گانگ۔اکیاب۔رنگون	2
(vii) کلکتہ چٹا گانگ۔اکیاب۔چٹا گانگ ڈھاکہ چٹا گانگ۔کلکتہ	3
(viii) کلکتہ۔چٹا گانگ۔ڈھاکہ۔چٹا گانگ۔کلکتہ	1
(ix) کلکتہ۔ڈھاکہ۔کلکتہ	2

دوسری ایئر لائن پاک ایئر لمیٹڈ کی سروس درج ذیل ہے۔

سروس	ہفتہ وار پروازوں کی تعداد
(i) کراچی۔دہلی۔لاہور لاہور۔دہلی۔کراچی	روزانہ
(ii) کراچی۔لاہور لاہور۔کراچی	روزانہ
(iii) لاہور۔راولپنڈی۔پشاور پشاور۔راولپنڈی۔لاہور	3

پاک ایئر لمیٹڈ کے پاس 78 ہوائی جہاز تھے جن میں D.C 4 سکائی ماسٹرز شامل تھے۔ 31 مارچ 1949ء کو ماہانہ روٹ 3574 اور کل 104121 میل تھا۔

پاکستان پبلک سروس کمیشن (49-1948ء)

تقسیم کے بعد بنگال پبلک سروس کمیشن کے ممبر ایس سہروردی کو پاکستان پبلک سروس کمیشن کا پہلا ممبر مقرر کیا گیا۔ نومبر 1947 سے لے کر اکتوبر 1948 تک وہ اس کے اکیلے ممبر تھے۔ اکتوبر 1948ء میں ایم افضل حسین سابق چیئرمین جوائنٹ پبلک سروس کمیشن برائے سرحد و پنجاب نے چیئرمین پاکستان پبلک سروس کمیشن کا عہدہ سنبھالا اور نومبر 1948ء میں عبدالغفور خان سابق ڈسٹرکٹ اور سیشن جج نے ممبر کا عہدہ سنبھالا۔

افواج پاکستان

جدول 45.1: برٹش آرمی آفیسرز پاکستان میں (1947-48)

	1947ء		1948ء	
عہدہ	پاکستانی	برٹش	پاکستانی	برٹش
کمانڈر انچیف	-	1	-	1
چیف آف سٹاف	-	1	-	1
پرسنل سٹاف آفیسرز				
سی جی ایس	-	yes	-	yes
اے۔جی	-	yes	yes	-
کیو۔ایم۔جی	-	yes	-	yes
ایم۔جی۔او	-	yes	-	yes
ملٹری سیکرٹری	yes	-	yes	-
ڈائریکٹرز	3	باقی سب برٹش	4	باقی سب برٹش
ڈویژن کمانڈرز	1	5	4	2
سکول		تمام برٹش	-	تمام برٹش کمانڈار
سینٹرز	-	″	-	″
دیگر	14	*52	51	21

☆ان کے علاوہ تین ہندو آفیسر بھی تھے۔

جدول 45.2: مختلف علاقوں کی انڈین آرمی میں شمولیت

سال (سن)	شمال مشرقی ہند پنجاب، سرحد، کشمیر	نیپال	شمالی مغربی ہند گڑھوال، کماؤں	جنوبی ہند یوپی، بہار	برما
1856	%10 سے کم	ناقابل ذکر	کم سے کم 90%	-	-
1858	%47	%6	%47	-	-
1883	%48	%17	%35	-	-
1893	%53	%24	%23	-	-
1905	%47	%15	%22	%16	-
1919	%46	%14.8	%25.5	%1.2	%1.7
1930	%58.5	%22	%11	%5.5	%3

Source:-India Divided Page 97.

پاکستان ڈیفنس کونسل کی پہلی میٹنگ 6,5 ستمبر 1947ء کو منعقد ہوئی جس میں جناب لیاقت علی خان چیئرمین، جنرل فرینک میسروی (Frank Masservy) کمانڈر انچیف آرمی، اور ریر ایڈمرل جے۔ ڈبلیو۔ جے فورڈ (J.W.Jefford) کمانڈر انچیف نیوی، اور ایئر وائس مارشل پیری کین (Perry Keene) بحیثیت ممبر شریک ہوئے۔ ان کے علاوہ چوہدری محمد علی سیکرٹری جنرل، لیفٹیننٹ جنرل ڈگلس گریسی (Douglas Gracy) چیف آف سٹاف آرمی، غلام عباس فنانشل ایڈوائزر منسٹری آف ڈیفنس، گروپ کیپٹن ال ورتھی (Elworthy) بھی ممبران میں شامل تھے۔ ایس۔ آئی۔ حق ڈپٹی سیکرٹری ڈیفنس بحیثیت سیکرٹری شامل ہوئے۔

کمانڈر انچیف :۔ لیفٹیننٹ جنرل فرینک میسروی اگست 1947ء میں نارتھرن کمانڈر کے جنرل آفیسر کمانڈنگ تھے۔ 14 اگست 1947 کو پاکستان آرمی کا کمانڈر انچیف مقرر کیا گیا۔ 10 فروری 1948ء کو انکی جگہ جنرل گریسی نے لی اور وہ 17 جنوری 1951ء تک کمانڈر انچیف کے عہدہ پر فائز رہے۔

دیگر اہم عہدے :۔

1. میجر جنرل ایچ آئی ڈیویز (H.I.Davies) 15-8-1947 To 30-11-1947
چیف آف جنرل سٹاف

اس سے پہلے جنرل ڈیویز اپریل 1947ء تا اگست 1947 کمانڈر سٹاف کالج کوئٹہ رہے۔

2. میجر جنرل آر اے ہٹن 1-2-1947 (R.A.Hutton)
چیف آف جنرل سٹاف

3. بریگیڈئر میکولم ڈائریکٹر (Macullum)

4. لیفٹیننٹ کرنل شاہد حمید پرائیویٹ سیکرٹری برائے ایف - ایم - آچنلک (Auchinlek) رہے۔ ستمبر 1947ء میں نیشنل گارڈ کے سیٹ اپ کے لئے ذمہ داریاں سنبھالیں۔

5. لیفٹیننٹ کرنل ڈبلیو-ڈی-جے ینگ (W.D.J.Young) جن کا تعلق انڈین میڈیکل سروس سے تھا کرنل شاہد حمید کی جگہ مقرر ہوئے۔

6. لیفٹیننٹ کرنل پیک ووڈ (Packwood) ڈائریکٹر تھے۔

7. میجر گل مواز ستمبر 1947ء میں سٹاف ڈیوٹی ڈائریکٹوریٹ میں تعینات کئے گئے۔

8. فروری 1948ء میں ملٹری انٹیلی جنس کو علیحدہ ڈائریکٹوریٹ کی حیثیت دی گئی اور اس کے پہلے ڈائریکٹر بریگیڈیئر شیر خان مقرر ہوئے۔ اور دسمبر 1949ء میں کراچی کے نزدیک ایک ہوائی حادثہ میں ہلاک ہوگئے۔ ملٹری انٹیلی جنس کے دیگر افسران میں کرنل ایم۔ اے لطیف خان 29 مارچ 1948ء کو شمولیت اختیار کی۔

9. بریگیڈیئر ٹی-وی-انگس (Angus) ڈائریکٹر ملٹری ٹریننگ 14 ستمبر 1947ء کو مقرر ہوئے۔ ان کی جگہ بریگیڈیئر ڈی۔ آئی۔ جیرارڈ (D.I.Jarrard) 6 جنوری 1948ء کو مقرر ہوئے۔

10. ویپن اور ایکویپمنٹ ڈیپارٹمنٹ میں کرنل اختر خان تعینات کئے گئے اور فروری 1948ء میں انکی جگہ کرنل ایم ایچ حسین نے لی۔

11. بریگیڈیئر جم سن (Gimson) نے 29 اپریل 1948ء کو ڈائریکٹر آرمرڈ کارپس کا عہدہ سنبھالا۔

12. بریگیڈیئر ایل-اے-ہارس (L.A.Harris) ڈائریکٹر آرٹلری تھے۔ انکی جگہ جنوری 1948ء میں بریگیڈیئر آر۔ مورلے (R.Morley) تعینات ہوئے۔

13. بریگیڈیئر چارلس ورتھ (Charlesworth) ڈائریکٹر سگنلز تھے۔ انکی جگہ یکم جنوری 1948ء کو بریگیڈیئر ایچ - ایل - لیوس (H.L.Lewis) تعینات ہوئے سگنلز

ڈیپارٹمنٹ میں دو برٹش لیفٹیننٹ کرنل بھی تھے۔

14. میجر جنرل جے۔ بی۔ ڈیلی سن پہلے ایڈ جوٹنٹ جنرل تھے جو دسمبر 1948ء تک رہے انکی جگہ میجر جنرل رضا کی تعیناتی یکم جنوری 1948ء کو ہوئی جو اس سے پہلے ڈائریکٹر آف آرگنائزیشن تھے۔

15. بریگیڈیئر سی پی مرے (C.P.Murray) یکم جنوری 1948ء کو ڈائریکٹر آف آرگنائزیشن تعینات کیے گئے۔

16. بریگیڈیئر ایچ۔ ایل۔ ہل (H.L.Hill) 13 دسمبر 1947ء کو ڈائریکٹر پرسنل سروس تعینات کئے گئے اور 14 ستمبر 1950ء تک اسی عہدے پر کام کرتے رہے۔

17. میجر جنرل ایس ایم اے فاروقی ڈائریکٹر میڈیکل ڈائریکٹوریٹ تھے۔ دسمبر 1948ء میں ڈائریکٹر جنرل میڈیکل سروس تعینات کیے گئے۔

18. میجر جنرل ایف جے واش (F.J.Walsh) پہلے کوارٹر ماسٹر جنرل تھے۔

24 دسمبر 1947ء کو میجر جنرل گریوز (Greeves) نے یہ عہدہ سنبھالا۔ 5 نومبر 1948ء کو میجر جنرل ناصر نے اس عہدہ کا چارج لیا۔

19. بریگیڈیئر ایم جے اے شی ہان (M.J.A.Sheehan) پہلے ڈائریکٹر سپلائی اور ٹرانسپورٹ تھے۔ اس کے بعد اپریل 1948ء میں بریگیڈیئر جمالدار نے یہ عہدہ سنبھالا۔

20. بریگیڈیئر گل شیرنون پہلے ڈائریکٹر دی ماؤنٹ' وٹرنری اور فارمز تھے۔

21. میجر جنرل وہائٹ سائڈ (Whiteside) نومبر 1947ء میں ماسٹر جنرل آف آرڈیننس سروس تعینات کئے گئے اور فروری 1951ء تک اس عہدہ پر کام کرتے رہے۔

22. آرڈیننس فیکٹریز ڈائریکٹوریٹ کو پاکستان آرڈیننس فیکٹری واہ 1950ء میں شفٹ کیا گیا۔

23. بریگیڈیئر مرفی (Eco Morphy) ڈائریکٹر آرڈیننس سروسز اگست 1947ء تا ستمبر 1950ء

24. بریگیڈیئر جی۔ ڈبلیو۔ پرسر (G.W.Purser) اگست 1947ء تا فروری 1948ء ڈائریکٹر ای۔ ایم۔ ای رہے۔ ان کی جگہ بریگیڈیئر ڈبلیو۔ پی۔ بی۔ ایشٹن (W.P.B.Ashton) فروری 1948ء میں تعینات کئے گئے جو نومبر 1955ء تک اس عہدہ پر کام کرتے رہے۔

25. کرنل جے براؤن اگست 1947ء سے ستمبر 1950ء تک ڈائریکٹر انسپکشن اینڈ ٹیکنیکل

ڈویلپمنٹ رہے۔

26. بریگیڈئیر ملیز جیفریز (Millis Jafferries) جو چیف انجینئر نارتھ کمانڈ تھے کو میجر جنرل کی ترقی دے کر انجینئر ان چیف (Engineer in chief) لگایا گیا تھا اور اس عہدہ پر وہ جنوری 1950ء تک کام کرتے رہے۔ ان کی جگہ بریگیڈئیر ڈبلیو۔ ایل۔ ڈی۔ ویچ (W.L.D.Veitch) تعینات کئے گئے جو اس سے پہلے اگست 1947ء سے ڈپٹی انجینئر ان چیف تھے۔

27. بریگیڈئیر ایف۔ ای۔ چلورز (F.E.Chilvers) ستمبر 1947ء سے 13 اگست 1950ء تک ڈائریکٹر آف ورکس کے عہدہ پر تعینات رہے۔

28. بہاولپور سٹیٹ:۔ بہاولپور ریاست کا 3 اکتوبر 1947ء کو پاکستان کے ساتھ الحاق ہوا۔ اس وقت لیفٹیننٹ جنرل مارڈن (Marden) ریاستی فوج کے سربراہ تھے۔ نومبر 1948ء میں میجر جنرل گریوز کو حکومت پاکستان نے بہاولپور سٹیٹ فورسز کی کمان لینے کا حکم دیا۔ جنوری 1949ء میں سٹیٹ فورسز کو پاکستان آرمی میں شامل کر دیا گیا۔

بریگیڈئیر جی۔ کیو۔ گیلانی کیم نومبر 1947ء تا 6 جولائی 1948ء

بریگیڈئیر ایچ۔ ایل۔ سی۔ رابرٹسن (H.L.C.Robertson) 7 جولائی 1948ء تا 30 اگست 1948ء

بریگیڈئیر ایس۔ اے۔ رضوی 31 اگست 1948ء تا 31 اکتوبر 1948ء

بریگیڈئیر کے کیمپبیل مائکلے جان (K.Campbell-Mieklejohn) کیم نومبر 1948ء تا 17 اپریل 1949ء۔

29. میجر جنرل لارڈ لوٹ (Lord Lovett) ساتویں ڈویژن کے کمانڈر تھے۔ جن کا ہیڈ کوارٹر راولپنڈی کے کلکتہ آفس میں قائم تھا۔ 10 جنوری 1948ء کو میجر جنرل لو فٹس ٹوٹن ہام (LoftusTotenham) نے اس کی کمان سنبھالی۔

30. بریگیڈئیر جے۔ ایم۔ بارلو (J.M.Barlow) 14 اگست 1947ء تا 3 اکتوبر 1947ء تک اس کے بعد بریگیڈئیر سی۔ ایچ۔ بی۔ روڈہام (C.H.B.Rodham) 14 اکتوبر 1947ء، سے 11 دسمبر 1947ء تک، پھر بریگیڈئیر ایم۔ آئی۔ ماجد 12 دسمبر 1947ء سے 31 جنوری 1948ء تک اور ان کے بعد بریگیڈئیر ایچ۔ آئی احمد کیم فروری 1948ء سے 14 دسمبر 1949ء تک 10 بریگیڈ کے کمانڈر رہے۔

31. بریگیڈیئر نذیر احمد 15 اگست 1947ء تا 7 اکتوبر 1947ء تک پھر بریگیڈیئر ایم وائی رائٹ (M.Y.Wright) 8 اکتوبر 1947ء تا 31 نومبر 1947ء تک اور ان کے بعد بریگیڈیئر ایم اعظم خان 25 بریگیڈ کے کمانڈار رہے۔
32. میجر جنرل محمد اکبر خان 15 اگست 1947ء سے 6 دسمبر 1950ء تک 8 ڈویژن کے کمانڈار رہے۔
33. بریگیڈیئر سٹفنسن (Stephenson) یکم نومبر 1947 سے 31 دسمبر 1947ء تک بریگیڈیئر کے۔ ایم۔ شیخ یکم جنوری 1948 سے 10 فروری 1948ء تک اور ان کے بعد 11 فروری 1948ء کو 51 بریگیڈ کے کمانڈار رہے۔
34. میجر جنرل آر میک کے (R.McCay) 12 نومبر 1946ء سے یکم جنوری 1948ء تک اور ان کے بعد میجر جنرل نذیر احمد نے انکی جگہ 9 (فرنٹیر) ڈویژن کی کمان سنبھالی۔
35. بریگیڈیئر احمد جان نے ستمبر 1948ء سے 6 دسمبر 1948ء تک 52 بریگیڈ کی کمان سنبھالی۔ ان کے بعد بریگیڈیئر محمد موسیٰ نے انکی جگہ لی۔
36. بریگیڈیئر کے اے روچ (K.A.Roche) ستمبر 1947 سے جنوری 1948ء تک پھر بریگیڈیئر کے ایم شیخ نے فروری 1948ء سے جون 1949ء تک 100 بریگیڈ کی کمان سنبھالی۔
37. بریگیڈیئر پی ڈبلیو پارکر (P.W.Parker) اگست 1947ء سے جنوری 1948ء تک اور بریگیڈیئر آر۔ ڈبلیو۔ پیٹرز (R.W.Peters) جنوری 1948ء سے مارچ 1948ء تک اور پھر لیفٹیننٹ کرنل میک من (Mac Mun) مارچ 1948ء سے اپریل 1948ء تک اور ان کی جگہ بریگیڈیئر محمد اکبر اپریل 1948ء میں 101 بریگیڈ کے کمانڈار رہے۔
38. بریگیڈیئر ایم ضیاء الدین ستمبر 1947ء تا جنوری 1948ء اور پھر جنوری 1948ء تا نومبر 1948 تک اور ان کے بعد بریگیڈیئر آدم خان نومبر 1948ء میں 102 بریگیڈ کے کمانڈار رہے۔
39. میجر جنرل محمد افتخار خان نے یکم جنوری 1948ء کو 10 ڈویژن کی کمان سنبھالی۔ دسمبر 1949ء میں ان کا انتقال ہوائی حادثہ میں ہو گیا ان کے ہمراہ بریگیڈیئر شیر خان بھی تھے۔
40. بریگیڈیئر آر۔بی۔سکاٹ (R.B.Scott) 14 دسمبر 1947ء تک 14 (پیرا) بریگیڈ

(ائیرلینڈ نگ) کے کمانڈار رہے ان کے بعد 29 دسمبر 1947ء کو بریگیڈیئر شیر علی نے ان کی جگہ لی۔

41. بریگیڈیئر آر۔ اے۔ روچ (R.A.Roche) نے یکم اپریل 1947ء سے 21 ستمبر 1947ء تک 103 بریگیڈ کی کمان سنبھالی ان کے بعد بریگیڈیئر محمد افتخار خان 22 ستمبر 1947ء سے 31 دسمبر 1947ء بریگیڈیئر محمد موسیٰ یکم جنوری 1948ء سے 27 جولائی 1948ء تک اور پھر ان کے بعد بریگیڈیئر ایم اے لطیف خان 28 جولائی 1948ء سے کمانڈار رہے۔

42. بریگیڈیئر ایچ ڈبلیو ڈی میکڈانلڈ (H.W.D.Macdonald) 29 جولائی 1947ء سے 18 ستمبر 1947ء تک بریگیڈیئر نذیر احمد 20 ستمبر 1947ء سے 27 ستمبر 1947ء تک کرنل احمد جان 7 جنوری 1948ء سے 7 فروری 1948ء تک اور پھر بریگیڈیئر سی ایچ بی روڈھم (C.H.B.Rodham) 114 بریگیڈ کے کمانڈار رہے۔

43. میجر جنرل محمد یوسف نومبر 1948ء سے دسمبر 1949ء تک 12 ڈویژن کے کمانڈار رہے۔

44. بریگیڈیئر گلزار احمد 17 نومبر 1948ء کو 104 بریگیڈ کے کمانڈار تعینات ہوئے۔ 25 دسمبر 1949ء کو بریگیڈیئر الطاف قادر نے انکی جگہ سنبھالی۔

45. بریگیڈیئر سی۔ اے۔ ایل۔ ڈیوس (C.A.L.Davis) یکم دسمبر 1948ء کو 105 بریگیڈ کے کمانڈار مقرر ہوئے۔ 14 دسمبر 1949ء کو ان کی جگہ بریگیڈیئر رحیم اللہ تعینات ہوئے۔

46. میجر جنرل بی۔ ایس۔ مولڈ (B.S.Mould) 14 ڈویژن ایسٹ پاکستان آرمی کے اگست 1947ء میں کمانڈار مقرر ہوئے۔ 8 جنوری 1948ء کو میجر جنرل محمد ایوب خان نے اسکی کمان سنبھالی۔

47. بریگیڈیئر ڈبلیو ڈبلیو اے لارنگ (W.W.A.Loring) اگست 1947ء سے دسمبر 1947ء تک پھر بریگیڈیئر ایم کے ادریس یکم جنوری 1948ء سے 3 (انڈی پینڈنٹ) آرمرڈ بریگیڈ کے کمانڈار رہے۔

48. بریگیڈیئر جے ایم ایل کرافورڈ (J.M.L.Crwford) یکم اگست 1947ء سے 13 نومبر 1949ء تک 1 آرمی گروپ رائل پاکستان آرٹلری کے کمانڈار رہے۔ ان کے بعد بریگیڈیئر ایم ییٹس (M.Yates) نے 14 نومبر 1949ء کو اسکی کمان سنبھالی۔

49. بریگیڈیئر پی۔ایچ۔ایل۔فنڈلے (P.H.L.Findlay) نے 7 اکتوبر 1947ء سے دسمبر 1952ء تک 2 آرمی گروپ رائل پاکستان آرٹلری کی کمان سنبھالی۔

50. لیفٹیننٹ کرنل جے۔ڈبلیو۔کیولر (J.W.Cavler) نے مئی 1950ء میں اور بریگیڈیئر ایف۔بی۔پن چارڈ (F.B.Pinchard) نے اکتوبر 1950ء میں 3 آرمی گروپ رائل پاکستان آرٹلری کی کمان سنبھالی۔

51. بریگیڈیئر ایف۔آر۔کلو (F.R.Kallue) جنوری 1948ء سے لائن آف کمیونیکیشن کے کماندار رہے۔

52. میجر صاحبزادہ یعقوب خان 15 اگست 1947ء سے جون 1948ء تک گورنر جنرل باڈی گارڈز کے کماندار رہے۔ میجر عباس خان درانی 7 جون 1948ء سے اس عہدہ پر تعینات کیے گئے۔

53. لیفٹیننٹ کرنل سی۔سی۔سی۔فاران (C.C.C.Farran) 1944ء سے 24 اگست 1947ء تک' لیفٹیننٹ کرنل جے۔ای۔اے۔موبرلے (J.E.A.Moberley) 25 اگست 1947ء سے دسمبر 1947ء تک اور کرنل اے ڈی ڈریو (A.D.Dreu) جنوری 1948ء کو 13 (ڈیوک آف کناٹس اون) لانسرز کے کماندار مقرر ہوئے۔

54. لیفٹیننٹ کرنل ڈبلیو ای لاک ہارٹ (W.E.Lockhart) اکتوبر 1947ء سے نومبر 1947ء تک' کرنل این اے کے رضا نومبر 1947ء سے نومبر 1948ء تک لیفٹیننٹ کرنل مصطفیٰ خان نومبر 1948ء کو 10 گائیڈز (کوئن وکٹوریہ اون) کیولری کے کماندار تعینات ہوئے۔

55. لیفٹیننٹ کرنل ایچ جی ایکل (H.G.Aikal) جنوری 1947ء سے اگست 1947ء تک لیفٹیننٹ کرنل مسعود خان اگست 1947ء سے اگست 1948ء تک اور لیفٹیننٹ کرنل اے رشید خان اکتوبر 1948ء کو 11 (پرنس البرٹ وکٹرز اون) کیولری کے کماندار تعینات ہوئے۔

56. لیفٹیننٹ کرنل ڈی۔جی۔اجرٹن (D.G.Egerton) 1945ء سے اکتوبر 1947ء تک' لیفٹیننٹ کرنل ایچ۔آئی احمد 26 اکتوبر 1947ء سے فروری 1948ء تک' لیفٹیننٹ کرنل ایم ایم آئے بیگ فروری 1948ء سے اکتوبر 1949ء تک 5

(پروبائنز)ہارس کے کمانڈار رہے۔

57. لیفٹیننٹ کرنل حسام ال آفندی فروری 1948ء میں 6 لانسرز کے کمانڈار رہے
6(Duke of Connaught'sown) Lancer

58. لیفٹیننٹ کرنل جی ای ایم - میڈوز (G.E.M Meadows) مئی 1947ء سے دسمبر 1947ء تک اور لیفٹیننٹ کرنل جے - یو - ویک فیلڈ (J.U.Wakefield) مئی 1948ء سے جولائی 1949ء تک 19 لانسرز (King George'sown) کے کمانڈار رہے۔

59. لیفٹیننٹ کرنل ڈبلیو پی بی ملن (W.P.B.Milne) ستمبر 1947ء سے نومبر 1950ء تک 21 ماؤنٹین رجمنٹ کے کمانڈار رہے۔ (فیلڈ رجمنٹ)۔

60. میجر اے - آر - بل (A.R.Ball) دسمبر 1946ء تا فروری 1947ء لیفٹیننٹ کرنل بڈلف (Beddulph) مارچ 1947ء سے جنوری 1948ء تک اور لیفٹیننٹ کرنل براؤن (Brown) جنوری 1948ء سے فروری 1948ء تک میجر ایم - جے - کیانی فروری 1948ء سے مئی 1948ء تک' لیفٹیننٹ کرنل واٹسن (Watson) مئی 1948ء سے فروری 1949ء تک پاکستان آرٹلری رجمنٹ کے کمانڈار رہے۔

61. لیفٹیننٹ کرنل جنکنس دسمبر 46ء تا فروری 1947ء' انکے بعد لیفٹیننٹ کرنل لائل گرانٹ فروری 1947ء تا جون 1947ء میجر عباس بیگ جون 1947 تا دسمبر 1947ء لیفٹیننٹ کرنل اے سی ای ڈیوریکس (A.C.E.Devereux) دسمبر 1947ء تا فروری 1949ء تک فیلڈ رجمنٹ SP4 کے کمانڈار رہے۔

62. لیفٹیننٹ کرنل ایچ اے جیکسن فروری 1946ء تا ستمبر 1947ء تک ان کے بعد لیفٹیننٹ کرنل جے ایم ایل کرافورڈ (J.M.L.Crawford) ستمبر 1947ء تا اکتوبر 1947ء لیفٹیننٹ کرنل ڈی ایچ این بیکر کار (D.H.N.Baker-Carr) نومبر 1947ء تا دسمبر 1947ء لیفٹیننٹ کرنل جے ایم فلپس (J.M.Philips) جون 1948ء تا دسمبر 1950ء تک فیلڈ رجمنٹ 5 کے کمانڈار رہے۔

63. لیفٹیننٹ کرنل ہاورڈ جونز (Howard Jones) نومبر 1946ء تا جنوری 1948ء تک اور جنوری 1948ء تا جنوری 1950ء تک 33 اینٹی ٹینک رجمنٹ کے کمانڈار رہے۔

64. لیفٹیننٹ کرنل اے ڈبلیو لچ فیلڈ (A.W.Litchfield) اپریل 1947ء تا ستمبر

1947ء' لیفٹیننٹ کرنل ایم ای کیمس بیٹی (M.E.Kemis-Betty) ستمبر 1947ء تا نومبر 1947ء' لیفٹیننٹ کرنل ای ۔ ڈی گارنٹ E.D.Garnet نومبر 1947ء تا فروری 1948ء لیفٹیننٹ کرنل کے وصی الدین فروری 1948ء تا اگست 1948ء' لیفٹیننٹ کرنل ایس ساؤتھے (S.Southey) اگست 1948ء تا جولائی 1949ء اور لیفٹیننٹ کرنل جے۔ آر۔ گچ (J.R.Gutch) اگست 1949ء تا اپریل 1950ء تک میڈیم رجمنٹ 38 کے کمانڈار رہے۔

65. لیفٹیننٹ کرنل ای جے بیلی (E.J.Baily) لیفٹیننٹ کرنل ہارنے (Horne) مئی 1947ء تا فروری 1948ء' میجر شیر جنگ فروری 1948ء تا مئی 1948ء لیفٹیننٹ کرنل اے جے روپس (A.J.Ropes)' مئی 1948ء تا اگست 1949ء اور اس کے بعد ایم اے کے ٹوانہ HAA 18 رجمنٹ کے کمانڈار رہے۔

66. لیفٹیننٹ کرنل ایچ اے پی ہچنز (H.A.P.Hutchins) جنوری 1946ء تا دسمبر 1947ء (دسمبر 1947ء میں ایک فضائی حادثہ میں ہلاک ہوئے)' لیفٹیننٹ کرنل جے ڈبلیو کیلور (J.W.Calver)' 15 دسمبر 1947ء تا اگست 1948ء لیفٹیننٹ کرنل ایم اے انصاری اگست 1948ء تا اکتوبر 1948ء اور ان کے بعد لیفٹیننٹ کرنل جمشید خان LAA25 رجمنٹ کے کمانڈار رہے۔

67. میجر پی ۔ اسرلز (P.Isserlis) اکتوبر 1947ء تک' میجر ڈی ۔ ای۔ تھامپسن (D.E.Thompson) اکتوبر 1947ء تا نومبر 1947ء' میجر محمد شفیع نومبر 1947ء تا اکتوبر 1948ء' 2 انڈین سروے بیٹری کے کمانڈار رہے۔

68. میجر پی۔ ڈی۔ مورس (P.D.Morris) اگست 1947ء تا مئی 1948ء تک اور ان کے بعد فلائنگ آفیسر ایم ایم جعفری اور میجر اے بی اعوان ائیر OP کے کمانڈار رہے۔

69. لیفٹیننٹ کرنل ایم اے جنجوعہ 1946ء تا مارچ 1948ء لیفٹیننٹ کرنل رحیم اللہ مارچ 1948ء تا اگست 1949ء اور ان کے بعد لیفٹیننٹ کرنل پی جی برگنزا (P.G.Braganza) 1/1 پنجاب رجمنٹ کے کمانڈار رہے۔

70. لیفٹیننٹ کرنل آدم خان 1947ء تا 1948ء اور ان کے بعد لیفٹیننٹ کرنل محمد گل شیر 2/1 پنجاب رجمنٹ کے کمانڈار رہے۔

71. لیفٹیننٹ کرنل ڈبلیو ایچ آر کلفورڈ (W.H.R.Clifford) جون 1946ء تا ستمبر

1947ء لیفٹیننٹ کرنل ای اے جی ویک فیلڈ (E.A.G.Wake Field) ستمبر 1947ء تا جنوری 1948ء اور ان کے بعد لیفٹیننٹ کرنل اے - ٹی - مرے A.T.Murray 3/1 پنجاب رجمنٹ کے کمانڈار رہے۔

72. لیفٹیننٹ کرنل جے اے سی ڈی اپائس (J.A.C.D.'Apice) ستمبر 1947ء تک' لیفٹیننٹ کرنل جے ایف ایس اوٹلے (J.F.S.Ottley) ستمبر 1947ء تا دسمبر 1947ء' لیفٹیننٹ کرنل امراؤ خان جنوری 1948ء تا دسمبر 1948ء اور ان کے بعد لیفٹیننٹ کرنل علی محمد 5/1 پنجاب رجمنٹ کے کمانڈار رہے۔

73. لیفٹیننٹ کرنل بڈ سنگھ (BudSingh) نومبر 1947ء تک' لیفٹیننٹ کرنل وحید حیدر نومبر 1947ء تا ستمبر 1949ء تک اور ان کے بعد لیفٹیننٹ کرنل محمد حیات 7/1 پنجاب رجمنٹ کے کمانڈار رہے۔

74. لیفٹیننٹ کرنل ایل جے ای کیولے (L.J.E.Kewely) ستمبر 1947ء تک ان کے بعد لیفٹیننٹ کرنل ایم جی ڈی کلو (M.G.D.Kallue) 1/8 پنجاب رجمنٹ کے کمانڈار مقرر ہوئے۔

75. لیفٹیننٹ کرنل جے سینٹ جان باکسٹر (J.St.JohnBaxter) مارچ 1946ء تا نومبر 1947ء' لیفٹیننٹ کرنل الطاف حسین نومبر 1948ء تا دسمبر 1949ء اور ان کے بعد لیفٹیننٹ کرنل محمد نواز خان 2/8 پنجاب رجمنٹ کے کمانڈار رہے۔

76. لیفٹیننٹ کرنل ڈبلیو گریسی (W.Graciey) اکتوبر 1944ء تا اکتوبر 1947ء لیفٹیننٹ کرنل سوال خان اکتوبر 1947ء تا دسمبر 1949ء اور ان کے بعد لیفٹیننٹ کرنل خوشی محمد 4/8 پنجاب رجمنٹ کے کمانڈار رہے۔

77. لیفٹیننٹ کرنل ایف آر کلو (F.R.Kallue) مارچ 1947ء تا نومبر 1947ء لیفٹیننٹ کرنل این اے کے نیازی نومبر 1947ء تا اکتوبر 1948ء اور ان کے بعد لیفٹیننٹ کرنل وصال محمد خان 5/8 پنجاب رجمنٹ کے کمانڈار رہے۔

78. لیفٹیننٹ کرنل عزیز الرحمن 1947ء تا 1948ء لیفٹیننٹ کرنل کے ایم نذیر احمد 1948ء تا فروری 1949ء تک 6/8 پنجاب رجمنٹ کے کمانڈار رہے۔

79. لیفٹیننٹ کرنل ڈی ایچ ڈی گیلان (D.H.D.Gilan) اکتوبر 1946ء تا دسمبر 1947ء لیفٹیننٹ کرنل نذر محمد دسمبر 1947ء تا جولائی 1948ء' لیفٹیننٹ کرنل سلطان

شاہ جولائی 1948ء تا اگست 1948ء اور ان کے بعد لیفٹیننٹ کرنل نذر محمد 8/8 پنجاب رجمنٹ کے سربراہ رہے۔

80. لیفٹیننٹ کرنل کیمپبل مائیکل جان (CampbellMeikle-John) 14 اگست 1947ء تا 22 جنوری 1948ء تک' لیفٹیننٹ کرنل میر افضل 23 جنوری 1948ء تا 21 اکتوبر 1949ء اور ان کے بعد لیفٹیننٹ کرنل عبدالحکیم 1/10 بلوچ رجمنٹ کے کماندار رہے۔

81. لیفٹیننٹ کرنل ڈبلیو۔ کے ۔ اکین سمتھ (W.K.Ekinsmith) 1944 تا 1947ء' لیفٹیننٹ کرنل فیدر سٹون (Featherstone) اگست 1947ء تا جولائی 1948ء اور پھر ان کے بعد لیفٹیننٹ کرنل اورنگزیب 2/10 بلوچ رجمنٹ کے کماندار رہے۔

82. لیفٹیننٹ کرنل فریمانڈ (Furrimond) مئی 1947ء تا ستمبر 1947ء' میجر افتخار خان جنجوعہ ستمبر 1947ء تا اکتوبر 1947ء' لیفٹیننٹ کرنل سید غواث اکتوبر 1947ء تا نومبر 1948ء' لیفٹیننٹ کرنل عبدالحمید خان ان کے بعد 3/10 بلوچ رجمنٹ کے کماندار رہے۔

83. لیفٹیننٹ کرنل اے آر جی بیکر (A.R.G.Baker) اپریل 1947ء تا جون 1947ء لیفٹیننٹ کرنل ہاروے کیلی (Harvey Kelly) جون 1947ء تا جولائی 1948ء لیفٹیننٹ کرنل شیر بہادر جولائی 1948ء اور کرنل اقبال علی خان جون 1949ء میں 4/10 بلوچ رجمنٹ کے کماندار رہے۔

84. لیفٹیننٹ کرنل آر۔ٹی۔ پرنس (R.T.Prince) 1946ء تا اکتوبر 1947ء' لیفٹیننٹ کرنل ایم اے کے درانی نومبر 1947ء تا نومبر 1948ء اور انکے بعد لیفٹیننٹ کرنل ایم اے لطیف 5/10 بلوچ رجمنٹ کے کماندار رہے۔

85. لیفٹیننٹ کرنل عبدالحمید خان دسمبر 1948ء تک' میجر ابرار حسین اور لیفٹیننٹ کرنل سردار علی 6/10 بلوچ رجمنٹ کے کماندار رہے۔

86. لیفٹیننٹ کرنل گلزار احمد دسمبر 1946ء تا جولائی 1948ء اور ان کے بعد لیفٹیننٹ کرنل علی محمد اور لیفٹیننٹ کرنل گل مواز (Mawaz) 7/10 بلوچ رجمنٹ کے کماندار رہے۔

87. میجر محمد فضل خان اکتوبر 1948ء تا جنوری 1949ء اور انکے بعد میجر سعید الدین اور لیفٹیننٹ کرنل فتح خان 8/10 بلوچ رجمنٹ کے کماندار رہے۔

88. لیفٹیننٹ کرنل ڈبلیو آئی موبرلے (W.I.Moberly) جنوری 1947ء تا اگست 1947ء لیفٹیننٹ کرنل آر جے فنچ (R.J.Finch) اگست 1947ء تا اکتوبر 1947ء' لیفٹیننٹ کرنل خالد جان اکتوبر 1947ء تا اکتوبر 1948ء اور ان کے بعد لیفٹیننٹ کرنل ملک شیر افضل 1/12 فرنٹیئر فورس رجمنٹ کے کماندار رہے۔

89. لیفٹیننٹ کرنل آئی ۔ آر گرین وڈ (I.R.Green Wood) ستمبر 1947ء تک لیفٹیننٹ کرنل محمد سعید ستمبر 1947ء تا اکتوبر 1948ء اور انکے بعد لیفٹیننٹ کرنل طور گل 2/12 فرنٹیئر فورس رجمنٹ کے کماندار رہے۔

90. لیفٹیننٹ کرنل جے ۔ ایل ۔ اے ۔ بل (J.L.A.Bell) ستمبر 1947ء تک اور انکے بعد لیفٹیننٹ کرنل عزیز الدین 3/12 فرنٹیئر فورس رجمنٹ کے کماندار تعینات ہوئے۔

91. لیفٹیننٹ کرنل گپتا جون 1947ء تا ستمبر 1947ء لیفٹیننٹ کرنل الطاف قادر ستمبر 1947ء تا جولائی 1948ء اور ان کے بعد لیفٹیننٹ کرنل عتیق الرحمن اور لیفٹیننٹ کرنل احمد خلیلی 4/12 فرنٹیئر فورس رجمنٹ کے کماندار مقرر ہوئے۔

92. لیفٹیننٹ کرنل میک من (Mac Munn) اگست 1947ء تا مئی 1948ء اور ان کے بعد لیفٹیننٹ کرنل کریم داد 5/12 فرنٹیئر فورس رجمنٹ کے کماندار مقرر ہوئے۔

93. لیفٹیننٹ کرنل کے ایم شیخ مارچ 1945ء تا اپریل 1947ء' لیفٹیننٹ کرنل سی ڈبلیو پیرسن (C.W.Pearson) اپریل 1947ء تا فروری 1948ء تک 8/12 فرنٹیئر فورس رجمنٹ کے کماندار رہے۔

94. میجر ایل ۔ ایس ۔ کے لودھی اکتوبر 1948ء میں 9/12 فرنٹیئر فورس رجمنٹ کے کماندار مقرر ہوئے۔

95. لیفٹیننٹ کرنل محمد ایوب اکتوبر 1949ء میں اور انکے بعد لیفٹیننٹ کرنل اسلم عزیز شیخ 14/12 فرنٹیئر فورس رجمنٹ کے کماندار مقرر ہوئے۔

96. لیفٹیننٹ کرنل بریشور ناتھ (Brieshwar Nath) مارچ 1947ء تا نومبر 1947ء لیفٹیننٹ کرنل بشیر احمد نومبر 1947ء تا جنوری 1950ء 1/13 فرنٹیئر فورس رائفلز کے کماندار رہے۔

97. لیفٹیننٹ کرنل ایس ٹی سی پارسن سمتھ (S.T.C. Parson Smith) جون 1947ء تا اکتوبر 1947ء' میجر قاضی اے رحیم اکتوبر 1947ء تا دسمبر 1947' لیفٹیننٹ کرنل صادق اللہ خان 23 دسمبر 1947ء تا 8 جنوری 1948ء' لیفٹیننٹ کرنل حبیب اللہ بابر جنوری 1948ء تا جولائی 1948ء' لیفٹیننٹ کرنل شوکت علی شاہ اور لیفٹیننٹ کرنل بشیر نواز ان کے بعد 2/13 فرنٹیئرفورس رائفلز کے کماندار رہے۔

98. لیفٹیننٹ کرنل نذیر احمد جولائی 1995ء تا اپریل 1947ء' لیفٹیننٹ کرنل آر۔ڈبلیو۔ ہیون (R.W.Hiven) اپریل 1947ء تا اگست 1947ء' لیفٹیننٹ کرنل ڈبلیو۔ ایچ۔ پائنک اگست 1947ء تا جنوری 1948ء اور ان کے بعد لیفٹیننٹ کرنل غلام جیلانی اور لیفٹیننٹ کرنل صدیق راجہ 4/13 فرنٹیئرفورس رائفلز کے کماندار رہے۔

99. لیفٹیننٹ کرنل یو ایل ایم وائن رائٹ (U.L.M. Wain Wright) اکتوبر 1946ء تا اپریل 1947ء' لیفٹیننٹ کرنل ایم ایچ سی فرانس اپریل 1947ء تا ستمبر 1947' لیفٹیننٹ کرنل خورشید علی ستمبر 1947ء تا نومبر 1947ء' لیفٹیننٹ کرنل عفیف خان نومبر 1947ء تا جنوری 1949ء اور پھر لیفٹیننٹ کرنل سلطان محمد 5/13 فرنٹیئر فورس رائفلز کے کماندار رہے۔

100. لیفٹیننٹ کرنل جے سی لیوئز (J.C.Lewis) اگست 1947ء تک' لیفٹیننٹ کرنل بختیار رانا ستمبر 1947ء تا فروری 1949ء اور پھر لیفٹیننٹ کرنل قاضی اے رحیم 6/13 فرنٹیئرفورس رائفلز کے کماندار رہے۔

101. لیفٹیننٹ کرنل آر۔ایف۔پل۔ تھامس' فروری 1947ء تا اگست 1947ء' لیفٹیننٹ کرنل احمد جان اگست 1947ء تا نومبر 1947ء اور ان کے بعد لیفٹیننٹ کرنل عبدالجبار 1/14 پنجاب رجمنٹ کے کماندار رہے۔

102. لیفٹیننٹ کرنل جی اے او ماؤنسل (G.A.O.Maunsell) اکتوبر 1946ء تا جنوری 1947ء' لیفٹیننٹ کرنل ایچ سی اے بیکر جنوری 1947ء تا اپریل 1947ء لیفٹیننٹ کرنل کے واکر (K.Walker) اپریل 1947ء تا ستمبر 1947ء' لیفٹیننٹ کرنل سرفراز خان ستمبر 1947ء تا اپریل 1949ء اور پھر لیفٹیننٹ کرنل صاحب داد 2/14 پنجاب رجمنٹ کے کماندار رہے۔

103. لیفٹیننٹ کرنل ایف ایڈم (F.Adams)' لیفٹیننٹ کرنل جے جی ڈیوس

1946-47ء ہیں' لیفٹیننٹ کرنل پیٹرک جے ای مرسن (J.E.Merson Petric) 1948ء میں اور لیفٹیننٹ کرنل محمد نواز اس کے بعد 3/14 پنجاب رجمنٹ کے کمانڈار رہے۔

104. لیفٹیننٹ کرنل ایل ایف سٹیل (L.F.Steele) اگست 1947ء تا جنوری 1948ء' لیفٹیننٹ کرنل محمد زمان خان جنوری 1948ء تا مئی 1948ء اور پھر لیفٹیننٹ کرنل محمد صادق خان' میجر رفیع خان' لیفٹیننٹ کرنل اسماعیل خان 4/14 پنجاب رجمنٹ کے کمانڈار رہے۔

105. لیفٹیننٹ کرنل ایف جے ایف وہٹنگٹن (F.J.F.Whittington) جولائی 1946ء تا جنوری 1948ء میجر میاں خان جنوری 1948ء تا مارچ 1948ء لیفٹیننٹ کرنل عزیز الرحمن مارچ 1948ء تا جون 1948ء' لیفٹیننٹ کرنل نثار احمد قریشی ان کے بعد 1/15 پنجاب رجمنٹ کے کمانڈار رہے۔

106. لیفٹیننٹ کرنل سی ۔ اے ۔ ایل ۔ ڈیوس (C.A.L.Davis) جون 1946ء تا جون 1948ء اور پھر لیفٹیننٹ کرنل سردار خان 2/15 پنجاب رجمنٹ کے کمانڈار رہے۔

107. لیفٹیننٹ کرنل سی ۔ آئی ۔ الیگزنڈر (C.I.Alexender) اگست 1947ء تا دسمبر 1947ء' لیفٹیننٹ کرنل ایس ۔ اے ۔ زمان دسمبر 1947ء تا جنوری 1948ء' لیفٹیننٹ کرنل ملک حق نواز جنوری 1948ء تا نومبر 1948ء' لیفٹیننٹ کرنل خسرو الملک ان کے بعد 3/15 پنجاب کے کمانڈار رہے۔

108. لیفٹیننٹ کرنل ٹی جے ہچنسن (T.J.Hutchinson) 1945ء تا 1947ء لیفٹیننٹ کرنل جے ڈبلیو براؤن (J.W.Brown) 1947ء میں اور لیفٹیننٹ کرنل ایچ ڈی ہیری سن (H.D.Harrison) 1947-48ء میں اور ان کے بعد کرنل شیر محمد 4/15 پنجاب رجمنٹ کے کمانڈار رہے۔

109. لیفٹیننٹ کرنل پی ڈوگل (P.Dougall) اگست 1945ء تا اگست 1947ء' لیفٹیننٹ کرنل راجہ غلام محمد اگست 1947ء تا فروری 1949ء اور پھر لیفٹیننٹ کرنل قربان علی خان 1/16 پنجاب رجمنٹ کے کمانڈار رہے۔

110. لیفٹیننٹ کرنل این جے جونز (N.J.Jones) مئی 1946ء تا دسمبر 1947ء میجر ایچ یو قریشی جنوری 1948ء تا فروری 1948ء لیفٹیننٹ کرنل اے کے اکبر فروری 1948ء تا

نومبر 1948ء پھر لیفٹیننٹ کرنل ایچ یو قریشی 2/16 پنجاب رجمنٹ کے کمانڈار رہے۔

111. لیفٹیننٹ کرنل آر سی رابنسن (R.C.Robinson) جنوری 1946ء تا دسمبر 1947ء لیفٹیننٹ کرنل رشید احمد خان دسمبر 1947ء تا دسمبر 1949ء 3/16 پنجاب رجمنٹ کے کمانڈار رہے۔

112. لیفٹیننٹ کرنل ایم کے میکلوڈ (M.K.Mcleod) اپریل 1947ء تا اگست 1947ء لیفٹیننٹ کرنل نوشیروان ستمبر 1947ء تا جنوری 1949ء اور پھر لیفٹیننٹ کرنل اکبر خان' 4/16 پنجاب رجمنٹ کے کمانڈار رہے۔

113. لیفٹیننٹ کرنل محمد اسحاق جنوری 1947ء تا نومبر 1947ء لیفٹیننٹ کرنل اے کے اکبر نومبر 1947ء تا جنوری 1948 پھر لیفٹیننٹ کرنل ظریف خان 7/16 پنجاب رجمنٹ کے کمانڈار رہے۔

بہاولپور رجمنٹ

1 لیفٹیننٹ کرنل این ایل کالسے (N.L.Kalsey) جون 46 تا جولائی 1947ء لیفٹیننٹ کرنل کے اے شیخ جولائی 1947ء تا دسمبر 1949ء۔

2 لیفٹیننٹ کرنل لطیف یکم جولائی 1948ء کو 4 بہاولپور بٹالین کے کمانڈار تعینات ہوئے۔

سٹاف کالج کوئٹہ

جنوری 1940ء تا دسمبر 1946ء تک 310 انڈین افسروں نے گریجویشن کی جن میں 192 غیر مسلم شامل تھے۔ ستمبر 1947ء میں تمام غیر مسلم بھارت چلے گئے اور کالج بند ہو گیا۔ صرف ایک مسلم انسٹرکٹر لیفٹیننٹ کرنل آغا محمد یحییٰ خان تھے۔

میجر جنرل ایچ ایل ڈیویز (H.L.Davies) اس کے کمانڈنٹ تھے جنکی جگہ 2 فروری 1948ء کو آئی سی اے لاڈر (I.C.A.Lauder) تعینات کیے گئے۔ جس کے بعد سات برٹش افسر بحیثیت انسٹرکٹر آ گئے۔ مسلمان انسٹرکٹرز میں لیفٹیننٹ کرنل یحییٰ خان' لیفٹیننٹ کرنل اختر ملک اور لیفٹیننٹ کرنل گل مواز شامل تھے۔

سکول آف ملٹری انٹیلی جنس

کیپٹن اختر عالم اگست 1947ء تا دسمبر 1947ء' میجر ظہور الدین دسمبر 1947ء تا مئی 1948ء' میجر احسن محمد خان مئی 1948ء میں یہاں تعینات اور کمانڈار رہے۔

CQB سکول

کرنل ایچ گرانٹ ٹیلر (H Grant Taylor) اکتوبر 1948ء تا اگست 1950ء تک' لیفٹیننٹ کرنل کول کیو ہون (Colquhoun) ان کے بعد کمانڈار رہے۔

سکول آف ملٹری انجینئرنگ

لیفٹیننٹ کرنل ایس سی ایس ڈیوس (S.C.S.Davis) اپریل 1948ء تا دسمبر 1948ء تک اور لیفٹیننٹ کرنل ایچ ایل لائڈ (H.L.Lloyd) جنوری 1949ء میں تعینات کیے گئے۔

سکول آف سگنل

لیفٹیننٹ کرنل جے ایم ایس ٹلوچ (J.M.S.Tulloch) دسمبر 1947ء تا ستمبر 1948ء لیفٹیننٹ کرنل سی ڈبلیو ایم ینگ (C.W.M.Young) اکتوبر 1948ء میں کمانڈار تعینات کیے گئے۔

آرمی سروس کارپس سکول (CorpsSchool)

لیفٹیننٹ کرنل مختار شاہ جنوری 1948ء تا اپریل 1948ء' لیفٹیننٹ کرنل بی - ایل - سٹینڈلے (B.L.Standley) اپریل 1948ء میں کمانڈار تعینات کیے گئے۔

آرڈیننس سکول اینڈ سنٹر

لیفٹیننٹ کرنل ایم اے رحیم' کرنل جی مرفی (G.Murphy) اور کرنل ایل ایچ کرمبلی 1947ء سے 1949ء کے درمیانی عرصے میں کمانڈار رہے۔

آرمی Equitation سکول

لیفٹیننٹ کرنل گوربچن سنگھ اگست 1947ء تا ستمبر 1947ء' لیفٹیننٹ کرنل پی لیچ (P.Lecch) ستمبر 1947ء تا مارچ 1948ء تا لیفٹیننٹ کرنل آر - این - لوٹ (R.N.Lovett) اپریل 1948ء تا اپریل 1950ء اس کے کمانڈار رہے۔

آرمی سکول آف فزیکل ٹریننگ

میجر ڈبلیو گورڈن (W.Gordon) اکتوبر 1947ء تا اکتوبر 1950ء ان کے بعد میجر ایم امین اے کے کمانڈار رہے۔

کراپس (Crops) آف ملٹری پولیس سکول اینڈ سنٹر

لیفٹیننٹ کرنل گرانٹ ٹیلر فروری 1949ء تا اگست 1949ء ان کے بعد میجر شیر محمد اس کے کمانڈار رہے۔

